Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مومنین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

یا عباس

۷۸۶
۹۲_۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

DvD Version

NOT FOR COMMERCIAL

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سید الساجدینؑ

علامہ سید رضی جعفر نقوی

سید الساجدینؑ علامہ سید رضی جعفر نقوی

عصمہ پبلیکیشنز کی فہرست کتب

مؤلف علامۃ السید ذیشان حیدر جوادی طاب ثراہ

قرآن مجید (ترجمہ و تفسیر)	350/-
مطالعہ قرآن	200/-
نہج البلاغہ	250/-
مفاتیح الجنان (مترجم)	300/-
نقوشِ عصمت (چودہ ستارے)	150/-
قمر بنی ہاشم	150/-
امام جعفر صادق	130/-
ذکر و فکر	زیر طبع
اصول و فروع	زیر طبع
ابو طالبؑ مومن قریش	150/-
نص و اجتہاد	زیر طبع
فدک تاریخ کی روشنی میں	50/-
مجھے راستہ مل گیا	50/-
خاندان و انسان	زیر طبع
کربلا	40/-

ذیشان مجالس

محفل و مجالس	150/-
کربلا شناسی	100/-
خلق عظیم	100/-
رسالت آلہیہ	100/-
عرفان رسالت	50/-
اسلام دین عقیدہ و عمل	50/-
عقیدہ و جہاد	50/-

علامہ سید رضی جعفر نقوی

خطبات جناب فاطمہؑ	50/-
امام حسن ابن علیؑ سوانح حیات	50/-
امام حسین ابن علیؑ سوانح حیات	50/-
مولائی کیلنڈر 2003ء عیسوی ۱۴۲۳-۲۴ ہجری	20/-

مؤلف الحاج سید محمد ایوب نقوی مصطفیٰ آبادی

علیؑ مولا	دوسرا ایڈیشن	200/-
زینب بنت علیؑ	چھٹا ایڈیشن	90/-
علمدار کربلا	چھٹا ایڈیشن	90/-
سکینہ سکینہ ہے	پانچواں ایڈیشن	50/-
کربلا کا ننھا شہید	تیسرا ایڈیشن	50/-
مختار نامہ	تیسرا ایڈیشن	150/-
اسلام کی نامور خواتین کی سوانح حیات	تیسرا ایڈیشن	100/-
ہمارا آخری امامؑ	تیسرا ایڈیشن	100/-
تاریخ کربلا	تیسرا ایڈیشن	100/-
جنگِ جمل	تیسرا ایڈیشن	100/-
بنی ہاشم کے بچے کربلا میں	پہلا ایڈیشن	60/-
سیرت معصومین	زیر طبع	
معراج الزائرین	زیر طبع	

تحقیق و پیشکش پروفیسر سید سبط جعفر زیدی

انتخاب لبستہ جلد اوّل	پہلا ایڈیشن	150/-
انتخاب لبستہ جلد دوم	پہلا ایڈیشن	200/-

مصنف پروفیسر ڈاکٹر سید منظر حسین کاظمی

مقامات مقدسہ	چھٹا ایڈیشن	90/-
سرچشمہ صحت	دوسرا ایڈیشن	300/-
واجد علی شاہ انکی شاعری اور مرثیے	دوسرا ایڈیشن	200/-

تحقیق و پیشکش محترمہ عالیہ ایوب

علیؑ مولا کے معجزات و اقوال	دوسرا ایڈیشن	100/-
مولا عباسؑ علمبردار کے معجزات	دوسرا ایڈیشن	100/-
احادیث رسول اللہؐ	پہلا ایڈیشن	50/-
مولا علیؑ کے اقوال	پہلا ایڈیشن	50/-

معلمہ ذاکری خانم عذرا حسن

مستحب نمازیں	پہلا ایڈیشن	150/-

عصمہ پبلیکیشنز پی-او باکس نمبر- 18168 کراچی 74700 پاکستان Phone: 6625618

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سید الساجدین

محقق اسلام و اسلامیات
علامہ سید رضی جعفر نقوی مدظلہ العالی

عصمہ پبلیکیشنز
پی۔او بکس نمبر 181[illegible] کراچی 74[illegible] پاکستان

اپنے بچوں کیلئے Scan کیا
طالب دعاء
سید نذر عباس

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : سید الساجدین
مصنف : [illegible]
[illegible] : حجر ... کراچی
تعداد : 500
تاریخ اشاعت : پہلی اشاعت
طباعت : قریشی آرٹ پریس ناظم آباد کراچی
ہدیہ : 60 روپیہ
مشیر قانون : پروفیسر سید جعفری زیدی ایڈووکیٹ
جناب حجر رضوی ایڈووکیٹ (ہائی کورٹ)
سرورق (تکمیل و تزئین) : سید ... کراچی

[redacted]

حسن علی بک ڈپو کھارادر کراچی — افکار بک ڈپو اسلامیہ کالج لاہور
محمد علی بک ڈپو برنس روڈ کراچی — مکتبۃ الرضا ۔ ... میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
اسلامک بک ایجنسی ڈی سینٹر برنس روڈ کراچی — کریم ... سنٹر اردو بازار لاہور
جمیل تبرکات سینٹر برنس روڈ کراچی — منہاج الصالحین غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
احمد تبرکات سینٹر انچولی کراچی — مکتبۂ حسین ... ملتان
رحمت اللہ بک ایجنسی ۔ کھارادر کراچی — محمد علی بک ڈپو G-6/2 کراچی کمپنی اسلام آباد
محمود بک ایجنسی ۔ مارٹن روڈ کراچی — سید محمد حسین کاظمی جی 6/2 اسلام آباد
خراسان بک سنٹر برنس روڈ کراچی — سویٹ ... لائبریری اینڈ ایجنسی ... پاکستان
... بک ڈپو ۔ رضویہ سوسائٹی کراچی — عباس بک ایجنسی رستم نگر لکھنؤ
مکتبہ ... مرکز تبرکات و تحائف رضویہ سوسائٹی کراچی

فہرست مضامین

امام شافعی ـــ آستانۂ اہلبیت پر	صفحہ نمبر ۴
افتتاحیہ ـــ (خطبہ)	۵
تقاضۂ حقیقت ـــ حرف شناس	۸
حرف حق	۱۰
مدینۂ حکمت ـــ اہلبیتؑ کی عظمت کے بارے میں ... کی گواہی	۱۲
حرف سپاس ـــ ...	۱۴
گفتار مقدم (از: مؤلف)	۱۶
خاندانی فضل و شرف	۲۲
والد ماجد	۲۸
مادر گرامی	۳۰
ولادت باسعادت	۳۸
حسن جمال	۴۰
اسم گرامی و القاب	۴۳
حیات طیبہ کا اجمالی خاکہ	۴۹
آپ کی عظمت و جلالت کا اعتراف	۹۱
منصب امامت کے بارے میں علماء اسلام کی گواہی	۷۰
معجزات و کرامات	۱۰۱
امام بیہقی کی شان میں فرزدق کا قصیدہ	۱۱۹
آپ کی سیرت کے نقوش	۱۳۰
عبادت	۱۵۱
دعا ... آپ کا ...	۱۶۰
آپ کا جود و کرم	۱۶۹
شہادت	۱۸۷
اولاد امجاد	۱۹۱
آپ کے ... ارشادات	۱۹۳
صحیفۂ سجادیہ	۲۰۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام شافعی آستانۂ اہلبیت پر

یا اھل بیت رسول اللہ حبکم
فرض من اللہ فی القرآن انزلہ
کفاکم من عظیم القدر انکم
من لم یصل علیکم لا صلاۃ لہ

(اے پیغمبر اکرم کے اہلبیتؑ! ———
آپ کی محبت تمام عالم کے لئے فرض ہے
جسے اللہ نے قرآن مجید میں نازل کیا ہے
اور آپ کی جلالت قدر کے لئے یہی کافی ہے کہ
جو آپ پر درود نہیں بھیجتا اس کی نماز نہیں ہوتی

الحمد لله فاطر السماوات، خالق النور والظلمات،
عالم السر والخفيات، منزل الآيات والدلالات، موضح
الادلة والبينات، مسبغ النعم والبركات، مفيض الرحمة
والخيرات، رافع الابرار في الدرجات، خافض الفجار
في الدركات، مجيب المضطر في الكربات، سامع الاصوات
في الخلوات، هادي الحيران في الفلوات، منير السماوات
الزاهرات، مزين الارض بالجابيات، مرسل الرياح
الذاريات، مجري الفلك في البحار الزاخرات، مزجي السحاب
الماطرات، مرسي الجبال الراسيات، باعث الرسل
بالبشارات، قاضي الحاجات، كافي المهمات، قابل
الطاعات، المنان على عباده برفع الدرجات بقوله تعالى:
"وهو الذي جعلكم خلائف الارض
ورفع بعضكم فوق بعض درجات"
صدق الله العلي العظيم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

شروع اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے [illegible] کو پیدا کرنے والا۔
روشنی و تاریکی کو ایجاد کرنے والا
(اسرار اور مخفی باتوں کو (بھی) جاننے والا
آیات و دلائل کو نازل کرنے والا۔
دلیلوں اور براہین کو واضح کرنے والا۔
نعمتوں اور برکتوں کی فراوانی کرنے والا
رحمتوں اور جنت کی ارزانی فرمانے والا۔
نیکوکاروں کے درجات کو بلند کرنے والا۔
بدکاروں کو واصل جہنم کرنے والا
پریشان حال انسانوں کی فریاد قبول کرنے والا۔
خلوتوں کی بھی تمام باتوں کو سننے والا۔
بیابانوں میں بھٹکے ہوؤں کی رہنمائی کرنے والا۔
چکر لگاتے ہوئے افلاک کو ثبات عطا کرنے والا۔
بہنے والے (دریاؤں اور سمندروں) کے ذریعے سے زمین کو زینت دینے والا۔
ہواؤں کو چلانے والا
طوفانوں کے تھپیڑوں میں کشتیوں کو چلانے والا۔
بوجھل بادلوں کو ایک دوسرے سے ملانے والا۔
وہ پہاڑ جن کی بلندیاں [illegible] انہیں مسخر کرنے والا۔

پیغمبروں کو بشارتوں کے ساتھ بھیجنے والا۔
(مخلوقات) کی حاجتیں پوری کرنے والا۔
التماسوں کو قبول کرنے والا۔
اپنے بندوں کے درجات بلند کر کے ان پر احسان کرنے والا۔
جیسا کہ ارشاد قدرت ہے:

وھو الذی جعلکم خلائف الارض ورفع بعضکم فوق بعض درجات لیبلوکم

(اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں جانشین بنایا۔
اور تم میں سے بعض کو بعض پر درجات میں فوقیت عطا کی۔
تاکہ تم لوگوں کا امتحان لے) ——— (سورہ انعام آیت ۱۶۵)

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نذرانۂ عقیدت

یا بنی طٰہٰ ونون والقلم
حبکم فرض علی کل الامم
من یدانیکم ولولاکم لما
خلق اللوح ولا اجری القلم
انتم اکرم من عند الوری
انتم اعلم ما شئ بقدم
انتم للدین اعلام اذا
غاب منکم علم لاح علم
فرض اللہ الیکم امرہ
فحکمتم حسب ما شاء حکم
وبکم تفخر املاک العلی
اولستم اشرف عبید وخدم!

(۱) اے طٰہٰ کی اولاد ——
اے "ن" —— والقلم کے شہزادو ——
آپ لوگوں کی محبت، تمام امتوں پر فرض ہے ——
کون —— آپ لوگوں سے ہمسری (کا دعویٰ) کرسکتا ہے؟
جبکہ —— اگر آپ حضرات نہ ہوتے ——
تو نہ "لوح" پیدا ہوتی —— اور نہ ——
قلم (قسمت) حرکت میں آتا۔

اگر کائنات (کی اشیاء) کو شمار کیا جائے —— تو آپ حضرات ہی
سب سے زیادہ معزز ہیں۔
اور جن لوگوں نے بھی زمین پر قدم رکھا —— ان میں
سب سے زیادہ، صاحبانِ علم آپ ہی ہیں ——
آپ حضرات دین کے نشانات ہیں ——
اگر کوئی پرچم سامنے سے ہٹ بھی جائے —— تو ——
اس کی جگہ دوسرا پرچم نمایاں ہو جاتا ہے۔
خداوندِ عالم نے آپ حضرات کو اپنے امر کا مرکز قرار دیا ہے
لہٰذا —— جو حکم بھی آپ حضرات دیں گے ——
وہ درحقیقت (خداوندِ عالم ہی کا) حکم ہوگا۔
بلندیوں کے مالک —— آپ ہی لوگوں پر فخر کرتے ہیں۔
(ہم)، غلام اور خدمت گذار سب آپ پر فدا ہیں)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرف حق

احبکم یا بنی الزہراء محتسبا
وحب غیری حب غیر محتسب
لا حاجۃ لی الی الخلق ولا ارب
الا الیکم وحسبی ذاک من ارب
ما طالب لی سوی مولای الا حبکم
یا طیبون وطہروا ذلک لم یطب
انتم بنو المصطفیٰ والمرتضیٰ نجب
من کل منتجب سمی بمنتجب
انتم بنو شاہد النجوی من الغیب
انتم بنو صاحب الآیات والعجب
انتم بنو خیر من یمشی علی قدم
بعد النبی مقال الحق لا کذب

(اے سادات) زہرا میں آپ سے پُرخلوص محبت رکھتا ہوں۔
جبکہ میرے علاوہ دوسرے لوگوں کی محبت ایسی نہیں ہے
مجھے مخلوقات میں کسی سے کوئی حاجت نہیں ہے
سوائے آپ لوگوں کے ..... اور یہی کافی ہے۔
میری پیدائش ہی میں آپ حضرات کی محبت کے سبب پاک قرار پائی
اگر آپ نہ ہوتے، تو ہمیں پاکیزگی نہ ملتی

آپ حضرات، جناب محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اولاد ہیں۔
اور جناب علی مرتضیٰ کی ہیں۔
ہر وہ شخص جسے نجیب و پرہیزگار قرار دیا جاسکے
آپ ان سب سے زیادہ نجیب ہیں۔
آپ حضرات اس پیغمبر اکرمؐ کی اولاد ہیں جو
غیب کے اسرار کا مشاہدہ کرنے والے تھے
آپ حضرات صاحب معجزات اور عجائب و غرائب پر
قدرت رکھنے والی شخصیت کی اولاد ہیں
آپ اس مولائے کائناتؑ کی اولاد ہیں
جو پیغمبر اکرمؐ کے بعد زمین پر قدم رکھنے والے تمام
حضرات سے افضل ہیں
اور یہ ایسی سچی بات ہے جس میں جھوٹ کا آمیزہ تک نہیں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مستدرک حرف

نشر دوح رسول اللہ اصل غصونہا
وایکتہا طوبیٰ وللغرس غارس
علیہم لاجلال النبوۃ ہیبۃ
یشار الیہم بالرؤس نواکس
وقد توجوا بالحلم واستشعروا الہدی
بہم تحسن الدنیا وتزہو المجالس
فاحمد فیہم والرسول وبنتہ
کرام لہم تکرمون الفوارس
نجوم واعلام اذا غاب افضل
اذا غاب نجم فاشرق وامس
ینابیع علم یستفیض بحکمۃ
ہداۃ اذا ما جادلتہم قوابس

و

خاندانِ رسالت کی ٹہنیاں بنیادی طور سے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شاخیں ہیں۔
طوبیٰ سے ان کا رشتہ استوار ہے۔
ان پر عظمت و جلالتِ نبوت کی ہیبت ہے۔
جب سب لوگوں کے سر جھکے ہوئے ہوں (تب بھی عظمت و کرامت
کے ذکر میں) ان کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔

ان کے سروں پر حلم کا تاج ہے
ہدایت کا انھیں خزینہ دار بنایا گیا ہے
ان ہی کے ذریعے سے دنیا میں حسن و خوبی ہے،
اور ان ہی کے ذریعہ مجالس بارونق ہیں۔
احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کے
وصی (برحق امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ) اور پیغمبر اکرم کے نواسے
(حسن و حسینؑ بھی (اسی خاندان) میں ہیں۔
یہ سب انتہائی مہذب اشخاص ہیں
زندگی اور عنایت ان کے دامن سے وابستہ ہے
یہ (آسمانِ جلالت کے درخشندہ) ستارے ہیں۔
اور نشانہائے ہدایت یہی ہیں
اگر ایک ان میں سے غروب بھی ہو جائے تو دوسرا ستارہ
اس کی جگہ چمکنے لگتا ہے اور اندھیروں کو ختم کر کے ہر طرف روشنی پھیلا دیتا ہے۔
یہ علم کے سرچشمے ہیں
جن سے حکمت (و دانائی) کے سوتے نکالے جاتے ہیں
یہ ہادیان (برحق اس وقت بھی رہنما ثابت ہوتے ہیں)
جب علم کے لئے کوئی (طلب گار) بن کر آئے۔

و

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گفتارِ مقدم

امامِ چہارم سید الساجدین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام جو کثرتِ سجود کی بنا پر سید الساجدین اور ذوالثفنات نیز عبادت کے لحاظ سے زین العابدین کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔

اور جیسا کہ روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ روزِ محشر میں جب قدرت کا ایک منادی؛

"اَیْنَ زَیْنُ الْعَابِدِیْن"

کی آواز بلند کرے گا تو تمام بندگانِ خدا دیکھیں گے کہ امام چہارم علی بن الحسین زین العابدین علیہ السلام آن و وقار کے ساتھ چلتے ہوئے آگے بڑھیں گے۔

آپ اور آپ کے اہلِ خاندان کے بارے میں کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ:

هُمْ خَيْرُ مَنْ يَمْشِي عَلَى قَدَمٍ
بَعْدَ النَّبِيِّ مَقَالُ الْحَقِّ لَا كَذِبُ

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد روئے زمین پر چلنے والوں میں سب سے بہتر یہی آپ اور آپ کی اولاد ہیں۔

یہ بات بالکل سچی اور حق ہے جس میں جھوٹ کا شائبہ بھی نہیں ہے۔

اور دوسرے مقام پر ایک اور شاعر نے آپ حضرات کے منصبِ ہدایت کی طرف توجہ دلاتے ہوئے سچ کہا ہے کہ:

يَنَابِيعُ عِلْمٍ يَسْتَفِيضُ بِحِكْمَةٍ   هُدَاةٌ إِذَا مَا لَجَّ بِالْعِلْمِ تَائِهُ

ظلم کے سامنے جھکنے کی بجائے حکمت و دانائی سے جس طرح کام لیا [illegible]
اور [illegible] استقامت [illegible] صبر کیلئے [illegible] روشنی حاصل کرتے آئے۔

مولائے کائنات کے دورِ حکومت میں آپ دنیا پر تشریف لائے۔
صرف دو سال کی عمر تھی جب امیر المومنین علیہ السلام درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔
جب بارہ سال کی عمر ہوئی تو حضرت امام حسن مجتبیٰ شہید کر دیئے گئے۔
اور جب آپ کی عمر ۲۳ سال تھی تو کربلا کا عظیم اور المناک سانحہ پیش آیا جس کے بارے میں شاعر نے یہ خوب کہا ہے کہ:

عاشور کو کربلا میں گھر زہراؑ کا
ایسا اُجڑا کہ پھر نہ آباد ہوا

جس کے بعد آپ کو قیدی بنا کر کوفہ و شام لے جایا گیا پھر جب قید سے رہائی ملی تو مدینہ تشریف لائے۔
اپنے پدر بزرگوار کی شہادت کے بعد تقریباً ۳۴ برس دنیا میں زندگی گزاری لیکن جب بھی کوئی آپ سے ملنے آیا اس نے آپ کو گریہ و بکا میں مصروف پایا۔

۶۱ ہجری سے ۹۵ ہجری تک کا زمانہ تاریخِ انسانی کا وہ تاریک دور ہے جس میں بنی امیہ کی بادشاہت نے ہر مسلمان کا سر شرم سے جھکا دیا۔
یزید، مروان، عبدالملک بن مروان، اور ہشام بن عبدالملک جیسے ظالم و جابر حکمرانوں نے اہلبیتِ کرام کے چاہنے والوں پر عرصۂ حیات تنگ کر رکھا تھا ہر طرف جبر و استبداد کی حکمرانی تھی۔
کسی شخص کو اہلبیتؑ کے ناموں پر نام رکھنے کی بھی اجازت نہیں تھی، تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان خاصانِ خدا کی بارگاہوں میں دیگر افراد سے حاضر ہو کر رشد و ہدایت حاصل کرنے کی اجازت کب مل سکتی تھی — لیکن پھر بھی امام علیہ السلام نے بندگانِ خدا کی ہدایت و رہنمائی کا سلسلہ اس انداز سے جاری فرمایا کہ اپنی دعاؤں میں طریقۂ بندگی سکھایا اور سلیقۂ زندگی بھی۔

چنانچہ صحیفۂ سجادیہ کی دعاؤں پر غور کیا جائے تو ان میں علم و معرفت، دانش و حکمت، تہذیبِ نفس، تدبیرِ منزل، حقوقِ بشر، عبد و معبود کے درمیان رابطہ... غرض تمام موضوعات پر ایسے ایسے جواہر ملتے ہیں جو اپنے طلب گار کی قسمت اور بشر کی تقدیر تبدیل کرنے کا سامان رکھتے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب میں امام علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ پر ایک مختصر اجمالی نظر ڈالنے کے ساتھ آپ کے خاندانی فضائل و شرف، ولادت کی خصوصیت، مادرِ گرامی کی نجابت، آپ کے حسنِ اخلاق، حسنِ عمل، حسنِ رفتار و گفتار، صفات و عادات، عبادت، سخاوت، معجزات، کرامات، دربارِ یزید میں آپ کے خطبے، خانۂ خدا میں بندگانِ خدا کے سامنے آپ کی عظمت و جلالت کا اعتراف، آپ کے منصبِ امامت کے بارے میں حجرِ اسود کی گواہی اور حجرِ اسود کے سامنے اطمینانِ قلب جیسے موضوعات پر مستند کتابی حوالوں کے ساتھ لکھا گیا ہے۔

مکتب دو جہاں محترم جناب سید ... نقوی صاحب کی توجہات میں شامل ہیں جنہوں نے اپنے مرحوم والدین کے ایصالِ ثواب کیلئے اس کتاب کی اشاعت کا اہتمام فرمایا ہے۔

احقر

رضی جعفر نقوی

امامِ چہارم

حضرت زین العابدین

علیہ السلام

کی

حیاتِ طیبہ

اوصاف، فضائل، مناقب،

معجزات، کرامات

اور

طرزِ زندگی و بندگی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ سپاس

تمام تعریفیں خدائے بزرگ و برتر کے لئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ بہترین درود و سلام، کائنات کی سب سے بلند مرتبہ ہستی، خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ——— اور اُن کے اہلبیت طاہرین علیہم السلام پر جو باعثِ تخلیقِ کائنات بھی ہیں اور کشتیٔ نجات بھی۔

جو ان کے دامن سے وابستہ رہا وہ نجات پائے گا، اور جو اُن سے منحرف ہوگا وہ ہلاکتِ ابدی سے دوچار ہوگا۔

ماں باپ کو پروردگارِ عالم نے جو مرتبہ عطا کیا ہے وہ اس قدر بلند ہے اور نگاہِ قدرت میں اُن کی عظمت و جلالت اس قدر اہمیت کی حامل ہے کہ خالقِ کائنات نے اپنی مقدس کتاب قرآن مجید میں متعدد مقامات پر اپنی عبادت کے بعد ماں باپ کے ساتھ حُسنِ سلوک کا تذکرہ براہِ راست فرمایا ہے۔

چنانچہ سورۂ مبارکہ "البقرہ" میں ارشاد ہوا:

"اور جب ہم نے اولادِ یعقوبؑ سے عہد و پیمان لیا کہ تم لوگ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو گے اور ماں باپ کے ساتھ حُسنِ سلوک کرو گے" (سورہ البقرہ آیت ۸۳)

اور سورۂ مبارکہ "انعام" میں ارشاد ہوا:

(خداوندِ عالم کا حکم ہے کہ) اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ قرار دینا اور ماں باپ کے ساتھ حُسنِ سلوک کرنا۔

اور سورۂ مبارکہ بنی اسرائیل میں تو اسے ایک اٹل فیصلہ قرار دیا چنانچہ ارشاد ہوا:

"اور تمہارے پروردگار نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اُس کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ کے ساتھ حُسنِ سلوک کرتے رہنا) اور پھر اس حُسنِ سلوک کی چند مثالیں بھی اسی آیت میں بیان کر دی گئیں، جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

(اگر تمہاری موجودگی میں اُن دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہونچ جائیں تو اُن کی (کسی بات پر) اُف نہ کہنا، نہ ان سے سخت لہجے میں بات کرنا (بلکہ) ان کے ساتھ شائستہ گفتگو کرنا۔ اُن کے سامنے اپنے بازوئے (اطاعت و) تواضع کو جھکائے رکھنا اور دعا کرتے رہنا کہ،

"پالنے والے ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ میرے بچپن میں انہوں نے میری پرورش کی)

(بنی اسرائیل، آیت ۲۳، ۲۴)

جس کے ذیل میں مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ:

اس آیت میں خداوندِ عالم نے اپنی عبادت کے بعد دوسرے نمبر پر والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کا حکم دیا ہے جس سے والدین کی اطاعت، ان کی خدمت، اور ان کے ادب و احترام کی اہمیت واضح ہے۔

گویا ربوبیتِ الٰہی کے تقاضوں کے ساتھ "اطاعتِ والدین" کے تقاضوں کی ادائیگی ضروری ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

احادیث میں بھی اس کی اہمیت اور تاکید کو خوب واضح کیا گیا ہے
پھر بڑھاپے میں بطورِ خاص، اُن کا خیال کرنے کا حکم دیا گیا ہے
کیونکہ یہ وہ دور ہوتا ہے جب اُن کے قویٰ مضمحل ہو چکے ہوتے ہیں،
اور کمزوری کے سبب کاروبارِ حیات کی متعدد مصروفیات میں حصّہ لینا
ان کے لئے دشوار ہو جاتا ہے۔

٭

وہ اولاد بڑی خوش نصیب ہوتی ہے جسے اپنے ماں باپ کی خدمت کا موقع ملے،
کیونکہ اولاد کے پاس جو کچھ بھی موجود ہوتا ہے اس میں یقیناً والدین کی محنت
اور پھر دعاؤں کا بہت حصّہ ہے۔
انسان چاہے زندگی کے کسی حصّے میں ہو، اور اس کی عمر کا کوئی دور گزر رہا
ہو، وہ والدین سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔
لیکن یہ عجیب سی بات بھی اپنی جگہ اٹل حقیقت ہے کہ،
جب [illegible] ہے کون ہے

٭

میں اور میرے بھائی بہن بھی چند سال قبل اپنے ماں باپ کے سایۂ شفقت سے
محروم ہو گئے۔ اب وہ دونوں اس جہانِ فانی سے جدا ہو کر عالمِ جاودانی
میں پہنچ چکے ہیں۔
مالکِ دوجہاں بہ تصدّقِ پنجتن و معصومین علیہم السلام انہیں جنت الفردوس
کی بہترین نعمتوں سے سرفراز فرمائے، اُن کی قبروں پر اپنی رحمت نازل فرمائے اور
روزِ قیامت حضرت محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام کی شفاعت نصیب فرمائے۔
اُن کی برسی کے موقع پر یہ کتاب حضرت محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام کی بارگاہ میں

ہدیہ کرتے ہوئے آرزو مند ہوں کہ مالکِ دوجہاں، حضرت محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام
کے طفیل، اس کا اجر و ثواب میرے والدین کی ارواح کو عطا کرے۔
میں حجۃ الاسلام علامہ سید رضی جعفر نقوی صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں
نے عالمِ اسلام کے قیمتی ذخیرے سے امام چہارم حضرت زین العابدینؑ کی
زندگی کے بارے میں گراں بہا جواہر کو عام فہم زبان میں پیش کیا، جس سے صاحبانِ ایمان
فیض حاصل کر کے اور امامؑ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کر کے سعادتِ دارین حاصل کر سکتے ہیں۔
بڑی ناسپاسی ہو گی اگر میں اپنے چند احباب کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی ذاتی دلچسپی،
مشاورت اور قدم قدم پر رہنمائی زیرِ نظر کتاب کو اس کی موجودہ شکل تک لانے میں مجھے
حاصل رہی اور یہ کتاب مختلف مراحل سے گزر کر بروقت آپ تک پہنچ سکی۔ ان حضرات میں
سید امتیاز رضا زیدی ([illegible] گرافکس)، سید ثقلین رضا (العصر پبلشرز)، سید امتیاز عباس
(العصر پبلشرز) اور جناب سید [illegible] نقوی صاحب شامل ہیں۔ میں ان تمام احباب کا
دل کی گہرائیوں سے مشکور و ممنون ہوں اور بارگاہِ ربّ العزت میں ان کی صحت، درازیٔ عمر،
ترقی و کامرانی اور خوشحالی کے لئے دعا گو ہوں۔ پروردگار ان حضرات کو اپنے حفظ و
امان میں رکھے۔ آمین
آخر میں تمام مومنین و مومنات سے التماس ہے کہ میرے والدین،
سید [illegible] علی نقوی ابنِ سید [illegible] نقوی اور سیدہ حسن بانو ([illegible]) بنتِ سید
اختر حسین [illegible] اور جملہ مومنین و مومنات اور شہدائے حق کے لئے
سورۂ فاتحہ پڑھ کر شکر گزار فرمائیں۔

والسلام
احقر العباد
سید جاوید نقوی
([illegible])

Presented by: Rana Jabir Abbas
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خاندانی فضل و شرف

چونکہ خداوندِ عالم نے جس طرح سے انبیائے کرام میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

(ان پیغمبروں (میں سے) ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے)

(سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۳)

اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اشرف الانبیاء والمرسلین ہیں، اُن کے ذکر کو قیامت تک کے لئے بلندی عطا کی ہے۔

چنانچہ ارشادِ قدرت ہے:

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

(اور ہم نے آپ کے ذکر کو بلندی عطا کی)

(سورۃ الم نشرح آیت ۴)

اسی طرح آپ کے خاندان کو پوری کائنات میں فضل و شرف کے اعتبار سے سب سے بلند اور ممتاز قرار دیا ہے۔

چنانچہ آنحضرتؐ کا مشہور ارشادِ گرامی ہے کہ:

"خداوندِ عالم نے تمام مخلوقات میں سے قریش کو، قریش میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھے (اور میری عترت) کو

منتخب کیا ہے"

(نقل بالمعنی)

نیز آپ کا یہ فرمانِ گرامی بھی عالمِ اسلام کی معتبر کتابوں میں موجود ہے کہ:—

"ثُمَّ اَزَلْ اَتَقَلَّبُ مِنَ الْاَصْلَابِ الطَّاهِرَةِ اِلَى الْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ ——"

(میں ہمیشہ طیب و طاہر اصلاب سے گزرتا ہوا پاک و پاکیزہ ارحام میں پہنچا) ———— (نقل بالمعنی)

اور قرآن مجید کی آیت:

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا

(خداوندِ عالم نے کلمۂ طیبہ کی مثال پیش کی ہے، جیسے شجرۂ طیبہ جس کی جڑ (زمین میں) ثابت ہے اور اس کی شاخ آسمان میں ہے، وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر آن پھل دیتا ہے)

(سورۂ ابراہیم آیت ۲۴)

کی تفسیر میں، حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ روایت بھی نقل کی گئی ہے کہ:

"اس درخت کی جڑ میں ہوں، علیؑ اس کا تنہ، ان کی اولاد

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں سے) ائمہ (طاہرین) اس کی شاخیں ہیں)

٥

اور سورۂ مبارکہ "المومنون" میں ارشادِ قدرت ہے:

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ ...

(پھر جس وقت صور پھونکا جائے گا تو لوگوں کے درمیان قرابت داریاں (باقی) نہیں رہیں گی) (سورہ ۲۳ آیت ۱۰۱)

جس کی تفسیر میں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد بھی اربابِ تفسیر نے نقل کیا ہے کہ:

"قیامت کے دن، میرے حسب نسب کے علاوہ سارے حسب نسب منقطع ہو جائیں گے۔"

(گویا حضور اکرم کے خاندان کا وہاں بھی لحاظ رکھا جائے گا)

اور سورۂ مبارکہ "الفرقان" کی آیت:

هُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا

(وہ (خدا) ہی تو ہے جس نے پانی سے ایک بشر پیدا کیا، پھر اس کو خاندان والا سسرال والا بنایا، اور تمہارا پروردگار ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے)

(سورہ ۲۵ آیت ۵۴)

کے بارے میں جناب ابن سیرین نے لکھا ہے کہ:

"یہ آیت حضرت رسول خدا اور جناب امیر المومنین کے بارے میں نازل ہوئی کیونکہ آنحضرت کے چچازاد بھائی بھی تھے اور

اُن کی بیٹی (حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا) کے شوہر بھی۔
اس طرح حضرت علی علیہ السلام پیغمبر اکرم کے صاحبِ نسب بھی تھے اور صہر بھی۔"

(ملاحظہ فرمائیے: الفصول المہمہ)

٥

امام چہارم حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے سلسلۂ نسب پر غور کیا جائے تو آپ دین و دنیا، دونوں سلطنتوں کے وارث نظر آتے ہیں۔

آپ کے والد ماجد، سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام، جو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے بھی ہیں اور جوانانِ جنت کے سردار بھی۔

اور آپ کی والدہ ماجدہ، جناب شہربانو (بنت یزدجرد) ایران کے بادشاہ کی دخترِ نیک اختر ہیں۔

اس جگہ اس روایت کا ذکر بھی نامناسب نہ ہوگا جسے برادرانِ اہلسنت کے ممتاز عالمِ دین "الشیخ حمویفی" نے معتبر اسناد کے ساتھ ذکر کیا ہے:

ایک روز مہاجرین و انصار کا ایک بڑا اجتماع تھا، جس میں لوگ اپنے اپنے فضائل و مناقب اور اپنی دینی خدمات بیان کر کے فخر و مباہات کر رہے تھے ——— اس جگہ حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام بھی موجود تھے، مگر آپ نے کچھ بھی نہیں فرمایا تو لوگوں نے آپ سے دریافت کیا کہ:

"اے ابوالحسن! آپ نے کچھ ارشاد نہیں فرمایا؟"

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ :

"جو لوگ موجود ہیں، سب ہی نے اپنے محامد کا ذکر کیا......

لیکن میں تم لوگوں سے دریافت کرتا ہوں :

"اے قریش (سے تعلق رکھنے والے مہاجرین) اور اے انصار!

یہ بتاؤ کہ (جن فضائل کا تم لوگوں نے ذکر کیا ہے) یہ سب فضیلتیں

تم لوگوں کو اپنی ذات، اپنے قبیلے، اپنے گھر والوں کے ذریعے سے

ملی ہیں یا کسی اور کے ذریعے سے؟!

سب نے اعتراف کیا کہ :

"نہ تو یہ ہماری ذاتی فضیلت تھی نہ اہلِ خاندان سے ملی، نہ قوم

قبیلے کے ذریعے سے، بلکہ خداوندِ عالم کی عطا اور حضرت محمد مصطفےٰ

اور ان کے خاندان کا احسان ہے۔

آپ نے فرمایا : "تم لوگوں نے سچ کہا۔

(اچھا یہ بتاؤ) کیا تم لوگ نہیں جانتے کہ حضرت رسولِ خدا نے

فرمایا ہے کہ :

"انی واھل بیتی کنا نورا یسعی بین یدی اللہ تعالیٰ

قبل ان یخلق اللہ عزوجل آدم باربعۃ عشر الف سنۃ،

فلما خلق اللہ تعالیٰ آدم وضع ذلک النور فی صلبہ واھبطہ

الی الارض، ثم حملہ فی السفینۃ فی صلب نوح، ثم قذف

بہ فی النار فی صلب ابراھیم، ثم لم یزل اللہ عزوجل

ینقلنا من الاصلاب الکریمۃ الی الارحام الطاھرۃ ومن الارحام الطاھرۃ

الی الاصلاب الکریمۃ من الآباء والامھات،

لم یکن منھم علی سفاح قط۔"

"میں اور میرے اہلبیت، نُور کی شکل میں، خلقتِ آدمؑ سے

۱۴ ہزار برس قبل، خداوندِ عالم کی بارگاہ میں حاضر تھے۔

جب خداوندِ عالم نے حضرت آدمؑ کو پیدا کیا تو اس نُور کو اُن کے صلب

میں رکھ کر انھیں زمین پر اُتارا۔

پھر اس نور کو جناب نوحؑ کے صلب میں منتقل کیا۔ اس وقت

وہ کشتی میں سوار تھے۔

اس کے بعد (اسی طرح نسلاً بعدِ نسلٍ یہ نُور منتقل ہوتا رہا، یہاں

تک کہ) جب جنابِ ابراہیمؑ (کو) آگ میں پھینکا گیا تو (یہ نُور اُن) کے صلب

میں (موجود تھا)

اس کے بعد، خداوندِ عالم مسلسل اس نُور کو معزز صلبوں سے

پاک و پاکیزہ رحموں اور پاک و پاکیزہ رحموں سے معزز صلبوں میں

میں منتقل کرتا رہا۔

(اس سلسلۂ نسب میں جتنے) باپ اور جتنی مائیں (گذریں وہ سب

پاک و پاکیزہ تھے کوئی غلط کاری کبھی شامل ہی نہیں ہوئی) ———

یہ سن کر وہاں موجود سابقین... اہلِ بدر اور اہلِ اُحد وغیرہ نے گواہی

دی کہ :

"بیشک یہ باتیں ہم نے رسولِ خدا سے خود سُنی ہیں۔"

(ملاحظہ فرمایئے : غایت المرام : بحرانی۔ صفحہ ۴۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

والدِ ماجد

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے والد ماجد،
خامس آلِ عبا، سید الشہداء، سردارِ جوانانِ جنان، فرزندِ رسول حضرت
امام حسین علیہ السلام ہیں،
جن کی ولادت باسعادت، ۳ شعبان المعظم سنہ ۴ ہجری کو مدینہ منورہ
میں ہوئی۔
تقریباً ۶ سال تک اپنے جدِ نامدار حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے سایۂ عاطفت میں رہے۔
جس کے بعد ۲۵ سال تک زمانے کے جبر و استبداد اور باپ کی مظلومیت
کا مشاہدہ کیا۔
پھر (۳۵ھ سے ۴۰ھ تک) جب آپ کے پدرِ بزرگوار امیر المومنین حضرت
علی ابن ابیطالب علیہ السلام، منصبِ حکومت پر جلوہ افروز تھے اور مخالفین کی طرف
سے جنگ جمل و صفین و نہروان میں معرکہ کارزار گرم رہا، آپ اپنے پدرِ بزرگوار کے
دوش بدوش، دشمنانِ دین کی سرکوبی کرتے رہے۔
باپ کی شہادت کے بعد آپ کے برادرِ بزرگ حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام
نے ۶ ماہ تک حکمرانی کی جس کے بعد بیرنگیٔ زمانہ دیکھتے ہوئے گوشہ نشینی اختیار
کی تو حضرت امام حسینؑ نے اپنے بھائی کا پورا ساتھ دیا۔

سنہ ۵۰ھ میں حضرت امام حسن علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی تب بھی اس
معاہدہ کی بناء پر جو امام حسنؑ نے فرمایا تھا، امام حسینؑ نے دس سال خاموشی
کی زندگی گزاری۔
سنہ ۶۰ ہجری میں رجب کے مہینے میں امیرِ شام کے انتقال کے بعد اس کے
بیٹے یزید نے امام حسینؑ سے بیعت کا مطالبہ کیا، تو آپ نے اس فاسق و فاجر
کی بیعت سے انکار اور شہادت کی راہ اختیار کی اور مکہ مکرمہ میں چند ماہ قیام
کے بعد کربلائے معلیٰ کی طرف سفر کیا، جہاں ۱۰ محرم کو اپنے بیٹوں بھائیوں بھتیجوں
بھانجوں، خاندان کے افراد، اور اعوان و انصار کے ساتھ درجۂ شہادت پر فائز
ہوئے[1] اور بقول شاعر ؎

بہر حق در خاک و خوں غلطیدہ است
پس بنائے لا الٰہ گردیدہ است

---

[1] چونکہ رسالہ گذشتہ حضرت امام حسن علیہ السلام کی سوانح حیات قارئین کرام کی خدمت میں
پیش کی جا چکی ہے، اس لئے اس جگہ مختصر تذکرہ [illegible] (مؤلف)

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مادرِ گرامی

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی مادرِ گرامی کے بارے میں جیسا کہ مورخین کے درمیان مشہور ہے اور سید المحققین جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ اور سراج المتکلمین جناب علامہ طبرسی علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ:

"شاہ زنان بنت کسریٰ یزدجرد۔" جو شہر بانو کے نام سے مشہور ہوئیں۔

امیر المومنین حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی خلافتِ ظاہری کے زمانہ میں آپ ایران سے آئیں اور حضرت امام حسین علیہ السلام سے اُن کا عقد ہوا۔

چنانچہ مورخین نے لکھا ہے کہ:

حضرت امیر المومنینؑ نے حریث بن جابر جعفی کو بعض بلادِ مشرق (خراسان) کا والی مقرر کر کے بھیجا اور حریث نے یزدجرد کی دو بیٹیاں جناب امیرؑ کی خدمت میں ایران سے بھیجیں۔

آپؑ نے ایک بیٹی (شاہ زنان — عرف شہربانو) کو حضرت امام حسینؑ کی اور دوسری بیٹی (گیہان بانو) کو محمد بن ابی بکرؓ کی زوجہ قرار دیا —

جناب شہربانو سے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام — اور

گیہان بانو سے "قاسم بن محمد" پیدا ہوئے۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

روضۃ الصفا جلد ۳ صفحہ ۹
کشف الغمہ علامہ اربلی
اعلام الوریٰ طبرسی — صفحہ ۱۵۱
جامع التواریخ صفحہ ۱۴۹ — اور
عمدۃ الطالب — صفحہ ۱۸۱ وغیرہ

بعض اربابِ تاریخ کا بیان ہے کہ:

خلیفۂ دوم کے زمانہ میں جب مدائن فتح ہوا تو "شاہ زنان" غنیمت میں آئیں اور جنابِ امیرؑ نے قیمت ادا کر کے ان کا عقد امام حسین علیہ السلام سے فرما دیا۔

لیکن یہ روایت کئی وجہوں سے ناقابلِ قبول ہے۔

مورخین کا اتفاق ہے کہ "مدائن" صفر ۱۶ھ ہجری میں فتح ہوا — حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

- معجم البلدان جلد ۸ صفحہ ۳۱۳ اور دوسرے فتوحاتِ عجم از واقدی
- تاریخ الاسلام جلد ۱ صفحہ ۱۱۱
- تاریخ کامل جلد ۲ صفحہ ۱۸۱
- تاریخ ابن خلدون جلد ۲ صفحہ ۱۰۲
- فتوحاتِ اسلامیہ جلد ۱ صفحہ ۶۵
- تاریخ طبری جلد ۴ صفحہ ۱۷۱ (وغیرہ)

جبکہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ۳ شعبان ۴ھ کو ہوئی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas.

اس کا مطلب یہ ہے کہ فتح مدائن کے موقع پر آپ کی عمر ۱۱ سال چند ماہ تھی۔
اسی کے ساتھ، اگر اس بات کو بھی پیشِ نظر رکھا جائے کہ سنہ ۳۱ ہجری میں بادشاہ یزدجرد کی عمر مورخین نے ۲۲ سال لکھی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اُس کی بیٹی (جنابِ شہربانو) اُس وقت زیادہ سے زیادہ چار سال کی ہوگی؟

اس بات میں کیا معقولیت نظر آتی ہے کہ تین چار سال کی بچی جو جنگ میں گرفتار ہو کر آئی ہے، اس کی شادی جوانانِ جنت کے سردار امام حسینؑ سے انجام دی جائے، جو اس وقت صرف ۱۱ سال کے تھے!؟

جبکہ آپ کے بڑے بھائی جناب امام حسن علیہ السلام، جو آپ سے تقریباً ایک سال بڑے تھے، اُن کی عمر اُس وقت ۱۲ سال چند ماہ تھی۔

غور کرنے کی بات ہے کہ اگر شاہ ایران کی بیٹی سے جنابِ امیرؑ کو اپنے فرزند کی شادی کرنی ہی تھی، تو حضرت امام حسنؑ بڑے بھائی تھے، اُن سے کیوں نہ کر دی،

اسی کے ساتھ یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ؛

حضرت رسولِ خداؐ کی شادی جنابِ خدیجہؑ سے ۲۵ سال کی عمر میں ہوئی۔

حضرت امیرالمومنینؑ کی شادی جنابِ فاطمہ زہراؑ سے اُس وقت ہوئی جب جنابِ امیرؑ کی عمر تقریباً ۲۲ سال تھی۔

خود امام حسنؑ کی شادی اُس وقت ہوئی ہے جب اُن کی عمر ۲۰ سال کے قریب تھی تو امام حسینؑ کی شادی "۱۱" سال کے سن میں کیوں کر دی گئی۔

۵

حقیقت یہ ہے کہ "مدائن" کی فتح جس پر اس پورے واقعہ کی بنیاد رکھی گئی ہے اسی کے سلسلے میں مورخین نے سخت مغالطہ کھایا ہے
چنانچہ بیسویں صدی کے نامور مورخ علامہ شبلی نعمانی نے لکھا ہے کہ

عام طور پر یہ مشہور ہے کہ؛
"جب فارس فتح ہوا تو شہنشاہ یزدجرد کی بیٹیاں گرفتار ہو کر مدینہ آئیں، خلیفۂ وقت نے عام کنیزوں کی طرح انھیں فروخت کرنے کا حکم دیا۔
لیکن حضرت علی علیہ السلام نے منع کیا کہ خاندانِ شاہی کے ساتھ ایسا سلوک مناسب نہیں۔۔
اور پھر (آپ کے فیصلے کے مطابق، ان لڑکیوں میں سے ایک کو حضرت امام حسینؑ اور دوسری کو محمد بن ابی بکرؓ کی زوجہ قرار دیا گیا)۔
اس غلط قصے کی حقیقت یہ ہے کہ؛
"زمخشری نے ۔۔۔ جن کو فنِ تاریخ سے کچھ واسطہ نہیں ۔۔۔ "ربیع الابرار" میں اس کو لکھا، اور ابنِ خلکان (نامی مورخ) نے حضرت امام زین العابدینؑ کے حالات میں، یہ روایت (زمخشری) کے حوالے سے نقل کر دی۔
لیکن یہ محض غلط ہے۔
اول تو زمخشری کے سوا، طبری، ابنِ اثیر، یعقوبی، بلاذری، ابنِ قتیبہ وغیرہ میں سے کسی نے اس واقعے کو نہیں لکھا۔
اور زمخشری کا فنِ تاریخ میں جو پایہ ہے، وہ ظاہر ہے (کہ وہ اس فن سے واقف ہی نہیں)!
اس کے علاوہ:
تاریخی قرائن، اس کے بالکل خلاف ہیں۔
خلیفۂ ثانی کے عہد میں یزدجرد اور خاندانِ شاہی پر مسلمانوں کو مطلق قابو حاصل نہیں ہوا تھا۔
مدائن کے معرکے میں، یزدجرد مع تمام اہل و عیال کے، دارالسلطنت سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نکلا اور سلطان پہنچا۔

جب مسلمان اہواز کی طرف بڑھے تو وہ اصفہان بھاگ گیا —— اور پھر کرمان وغیرہ میں گھومتا رہا۔

"مرو" میں پہونچ کر ۳۱ ہجری میں جو حضرت عثمان کی خلافت کا زمانہ ہے (یزدجرد) مارا گیا۔

اس کے کل آل اولاد، گرفتار ہوئے ہونگے تو اسی وقت گرفتار ہوئے ہونگے

مجھ کو شبہ ہے کہ زمخشری کو یہ بھی معلوم تھا یا نہیں کہ یزدجرد کا قتل کس عہد میں ہوا —— ؟

اس کے علاوہ:

جس وقت کا یہ واقعہ بیان کیا جاتا ہے اس وقت امام حسینؑ کی عمر ۱۲ سال (بلکہ اس سے بھی کم) تھی....

(تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے: الفاروق از شبلی نعمانی جلد ۲ صفحہ ۲۳)

◆

عہدِ حاضر کے نہایت جلیل القدر محدث، جناب شیخ عباس قمی علیہ الرحمہ نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی مادرِ گرامی کے بارے میں یوں تحریر فرمایا ہے:

"والدۂ مکرمہ آں حضرت، علیا مخدرہ "شہربانو" دختر یزدجرد بن شہریار بن پرویز بن ہرمز بن انوشیروان پادشاہ عجم بودہ۔"

(منتہی الآمال جلد ۲ صفحہ ۲)

(حضرت امام زین العابدینؑ کی مادرِ گرامی، عالی مرتبت مخدرہ جناب

شہربانو تھیں، جو یزدجرد بادشاہ کی بیٹی تھیں۔

یزدجرد، شہریار نامی بادشاہ کا بیٹا تھا۔

شہریار، پرویز نامی بادشاہ کا فرزند تھا۔

پرویز کے والد ہرمز بادشاہ تھے۔

اور ہرمز کے جدِ بزرگوار کا نام "نوشیرواں" ہے جو ایران کا نہایت مشہور) بادشاہ گذرا ہے (اور جن کے عدل و انصاف کے چرچے عالمگیر حیثیت رکھتے ہیں)

و

ملتِ جعفریہ کے ایک اور ممتاز عالمِ دین، عالی جناب شیخ حُر عاملی نے ارجوزہ میں، آپ کی مدح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

وَأُمُّهُ ذَاتُ الْعُلیٰ وَالْمَجْدِ

شَاهُ زَنَانُ بِنْتُ یَزْدَجَرْدِ

وَهُوَ ابْنُ شَهْرِیَارَ ابْنِ كِسْریٰ

ذُوْ سُؤْدَدٍ لَیْسَ یَخَافُ كَسْرَا

(امام کی مادرِ گرامی، صاحبِ مجد و شرف شاہ زنان (جناب شہربانو) یزدجرد کی بیٹی تھیں، جو شہریار بادشاہ کی اولاد، اور شہریار کسریٰ (نوشیروان عادل) کی اولاد ہے۔ جو صاحبِ شرف تھے، اور جنھیں کوئی اندیشۂ زیاں نہیں تھا)

ملاحظہ فرمائیے: منتہی الآمال جلد ۲ صفحہ ۲

و

علامہ مجلسیؒ کی روایت ہے کہ: (مدینہ پہنچنے سے کچھ عرصہ قبل) ——

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنابِ شہر بانوؑ نے خواب میں یہ منظر دیکھا کہ:

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چھوٹے نواسے) حضرت امام حسین علیہ السلام کے ساتھ، ان کے گھر آئے اور ان کے گھر والوں سے فرمائش کی کہ (شہر بانو کو میں اپنی بہو بنانا چاہتا ہوں، پھر امام حسینؑ کے ساتھ ہاں کی شادی کر دی۔

جب جنابِ شہر بانوؑ صبح کے وقت خواب سے بیدار ہوئیں، تو انہوں نے اپنے دل میں حضرت امام حسینؑ کی ایک خاص عقیدت و محبت محسوس کی، اور خورشیدِ امامت کو اپنے قلب میں جلوہ گر پایا۔

اگلی شب، خاتونِ جنت، جنابِ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا خواب میں تشریف لائیں اور مجھے اسلام کی تعلیمات سے روشناس کرایا۔ اور فرمایا کہ:

عنقریب مسلمانوں کے لشکر کو تمہارے والد کے لشکر کے مقابلے میں کامیابی نصیب ہوگی، اور تمہیں قیدی بنا کر (مدینہ) لایا جائے گا، اور تم بہت جلد میرے فرزند حسینؑ (کی زوجیت) میں آجاؤ گی، اور (اگرچہ تم قیدی ہوگی، لیکن) میرے فرزند کی خدمت میں پہنچنے تک (کسی بھی مرحلے پر) کوئی شخص تمہیں ہاتھ بھی نہیں لگا سکے گا۔"

جنابِ شہر بانوؑ کہتی ہیں کہ):

خداوندِ عالم نے ہر مرحلے پر میری حفاظت فرمائی، اور کسی شخص نے مجھے ہاتھ بھی نہیں لگایا، یہاں تک کہ میں سلامتی کے ساتھ مدینہ منورہ پہنچی، اور جب میں نے حضرت امام حسینؑ کو دیکھا تو فوراً پہچان لیا کہ:

یہ تو وہی ہیں، جو خواب میں حضرت رسولؐ خدا کے ساتھ تشریف لائے تھے، اور آنحضرتؐ نے ان ہی کے ساتھ میرا عقد

پڑھا تھا...

(ملاحظہ فرمائیے، جلاء العیون صفحہ ۔۔۔ بحوالہ منتہی الآمال)

مورخین کرام نے یہ واقعہ بھی بیان کیا ہے کہ:

جنابِ شہر بانو جن کا قدیم نام "جہان شاہ" تھا، اور حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے یہ نام تبدیل کر کے اُن کا نام شہر بانو رکھا ـــــ جب امام حسین علیہ السلام کی زوجیت میں آئیں تو جنابِ امیرؑ نے اپنے فرزندِ ارجمند (امام حسینؑ) کی طرف دیکھ کر فرمایا:

یا اباعبداللہ ـــــ لیلدن لک منها غلام، خیر اھل الارض۔

(اے ابو عبداللہ۔
(ان خاتون) کے ذریعہ سے تمہارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا
جو روئے زمین کے تمام لوگوں سے بہتر ہوگا)

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:
بحار الانوار جلد ۴۶ صفحہ ۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ولادتِ باسعادت

مشہور قول کے مطابق:

آپ کی ولادت ۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ (مطابق ۶۵۹ء) کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔

جیسا کہ شیخ مفید علیہ الرحمہ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

وکان مولد علی بن الحسین علیہ السلام بالمدینۃ سنۃ ثمان وثلاثین من الھجرۃ۔

فبقی مع جدہ امیر المومنین (ع) سنتین۔

ومع عمہ الحسن (ع) اثنتی عشرۃ سنۃ۔

ومع ابیہ ثلاثۃ وعشرین سنۃ۔

وبعد ابیہ اربعاً وثلاثین سنۃ۔

(امام چہارم علی بن الحسین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت باسعادت مدینہ منورہ میں سنہ اڑتیس ہجری میں ہوئی۔

آپ اپنے جدِ بزرگوار امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالبؑ کے ساتھ دو سال رہے۔

اپنے عم محترم حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے ساتھ ۱۲ سال،

اپنے پدرِ عالی قدر کے ساتھ ۲۳ سال

اور اپنے والدِ ماجد کے بعد چونتیس (۳۴) سال دنیا میں زندگی گزاری۔

(ارشاد شیخ مفید صفحہ ۲، ۱۵۰)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسن و جمال

اکثر مورخین نے معتبر ذرائع سے یہ بات تحریر کی ہے کہ دنیا بھر کے خاندانوں میں بنی ہاشم کے افراد سب سے زیادہ حسین و جمیل تھے۔

اور خاندانِ بنی ہاشم میں، خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُن کے اہلبیت طاہرینؑ حسن و جمال میں ممتاز حیثیت کے مالک تھے۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے حُسن و جمال اور شوکت و جلال کے بارے میں مورخین نے لکھا ہے کہ:

آن حضرت جمال و جلال و صولت بکمال داشت
ہر کہ نظر بر چہرۂ مبارک می افتاد بجز اعزاز
واحترام چارہ نمی دید۔

(امام علیہ السلام صاحبِ جمال بھی تھے اور صاحبِ جلال بھی۔
اور باکمال شوکت کے مالک تھے جس شخص کی نظر بھی آپؑ کے چہرۂ مبارک پر پڑتی تھی، وہ حضرت کے اعزاز و احترام اور عزت و اکرام کرنے پر خود بخود مجبور ہو جاتا تھا)

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے:
وسیلۃ النجاۃ صفحہ ۲۱۹)

قد و قامت کے بارے میں بیشتر سیرت نگاروں نے لکھا ہے کہ:
آپ اوسط قد و قامت کے مالک تھے۔
اور بدن اکہرا تھا۔
لیکن چہرے پر ایسی نورانیت اور ہیبت تھی کہ دیکھنے والے کی نگاہیں نہیں ٹھہرتی تھیں۔

(مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے:
نور الابصار ص۱۲۶، اخبار الدول ص۱۰۹ وغیرہ)

◆

امام علیہ السلام کے حُسن و جمال کے بارے میں، عالم اسلام کے نہایت جلیل القدر عالم دین، اور اپنے زمانہ کے سب سے مستند فقیہ اور مذہبی رہنما شیخ مفید علیہ الرحمہ نے ابو جعفر محمد بن اسمٰعیل کی روایت نقل کی ہے

وہ بیان کرتے ہیں کہ،

حج علی بن الحسین (ع). فاستحسن الناس من جماله و تشوقوا اليه و جعلوا يقولون:
من هذا ــــ من هذا ــــ ؟
تعظيما له و اجلالا لمرتبته

(حضرت علی بن الحسینؑ، امام زین العابدینؑ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے تو بندگانِ خدا، آپؑ کے حسن و جمال کو دیکھ کر محوِ حیرت ہو گئے۔
ہر ایک آپؑ (کے دیدار) کا مشتاق ہو کر، (گویا آپؑ کی طرف کھچا چلا آ رہا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور آپ کی شوکت و عظمت، اور ہیبت و مرتبے کی جلالت دیکھ کر بے ساختہ ایک دوسرے سے دریافت کر رہے تھے کہ:

"یہ (جوان) کون ہیں۔؟

اس قدر حسین و جمیل ——— کس کی ہستی ہے؟"

(ملاحظہ فرمائیے:

ارشاد شیخ مفید صفحہ ۲۹۱)

اسم گرامی اور القاب

آپ کے والد ماجد حضرت امام حسین علیہ السلام کو اپنے پدر بزرگوار (امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام) سے اس قدر الفت تھی کہ:

آپ نے اپنے ہر فرزند کا نام "علیؑ" رکھا تھا:

(۱) "علیؑ" ——— زین العابدینؑ

(۲): "علی اکبر۔"

(۳): "علی اصغر۔"

شہزادہ علی اکبرؑ اور شہزادہ علی اصغرؑ ——— دسویں محرم ۶۱ھ ہجری کو، عاشور کے دن کربلا کی سرزمین پر، تین دن کی بھوک و پیاس کی حالت میں شہید ہوئے ——— اور حضرت امام زین العابدینؑ کو پروردگار عالم نے اپنی خاص حکمت سے اس طرح بیمار کر دیا کہ وہ بستر سے اٹھنے کے قابل نہ رہے۔

اور عصرِ عاشور، حضرت امام حسینؑ کی شہادت کے بعد جب خیموں میں آگ لگائی گئی تو آپ کی پھوپھی جناب زینب سلام اللہ علیہا، اپنے ہاتھوں پر بیمار بھتیجے کو اٹھا کر باہر لائیں۔ اور اس طرح وارثِ امامت کی حفاظت فرمائی۔

؎

امام زین العابدین کے متعدد القاب ہیں:

◁ سید العابدین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

- عابد۔
- سجاد۔
- سید الساجدین
- زین الصالحین۔
- وارثِ علم النبیین۔
- منار القانتین۔
- الخاشع۔
- المتہجد۔
- الزاہد۔
- ذوالثفنات۔
- البکاء۔
- العدل۔
- الزکی
- الامین۔
- سیّد الصابرین۔
- امام الائمہ۔
- ابو الائمہ۔

لیکن سب سے مشہور لقب:

- "زین العابدین"

ہے۔ اور یہ اتنا زیادہ مشہور ہے کہ آپ کے نام سے زیادہ شہرت، آپ کے لقب کو حاصل ہے، چنانچہ جب بھی ائمہ اثنا عشر کو نام بنام یاد کیا جاتا ہے تو بچے، جوان اور بوڑھے، سب یہی کہتے نظر آتے ہیں کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

اب اگر کوئی مزید تشریح کے لئے پوچھے کہ امام زین العابدین علیہ السلام کا اصلی نام کیا تھا تو کہا جائے گا: "علیؑ" (بن الحسینؑ)

۵

آپ کے مشہور ترین لقب "سجادؑ" کے بارے میں حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ:

ان ابی علی بن الحسین ماذکر الله عزوجل نعمة علیه الا سجد، ولا قرأ آیة من کتاب الله عزوجل فیها سجود الا سجد، ولا دفع الله عزوجل عنه سوء ایخشاه او کید کائد الا سجد، ولا فرغ من صلوٰة مفروضة الا سجد، ولا وفق لاصلاح بین اثنین الا سجد، وکان اثر السجود فی جمیع مواضع سجوده فسمی السجاد لذلک

میرے پدرِ بزرگوار (حضرت) علیؑ بن الحسینؑ (امام زین العابدینؑ) جب بھی خداوندِ عالم کی کسی... نعمت کو یاد کرتے تو سجدہ ریز ہو جاتے تھے۔

قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھتے جس میں سجدے کا ذکر ہوتا، تو آپ سجدہ فرماتے تھے۔

اور جب بھی کسی ایسی پریشانی کو، خداوندِ عالم دور کرتا جس کا اندیشہ ہوتا — یا کسی کے مکر کا ازالہ فرما دیتا تو سجدہ کرتے۔

جب کسی واجب نماز سے فارغ ہوتے تو سجدہ فرماتے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب دو افراد کے درمیان مصالحت کرانے میں کامیابی ہوتی،
تو سر بسجود ہو جاتے۔
اور آپ کے تمام اعضائے سجود پر سجدہ کے نشانات تھے۔
اسی بناء پر آپ "سجادؑ" کے نام سے (مشہور) ہوئے)

(ملاحظہ فرمایئے:
علل الشرائع (شیخ صدوق) صفحہ ۸۸
بحار الانوار (علامہ مجلسی) ج ۴۶ صفحہ ۲)

امام علیہ السلام کا ایک لقب "ابن الخیرتین" (دو منتخب ہستیوں کے فرزند) بھی ہے
جس کے بارے میں علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

وکان یقال لہ ابن الخیرتین، لقول رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم:
"ان للہ من عبادہ خیرتین: فخیرتہ من العرب قریش ومن العجم فارس"
وکانت امہ بنت کسریٰ۔

"(آپ کو "ابن الخیرتین" (دو منتخب برگزیدہ ہستیوں کے فرزند) کہا جاتا تھا، کیونکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا فرمان ہے کہ:
"خدا کے بندوں میں دو (خاندان) اُس کے نزدیک برگزیدہ ہیں:
(۱)— اہل عرب میں سے قریش۔
(۲)— عجم کے لوگوں میں سے اہل فارس۔"

امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کی والدۂ گرامی (جناب شہربانو) کسریٰ کی اولاد میں، جو فارس سے تعلق رکھتا تھا

(ملاحظہ فرمایئے: بحار الانوار ج ۴۶ صفحہ ۲)

امام چہارم کا اصل نام "علی بن الحسینؑ" ہے۔ لیکن آپ کے لقب "زین العابدینؑ" کو ایسی شہرت ملی کہ یہ آپ کے اسم مبارک سے زیادہ مشہور ہو گیا۔
اس لقب کے بارے میں عمران بن سلیم سے منقول ہے کہ:
(برادران اہلسنت کے بلند مرتبہ عالم دین) زہری جب بھی (امام چہارم) علی بن الحسینؑ — کا ذکر کرتے تو یہ کہتے:
حَدَّثَنِی زَیْنُ الْعَابِدِیْنَ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ
(مجھ سے یہ بات (حضرت) زین العابدینؑ علی ابن الحسینؑ نے فرمائی ہے۔
سفیان بن عیینہ نے اُن سے پوچھا کہ:
"آپ اُن کو زین العابدینؑ کس وجہ سے کہتے ہیں؟
تو کہا کہ:
میں نے سعید بن مسیب سے سنا ہے، ان کا بیان ہے کہ جناب ابن عباس کی روایت ہے کہ:
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
اذا کان یوم القیامۃ، ینادی مناد:
"این زین العابدین"
فکانی انظر الی ولدی علی بن الحسین بن علی بن

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابی طالبؑ یخطط بین الصفوف۔

(جب قیامت کا دن ہوگا، اور ایک منادی اعلان کرے گا، کہ:

"زین العابدینؑ کہاں ہیں۔؟"

تو گویا، میں یہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ میرے نورِ نظر:

"علی بن الحسین بن علی بن ابی طالبؑ"

صفوں کے درمیان سے... آگے بڑھیں گے)

(ملاحظہ فرمایئے: علل الشرائع صفحہ ۲۳۰ بحوالہ: ب ۱۶۵ ص ۲)

(۳)

اور عبداللہ بن فضل ہاشمی نے بھی امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسی مضمون کی روایت کی ہے۔

(ملاحظہ فرمایئے: امالی شیخ صدوق علیہ الرحمہ صفحہ ۲۲۲)

(۴)

اور حلیۃ الاولیاء کی روایت ہے کہ:

کان الزھری 'اذا ذکر علی بن الحسین' یبکی و یقول:

زین العابدین۔

(زہری جب بھی (امام چہارم حضرت) علی بن الحسینؑ کو یاد کرتے تھے، تو بے اختیار رونے لگتے تھے اور کہتے تھے

"عبادت گذاروں کی زینت"

(ملاحظہ فرمایئے: حلیۃ الاولیاء جلد ۳ صفحہ ۱۳۵)

حیاتِ طیبہؑ کا اجمالی خاکہ

مشہور قول کے مطابق:

○ — ۱۵ جمادی الاول ۳۸ ہجری کو آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

○ — ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ ہجری کو جب آپ کے جدِ بزرگوار امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کی شہادت ہوئی تو امام چہارم حضرت زین العابدینؑ کا سنِ مبارک دو سال اور چند ماہ تھا۔

○ — ۴۱ ہجری میں جب حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام حکومت سے دستبردار ہوئے تو اپنے پدر بزرگوار اور عم محترم کے ساتھ، آپ بھی مدینہ منورہ آگئے۔

○ — ۲۸ صفر ۵۰ ہجری کو جب امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی شہادت "زہر دغا" سے ہوئی، جس کے بعد آپ کے جسدِ اقدس کو قبر رسولؐ کے برابر دفن ہونے سے روکنے کے لئے بنی امیہ کے درندوں نے آپ کے جنازہ پر تیر باراں کی تو خاندان بنی ہاشم کے لئے رنج و غم کا ایک اور باب منودار ہوا، اور اپنے والد ماجد حضرت امام حسینؑ کے ساتھ، آپ نے بھی صبر کیا۔

؎ یہ بات واضح ہو کہ یہاں "حیاتِ طیبہ" سے مراد امام علیہ السلام کی زندگی کا وہ حصہ ہے جو آپ نے جسمانی طور سے اس دنیا میں گذارا، ۳۸ ہجری کو آپ کی ولادت باسعادت ہوئی اور ۹۵ ہجری میں آپ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ جہاں تک آپ کی نورانی زندگی کا ذکر، وہ عالم مادی کی قیدوں سے ماوراء ہے۔ اور اسی کے ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ "شہیدانِ راہِ خدا" زندہ ہیں اور پیشِ پروردگار رزق پا رہے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○ — امام حسنؑ کی شہادت کے بعد جب حضرت امام حسین علیہ السلام نے منصبِ امامت کی ذمہ داریاں سنبھالیں تو بنی امیہ کا ظلم و ستم اپنے عروج پر تھا مگر بڑے بھائی نے جو معاہدہ کیا تھا اس کی پابندی چھوٹے بھائی نے بھی کی اور امام چہارم اپنے والدِ بزرگوار کے ساتھ زمانہ کے ظلم و ستم کو برداشت کرتے رہے۔

○ — ۵۷ھ ہجری میں آپ کے نورِ نظر حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

○ — ملحوظ رہے کہ حضرت امام زین العابدینؑ کی شادی حضرت امام حسنؑ کی بیٹی فاطمہؑ سے ہوئی تھی۔

○ — رجب ۶۰ھ میں داھیۃ العرب (امیر شام) کا انتقال ہوا، اور اس کے فاسق و فاجر بیٹے نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے بیعت کا مطالبہ کیا، جس سے انکار کرتے ہوئے آپ نے مدینہ چھوڑا، اور مکہ مکرمہ اور پھر کربلائے معلیٰ کا سفر اختیار کیا۔ تو حضرت امام زین العابدینؑ بھی ساتھ تھے، اور امام محمد باقر علیہ السلام کی عمر اس وقت تقریباً ساڑھے تین سال تھی۔

○ — ۲ محرم ۶۱ھ ہجری کو یہ قافلہ کربلائے معلیٰ پہنچا، جہاں ساتویں محرم سے پانی بھی بند کر دیا گیا، ۹ محرم کو امام عالی مقام اور ان کے اہلِ خاندان اعزہ و اقارب اور اصحاب و انصار کا محاصرہ کر لیا گیا — اور دسویں محرم کو تاریخِ انسانی کے سب سے منفرد معرکہ میں، تین دن کی بھوک و پیاس کے عالم میں حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے بھائیوں، بھتیجوں، بھانجوں، بیٹوں، ساتھیوں اور مددگاروں کے ہمراہ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

○ — بحکمِ خدا آپ نے اپنی مصلحت سے کربلا میں حضرت امام زین العابدینؑ پر مرض کی ایسی شدت طاری کر دی تھی کہ آپ بستر سے نہ اٹھ سکے، اس لئے جب تمام اعوان و انصار اولاد و برادران اور اہلِ خاندان درجۂ شہادت پر فائز ہو چکے اور

... علی اصغرؑ جیسے بے شیر کی شہادت بھی واقع ہو چکی اور امام حسین علیہ السلام رخصت ... کے لئے خیمے میں آئے تو بیمار بیٹے کے شانے ہلا کر اسرارِ امامت سپرد کئے ... مقتل کی طرف تشریف لے گئے۔

○ — باپ کی شہادت کے بعد منصبِ امامت کی ذمہ داریاں جب آپ کے کندھوں پر آئیں تو آپ پر مرض کی شدت تھی، اور ہادیانِ برحق کی تاریخ میں آپ کے علاوہ کوئی اور ایسی شخصیت نظر نہیں آتی جس نے شام غریباں جیسے اندوہناک حالات میں کارِ ہدایت کا آغاز کیا ہو۔

چنانچہ جب عصرِ عاشور، بعد شہادتِ مظلومِ کربلا خیموں میں آگ لگی، اور ایک خیمے کے بعد دوسرا خیمہ جلنے لگا.... یہاں تک کہ اس آخری خیمے میں بھی آگ لگا دی گئی، جس میں تمام مخدراتِ عصمت و طہارت جمع تھیں تو جناب زینبِ کبریٰ نے بیمار بھتیجے سے دریافت کیا۔

"اے نورِ نظر — تم امامِ وقت ہو اب ہمارے لئے کیا حکم ہے، ہم ان ہی خیموں میں جل جائیں۔ یا باہر نکل جائیں۔"

تو امام علیہ السلام نے فرمایا کہ،

"پھوپھی اماں خیمہ سے باہر چلیے...."

جس کے بعد جناب زینبؑ و ام کلثومؑ، بیمار بھتیجے کو سہارا دے کر جلتے ہوئے خیمہ سے باہر لائیں، یزیدی افواج نے سب کو قیدی بنایا اور رسیوں میں جکڑ کر کوفہ کی طرف روانہ کیا۔

○ — ۱۲ محرم ۶۱ھ ہجری کو خاندانِ رسالتؐ کی بہو بیٹیاں، قیدیوں کی صورت میں حاکم کے دربار میں پیش کی گئیں اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے ابنِ زیاد کے دربار میں اعلائے کلمۃ الحق کا فریضہ انجام دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○ — کوفہ میں چند روز ٹھہرانے کے بعد، حاکم وقت کی طرف سے اسیرانِ کربلا کے قافلے کو شام کی طرف روانہ کر دیا گیا —— شام پہنچنے کے بعد اہلِ حرم کو دربارِ یزید میں پیش کیا گیا، اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے ایسا فصیح و بلیغ خطبہ دیا جس نے اربابِ اقتدار کے بام و در کو ہلا دیا۔

○ — عرصۂ دراز تک اسیرانِ کربلا کو شام کے اُس قید خانہ میں رکھا گیا جس کے بارے میں مورخین کا بیان ہے کہ (اس میں رکھے جانے والے قیدیوں کو):

"نہ دن میں تمازتِ آفتاب سے امان تھی، اور نہ رات کو سرد ہواؤں سے محفوظ تھے۔"

اور "مثیر الاحزان" کی عبارت یہ ہے کہ: "دَ اَسْکَنُ فِی مَسَاکِنَ لَا یَقِیْنَ مِنْ حَرٍّ وَلَا بَرْدٍ حَتّٰی تَقَشَّرَتِ الْجُلُوْدُ ....."

(ان لوگوں کو ایسے گھروں میں رکھا گیا جو نہ گرمی سے بچاتے تھے نہ سردی سے، یہاں تک کہ اُن کے جسم کی کھال پھٹ کر رہ گئی)

جس سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ کس قدر طویل مدت ان حضرات کو وہاں رہنا پڑا۔

ملاحظہ فرمایئے: مثیر الاحزان ص ۱۰۲

قیدی رسن بستہ تھے، اور امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں، پیروں میں بیڑیاں اور گلے میں طوق پڑا ہوا تھا۔

○ — دمشق میں قیام کے دوران، ایک روز منہال نے امام زین العابدینؑ سے حالات دریافت کیے، تو آپؑ نے فرمایا:

"ہمارے ساتھ ان لوگوں کا سلوک تقریباً ویسا ہی ہے، جیسا فرعونیوں کا سلوک حضرت موسیٰؑ کے پیروکاروں کے ساتھ تھا کہ اُن کے مَردوں کو ذبح، اور ان کی عورتوں کو قیدی بناتے تھے۔

اے منہال —— اہلِ عرب، دوسروں پر یہ فخر کرتے ہیں کہ: حضرت محمد مصطفےٰؐ عرب تھے۔

اہلِ عرب میں سے قریش، غیر قریش پر اس لئے فخر کرتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفےٰؐ بھی قریش سے تھے۔

لیکن ہم لوگ جو آنحضرتؐ کے اہلبیتؑ ہیں، ہم سے ہر قسم کی دشمنی بھی کی جا رہی ہے، ہمیں قتل بھی کیا جا رہا ہے، ہمیں اپنے گھروں سے بے گھر بھی کیا جا رہا ہے .....

بہرحال، ہم قضا و قدرِ الٰہی پر راضی ہیں؛

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

مورخین کا بیان ہے کہ اہلبیتِ طاہرینؑ کی اسیری کی خبر جیسے جیسے لوگوں تک پہنچی، اُن کے درمیان غم و غصہ کی لہر دوڑنے لگی۔ چنانچہ شیخ عباس قمی لکھتے ہیں کہ:

چوں مردم شام ہبر قتل حضرت سید الشہداء علیہ السلام و مظلومیتِ اہلبیت او، و ظلم یزید مطلع شدند و مصائب اہلبیت پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم را بدانستند آثار کراہت و عصبیت از دیدار ایشان ظاہر گردید۔

(جب لوگوں کو حضرت سید الشہداء (امام حسین) علیہ السلام کی شہادت، اہلبیتِ کرام کی مظلومیت، اور یزید کے مظالم کی خبر ہوئی۔ اور لوگوں کے علم میں یہ بات آئی کہ پیغمبرِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے اہلِ خاندان پر کس قدر مصائب ڈھائے گئے ہیں۔ تو (اسیروں کی مظلومیت) اور اُن کے مصائب کا مشاہدہ اس بات کا سبب بنا کہ وہ حکمرانوں سے نفرت کرنے لگے۔

جس کے بعد نعمان بن بشیر کے ساتھ اسیروں کا قافلہ شام سے رخصت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو کر مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوا۔

○ — معروف ہے کہ۔۔ قیدِ شام سے واپسی کے موقع پر امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے پدرِ بزرگوار کے سر کو، دیگر شہیدوں کے سروں کے ساتھ لاکر کربلا میں دفن کیا۔

البتہ اس سلسلہ میں مورخین نے دوسری متعدد روایتیں بھی ذکر کی ہیں۔

(ملاحظہ فرمائیں منتہی الآمال وغیرہ)

○ — اہلبیت کرام کا قافلہ راستے کی مختلف منازل طے کرتا ہوا مدینہ منورہ کے قریب پہنچا۔

بشیر بن جذلم نے، جو قافلہ کے ساتھ چل رہا تھا، بیان کرتا ہے کہ:

"جب ہم لوگ مدینہ کے قریب پہونچے، تو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے ایک مناسب جگہ خیمے نصب کرائے، سواری سے اترے اور مجھ سے فرمایا:

"اے بشیر! خداوندِ عالم تمہارے پدرِ بزرگوار پر رحمت نازل کرے وہ شاعر تھے، کیا تم بھی اپنے باپ کے فن سے کچھ تعلق رکھتے ہو۔؟

بشیر نے کہا: ہاں۔ اے فرزندِ رسول۔ میں بھی شاعری کرتا ہوں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:

"تو پھر تم مدینہ میں جاکر (میرے پدرِ بزرگوار کی شان میں) مرثیہ پڑھو، اور اپنے اشعار کے ذریعے) اُن لوگوں کو (امام حسینؑ کی) شہادت کی خبر سناؤ۔"

بشیر کا بیان ہے کہ:

امام علیہ السلام کے حکم کے مطابق میں شہر کے اندر داخل ہوا، اور

یہ دو شعر پڑھے،

یا اھل یثرب لا مقام لکم بھا
قتل الحسین فادمعی مدرار
الجسم منہ بکربلاء مضرج
والراس منہ علی القناۃ یدار

(اے یثرب والو

یہ جگہ اب تمہارے لئے رہنے کے لائق نہیں رہی۔

حضرت امام حسینؑ شہید کردیئے گئے، جن پر اشکوں کا سیل مسلسل رواں رہنا چاہیئے۔

اُن کا جسم مبارک کربلا کی زمین پر خون میں غلطاں تھا

اور اُن کے سرِ اقدس کو نوکِ نیزہ پر بلند کرکے دیار بدیار پھرایا گیا۔)

بشیر کہتا ہے کہ:

یہ اشعار سنتے ہی ہر طرف سے لوگ اپنے گھروں سے نکل پڑے، عورتوں کے نالہ و شیون اور مَردوں کی فریاد کی صدائیں بلند تھیں۔

اس دن سے زیادہ مدینہ کو کبھی سوگوار اور اشکبار نہیں دیکھا گیا تھا

لوگوں کے درمیان سے ایک خاتون میری طرف آئی اور پوچھا کہ تم کون ہو اور کہاں سے آرہے ہو۔؟

میں نے کہا: میرا نام بشیر بن جذلم ہے، میرے آقا امام زین العابدینؑ نے مجھے حکم دیا تھا کہ میں یہ خبر اہلِ مدینہ تک پہنچا دوں —— وہ خود اہلِ حرم کے ساتھ، مدینہ سے باہر فلاں جگہ پر ٹھہرے ہوئے ہیں۔

بشیر کہتا ہے کہ یہ سنتے ہی سب لوگ میرے پاس سے جدا ہو کر اسی جگہ کی طرف

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

تیزی سے روانہ ہوئے۔

میں خود بھی وہاں سے فوراً ہی روانہ ہو گیا، لیکن جب میں امام علیہ السلام کے پاس پہونچا ہوں، تو میرے پہونچنے سے قبل اہلِ مدینہ اتنی بڑی تعداد میں امام کے پاس پہونچ چکے تھے کہ میرے لئے آپ کے قریب پہونچنا ممکن نہ تھا۔

امام علیہ السلام خیمے سے باہر ایک جگہ تشریف فرما تھے، آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ لوگوں کے آہ و بکا کی آواز بلند تھی، امام علیہ السلام کے آنسو کسی طرح رُک ہی نہیں رہے تھے۔

کافی دیر تک نالہ و شیون کی صدائیں بلند رہیں۔

اُس کے بعد امام زین العابدین علیہ السلام نے لوگوں سے خطاب فرمایا:

جس میں حمد و ثنائے پروردگار کے بعد فرمایا کہ:

"خداوندِ عالم نے ہمیں ایک عظیم آزمائش سے گزارا۔ اور اس امتحان (میں ثابت قدم رکھا)۔: یہ ایک عظیم مصیبت تھی جو دنیائے اسلام میں واقع ہوئی۔

قتل ابوعبداللہ الحسین علیہ السلام وعترتہ، وسبی نساءہ وصبیہ، ودار برؤسہم فی البلدان من فوق عامل السنان۔

(حضرت ابوعبداللہ امام حسین علیہ السلام اور ان کے اہلِ خاندان شہید کئے گئے۔

اُن (کے گھر) کی خواتین، اور اُن کی بیٹی کو قیدی بنایا گیا۔

اُن کے سر (مبارک) کو نوکِ نیزہ پر بلند کر کے شہروں میں پھرایا گیا) (انا للہ وانا الیہ راجعون)

راوی کہتا ہے کہ امام علیہ السلام کربلا کی داستان کے حوالے سے رقت انگیز کلمات ادا کرتے جاتے تھے اور گریہ و بکا کی آوازیں بلند ہوتی جا رہی تھیں)۔ پھر امام مدینہ منورہ میں داخل ہوئے۔ اور سارا شہر گریہ و ماتم کی صداؤں میں ڈوب گیا۔

○ — جناب مختارؒ نے واقعہ کربلا کے چند سال بعد، قید سے رہائی پا کر جب حضرت امام حسین علیہ السلام اور شہیدانِ کربلا کے قاتلوں سے انتقام لیا —— اور خاص طور سے عمر سعد، شمر لعین اور ابنِ زیاد ملعون کے واصلِ جہنم ہونے کی خبر حضرت امام زین العابدینؑ تک پہونچی تو خاندانِ اہلبیتؑ کا رنج قدرے کم ہوا۔

چنانچہ علامہ مجلسیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ:

روی: انہ ما اکتحلت ہاشمیۃ ولا اختضبت، ولا رأی فی دار ہاشمی دخان الی خمس حجج، حتی قتل عبید اللہ بن زیاد۔

(کسی ہاشمی خاتون نے زینت کا کوئی کام۔ نہیں کیا۔ نہ ہاشمی خاندان کے کسی گھر سے دھواں اٹھتا ہوا دیکھا گیا، یہاں تک کہ پانچ سال اسی طرح گزر گئے، اور عبید اللہ بن زیاد واصلِ جہنم ہوا (تو خاندان کے اندر خوشی کی لہر دوڑی) اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے جناب مختار (علیہ الرحمہ) کو دعائے خیر دی۔

○ — س۶۴ھ ہجری کے اواخر میں یزید واصلِ جہنم ہوا۔ اور اس کے بیٹے "معاویہ بن یزید" کو لوگوں نے مسندِ حکومت پر بٹھایا۔ تو اُس نے خطبہ دیتے ہوئے اعلان کیا کہ:

"نہ میرے باپ دادا اس مسند کے حقدار تھے، اور نہ میں اس کا سزاوار ہوں، بلکہ اس مسند کے اصل حقدار اہلبیتِ کرام ہیں (جن کے پاس ورثہ میں

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس وقت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہیں)

○— معاویہ بن یزید حکومت سے دست بردار ہوگیا جس کے بعد مروان بن الحکم وقت کا حکمران بن بیٹھا (جس پر حضور اکرمؐ نے لعنت فرمائی تھی)

○— مروان کے بعد اس کے بیٹے عبدالملک بن مروان کی حکومت رہی، اور اس کے دنیا سے جانے کے بعد اس کا بیٹا ولید بن عبدالملک تخت حکومت پر بیٹھا، جس نے ۹۵ھ ہجری میں زہر کے ذریعے امام علیہ السلام کو شہید کرا دیا۔

○— آپؑ نے حسن بصری کو دیکھا کہ وہ خود کے پاس لوگوں سے بات چیت میں مصروف ہیں (اس وقت تک حسن بصری آپ کو پہچانتے نہ تھے۔

آپ نے اُن کے پاس جا کر فرمایا:۔ کیا اپنے کو موت کے لئے آمادہ کر چکے ہو۔؟

کہا: نہیں۔

فرمایا:۔ اپنے عمل کے حساب (و کتاب) کے لئے آمادہ ہو؟

کہا:۔ نہیں۔

فرمایا:۔ کیا دنیا کے بعد بھی عمل کی کوئی جگہ ہوگی۔؟

کہا:۔ نہیں۔

فرمایا:۔ کیا تو سمجھتے ہو، اس گھر کے علاوہ بھی (خدا کا کوئی ایسا گھر ہے) جو لوگوں کے لئے پناہ گاہ ہو؟

کہا:۔ نہیں۔

فرمایا:۔ کہ پھر لوگوں کو طواف سے روک کر دوسری باتوں میں انہیں مصروف کرتے ہو؟

یہ کہہ کر آپ وہاں سے چلے گئے۔

حسن بصری نے لوگوں کو مخاطب کر کے کہا:

(خدا کی قسم) —— آج تک ایسے (نصیحت آمیز) کلمات میری سماعت تک نہیں پہونچے تھے۔

"یہ کون صاحب ہیں۔؟

لوگوں نے بتایا کہ: یہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہیں۔

حسن بصری نے یہ سُن کر قرآن مجید کی آیت پڑھی:

"ذریۃ بعضھا من بعض"

اور حسن بصری کے اس اعتراف سے یہ حقیقت ایک بار پھر آشکار ہو کر سامنے آئی کہ:

حق و حقانیت کسی نہ کسی وقت اپنا کلمہ پڑھوا ہی لیتے ہیں —— اور راہِ مستقیم سے ہٹ کر چلنے والے افراد کی زندگی میں بھی ایسے لمحات آجاتے ہیں جب وہ کلمۂ حق جاری کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

چنانچہ، یہ تاریخی حقیقت ہے کہ:

جن لوگوں نے بھی حضراتِ اہلبیت طاہرین علیہم السلام کے اُسوۂ حسنہ سے ہٹ کر زندگی گذارنا، مادی اور دنیاوی مفادات کے لحاظ سے، سود مند خیال کیا تھا۔

ان کو بھی، کسی نہ کسی وقت یہ بات تسلیم کرنی پڑی کہ:

خاندانِ رسالت کو پوری کائنات میں جو امتیاز حاصل ہے، اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

کیونکہ یہی وہ ہستیاں ہیں جن کے بارے میں سرکارِ خاتم الانبیاء احمد مجتبیٰ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

لحمھم لحمی و دمھم دمی، یولمنی ما یولمھم و یحزننی ما یحزنھم انا حرب لمن حاربھم و سلم لمن سالمھم۔ لانھم منی و انا منھم۔

ان کا گوشت میرا گوشت ہے، ان کا خون میرا خون ہے۔ جو بات انہیں رنج پہونچائے گی۔ جو انہیں غمزدہ کرے گا، وہ مجھے غمزدہ کرے گا۔ جن لوگوں سے ان کی جنگ ہو ان سے میری جنگ ہے۔ اور جو ان سے صلح کریں ان سے میری صلح ہے۔

کیونکہ۔

یہ مجھ سے ہیں، اور میں ان سے ہوں...

(حدیث کساء)

آپ کی عظمت و جلالت کا اعتراف

امام چہارم، سید الساجدین حضرت زین العابدین علیہ السلام کی عظمت و جلالت کا اعتراف اُن مورخین، مفسرین، محدثین اور مختلف مکاتب فکر کے اعاظم نے بھی کیا ہے جو آپ کو امام منصوص نہیں مانتے تھے

بلکہ دنیائے اسلام کے ایسے افراد بھی جنہیں اغیار کی نگاہوں میں خصوصی منزلت حاصل ہے، انہوں نے امام علیہ السلام کے بارے میں یہ اعتراف کیا ہے کہ:

"ہم نے آپ سے افضل روئے زمین پر کسی کو نہیں دیکھا۔"

جیسا کہ سعید بن مسیب کے بارے میں ابن یعقوبی نے لکھا ہے کہ:

قال سعید بن مسیب:

مَا رَاَیتُ قَطُّ اَفضَلَ مِن عَلِیّ بنِ الحُسَین ؑ

(میں نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہی نہیں جو فضیلت میں حضرت علی ابن الحسین (امام زین العابدین) علیہ السلام سے بڑھکر ہو)

(ملاحظہ فرمائیے:
تاریخ ابن واضح یعقوبی
جلد ۲، صفحہ [illegible])

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور عبداللہ بن موسیٰ نے اپنے آباؤ اجداد کے تذکرے میں لکھا ہے کہ:

...فَمَا جَلَسْتُ اِلَيْهِ قَطُّ اِلَّا قُمْتُ بِخَيْرٍ قَدْ اَفَدْتُهُ

اِمَّا خَشْيَةٌ لِلّٰهِ تَحْدُثُ فِيْ قَلْبِيْ لِمَا اَرٰى مِنْ

خَشْيَتِهِ لِلّٰهِ اَوْ عِلْمٌ قَدِ اسْتَفَدْتُهُ مِنْهُ

(راوی کہتا ہے کہ) میں جب بھی (امام زین العابدین علیہ السلام)

کے پاس بیٹھا خیر و برکت حاصل کر کے اٹھا

یا تو میرے دل میں (خشیّت) خوف پیدا ہوا، کیونکہ میں نے

امام علیہ السلام کے ترسِ خدا کا مشاہدہ کیا۔ یا پھر میرے علم میں (اضافہ ہوا)

کیونکہ میں نے اُن سے کسبِ فیض کیا)

ملاحظہ فرمائیے:

(ارشاد، شیخ مفید، صفحہ ۲۵۸)

۵

اور سفیان بن عیینہ کا بیان ہے کہ:

امام زین العابدین علیہ السلام کے بارے میں ابن شہاب زہری

کہا کرتے تھے کہ:

وَكَانَ اَفْضَلَ هَاشِمِيٍّ اَدْرَكْنَاهُ

خاندانِ بنی ہاشم کے جن لوگوں سے میں نے ملاقات کی ہے

اُن میں وہ سب سے افضل ہیں)

(... : حوالہ مذکورہ)

۶

عبدالقیس کا بیان ہے کہ:

قال طاؤس: دخلت الحجر فی اللیل فاذا علی بن الحسین

قد دخل فقام یصلی.

فصلی ما شاء اللّٰہ ثم سجد

قال: قلت: رجل صالح من اهل بیت الخیر لاستمعن

الی دعاءہ، فسمعتہ یقول فی سجودہ:

عُبَيْدُكَ بِفِنَائِكَ، مِسْكِيْنُكَ بِفِنَائِكَ، فَقِيْرُكَ

بِفِنَائِكَ، سَائِلُكَ بِفِنَائِكَ

قال طاؤس:

فما دعوت بھن فی کرب الا فرج عنی

(طاؤس کہتے ہیں کہ:

میں رات کے وقت حجرِ اسماعیلؑ میں داخل ہوا، اسی دوران حضرت

امام زین العابدینؑ علی بن الحسینؑ بھی وہاں تشریف لائے اور نماز

کے لیے کھڑے ہو گئے۔

کافی دیر تک آپ نماز پڑھتے رہے۔

(اختتامِ نماز پر) آپ سجدے میں گئے۔

(طاؤس کہتے ہیں کہ) میں نے (دل میں) کہا (یہ مرد)

اہل بیت کرام میں سے ایک صالح شخصیت ہیں، میں سنتا ہوں یہ اپنی

دعا میں کیا پڑھ رہے ہیں؟

(اس ارادے سے میں نے اُن کی آواز کو غور سے سننا شروع کیا)

آپ اس وقت حالتِ سجدہ میں فرما رہے تھے

"(یا اللہ) تیرا بندہ تیری بارگاہ میں حاضر ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیرا مسکین تیری جناب میں ہے۔
تیرا فقیر تیرے دروازے پر ہے۔
تجھ سے سوال کرنے والا، تیرے در (دولت) پر آیا ہے۔"

طاؤس کہتے ہیں کہ:

(میں نے اس دعا کو یاد کرلیا' اور پھر جب بھی کسی پریشانی' اور مصیبت کے موقع پر اس دعا کو پڑھا' تو میری پریشانی ضرور دور ہوئی۔

(ملاحظہ فرمایئے "الارشاد" صفحہ ۲۰۰)

۶

عبداللہ بن بکیر کی روایت ہے:

انہوں نے زرارہ بن اعین سے نقل کیا ہے کہ:

آدھی رات کو (فضا میں) ایک آواز گونجی:

اَیْنَ الزَّاھِدُوْنَ فِی الدُّنْیَا، اَلرَّاغِبُوْنَ فِی الْآخِرَۃِ۔

(کہاں ہیں وہ لوگ جو دنیا میں زہد اختیار کیے ہوئے ہیں' اور اُن کی رغبت کا مرکز آخرت ہے)؟

تو جنت البقیع کے اطراف سے ایک آواز آئی (لیکن کوئی شخص) نظر نہیں آرہا تھا کہ

"وہ علی بن الحسین (زین العابدین) علیہ السلام ہیں۔"

(الارشاد صفحہ ۲۰۰)

۶

یونس بن بکیر نے ابن اسحاق سے نقل کیا ہے کہ:

مدینہ منورہ میں بہت سے ایسے گھر تھے جہاں رزق کا سامان' اور

ضروریاتِ زندگی کی چیزیں برابر پہنچتی رہتی تھیں۔

لیکن اُن لوگوں کو پتہ بھی نہیں چلتا تھا کہ یہ چیزیں' اُن لوگوں کے پاس کہاں سے آتی ہیں؟

البتہ جب امام زین العابدین علیہ السلام نے رحلت فرمائی (اور اُس شب ان لوگوں تک وہ چیزیں نہ پہونچیں (تب اندازہ ہوا کہ امامؑ ہی تھے جو ان لوگوں تک وہ چیزیں پہونچاتے تھے)

( )

۶

اور عالمِ اسلام کی ایک اور جانی پہچانی شخصیت:

"راغب اصفہانی"

کی روایت ہے جسے ابنِ جوزی نے (اموی حکمراں) عمر بن عبدالعزیزؒ کے حالات ——— میں لکھا ہے کہ:

"ایک روز امام زین العابدین حضرت علی بن الحسین علیہ السلام کے تشریف لے جانے کے بعد' عمر بن عبدالعزیزؒ نے لوگوں سے کہا:

"یہ بتاؤ' تمام لوگوں میں' سب سے زیادہ صاحبِ شرف کون ہے؟

(خوشامدی) لوگوں نے کہا:

"آپ اور آپ کے اہلِ خاندان!۔

یہ سن کر عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا۔

"ہرگز نہیں! ——— بلکہ تمام لوگوں میں' سب سے زیادہ صاحبِ شرف و فضیلت (حضرت امام زین العابدین علیہ السلام) ہیں' جو ابھی یہاں سے تشریف لے گئے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیونکہ یہ (اہلبیتؑ کا) خاندان ایسا ہے کہ ہر شخص یہ تمنا کرتا ہے کہ وہ ان سے منسوب ہو۔

لیکن یہ حضرات کبھی یہ پسند نہیں کرتے کہ انھیں کسی اور سے منسوب کیا جائے۔

(حوالے کے لئے ملاحظہ فرمایئے:
محاضرات الادباء: از راغب اصفہانی جلد ۱ صفحہ [illegible])

ابراہیم بن ادھم —— اور فتح الموصلی نے (امام زین العابدینؑ) کی کمسنی کا واقعہ بیان کیا ہے کہ

(حج کا زمانہ تھا) ہم لوگ قافلے کے ساتھ ایک بیابان سے گزر رہے تھے، مجھے حاجت پیش آئی تو میں قافلے سے الگ ہو کر خلوت کی طرف جانے لگا

اسی دوران میں نے ایک نونہال کو راستہ طے کرتے ہوئے دیکھا۔ تو میری زبان سے بے اختیار نکلا۔

سبحان اللہ! ایسا سنسان صحرا۔ اور اس میں یہ نونہال چلا جا رہا ہے۔

پھر میں اس بچے کے قریب گیا، اور سلام کیا

بچے نے جوابِ سلام دیا۔

میں نے پوچھا :- کہاں کا ارادہ ہے؟

فرمایا کہ: خانۂ کعبہ کا قصد ہے۔

میں نے عرض کی :- پیارے بچے! حج تو آپ پر فرض نہیں!

فرمایا :- اے بندۂ خدا! کیا آپ نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جو مجھ سے کمسن رہا ہو اور وہ دنیا سے رخصت ہو گیا ہو؟

اس بات کا تو کوئی جواب نہ دے سکا، البتہ یہ سوال کیا کہ:

زادِ راہ کیا ہے، سواری کدھر ہے؟

فرمایا:

زَادِیْ تَقْوَایَ، وَرَاحِلَتِیْ رِجْلَایَ، وَقَصْدِیْ مَوْلَایَ

(میرا زادِ راہ : میری پرہیزگاری، میری سواری : میرے دونوں پیر اور اپنے مولا کی بارگاہ میں حاضری میرا مقصد ہے)۔

میں نے عرض کیا : مجھے آپ کے ساتھ کھانے کا کوئی سامان (بھی) نظر نہیں آ رہا ہے؟

یہ سن کر انہوں نے کہا:

اے بندۂ خدا —— یہ بتایئے اگر کوئی شخص آپ کو دعوت دے تو کیا یہ مناسب ہوگا کہ آپ (دعوت پہ) جاتے وقت، اپنے گھر سے کھانا، ساتھ لے کر جائیں؟

میں نے کہا :- نہیں (یہ تو مناسب نہیں ہے)

انہوں نے فرمایا کہ :- جس (پروردگارِ عالم) نے مجھے اپنے گھر (خانۂ کعبہ پہنچنے) کی دعوت دی ہے وہی مجھے کھلاتا پلاتا ہے۔

میں نے کہا (زمین سے) اپنے قدم اٹھایئے (کسی سواری پہ بیٹھیے) تاکہ جلد پہنچ سکیں۔

فرمایا کہ :- میرے ذمہ کوشش ہے پہنچانا اُس (خداوندِ عالم) کے ذمہ ہے —— کیا آپ نے خداوندِ عالم کا یہ فرمان نہیں سنا کہ:

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا، وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(اور جو لوگ ہماری راہ میں جدوجہد کرتے ہیں ہم اپنے راستوں کی طرف اُن کی رہنمائی کر دیتے ہیں۔ یقیناً خداوند عالم نیکوکاروں کے ساتھ ہے)

(سورہ عنکبوت آیت ۶۹)

۵

راوی کہتا ہے کہ:

ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ ایک خوبصورت جوان نمودار ہوا جس نے عمدہ قسم کے سفید کپڑے پہن رکھے تھے

اس نے اُس بچے سے معانقہ کیا، اور اُسے سلام کیا۔

یہ دیکھ کر میں تیزی سے اُس جوان کی طرف گیا اور اس سے گذارش کی۔

آپ کو اُس ذاتِ کردگار کا واسطہ، جس نے آپ کو حُسن و جمال کا پیکر بنایا ہے یہ بتایئے: یہ بچہ کون ہے۔؟

جوان نے کہا: —— تم ان کو نہیں پہچانتے —؟ یہ حضرت امام حسینؑ کے فرزندِ ارجمند (علی ابن الحسینؑ) ہیں۔

یہ سُن کر میں اُس جوان کے پاس سے ہٹ کر بچے کے قریب آیا، اور اُن سے درخواست کی کہ آپ کو آپ کے آباو اجداد کا واسطہ، یہ بتایئے:

"یہ جوان کون ہیں؟"

فرمایا: —کیا تم انہیں پہچانتے نہیں۔؟"

"یہ ہمارے بھائی خضرؑ ہیں، جو روزانہ میرے پاس تشریف لاتے ہیں، اور سلام کرتے ہیں۔

میں آپ کو آپ کے آباو اجداد کے حق کا واسطہ دیتا ہوں، آپ مجھے بتایئے کہ آپ ان بیابانوں کا سفر زادِ راہ کے بغیر کیوں کر رہے ہیں؟

فرمایا: —— (میں زادِ راہ کے بغیر تو سفر نہیں کر رہا ہوں) بلکہ زادِ راہ کے ساتھ محوِ سفر ہوں۔

اور اس سفر میں چار چیزیں میری زادِ راہ ہیں۔

میں نے پوچھا: وہ کون کون سی۔؟

فرمایا: —— میں ساری دنیا کو اُس کے سازو سامان کے ساتھ خدا کی سلطنت سمجھتا ہوں۔

میں تمام مخلوقات کو خدا کے بندے اور کنیزیں سمجھتا ہوں۔

مجھے یقین ہے کہ تمام اسباب، اور ہر قسم کا رزق اللہ کے اختیار میں ہے۔

اور میرا ایمان ہے کہ اللہ کا فیصلہ، اس کی ہر زمین پر نافذ ہے

یہ سُن کر کہا:

"اے عبادت گذاروں کی زینت! آپ کا زادِ راہ تو بہت عمدہ ہے، اور اس کے ذریعے تو آخرت کی تمام گھاٹیاں طے کی جا سکتی ہیں، دنیا کے بیابانوں کی کیا حیثیت ہے!!

ملاحظہ فرمایئے:

مناقب جلد ۴ صفحہ ۲۸۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منصب امامت
کے بارے میں
عالم اسلام کی گواہی

محدث کبیر ہاشم بن سلیمان البحرانی نے اپنی مشہور و معروف کتاب "غایۃ المرام فی حجۃ الخصام" میں عالم اسلام کی معروف کتابوں کے حوالے سے ائمہ اثنا عشر کی امامت کے سلسلہ میں جو دلائل نقل کئے ہیں وہ عقل و منطق کی بنیاد پر بھی ہیں اور قرآن کریم کی آیات کے ساتھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گرانقدر ارشادات پر بھی مشتمل ہیں۔

اس سلسلہ میں آنحضرتؐ کے ایک خدمت گار جناب ابوسلیمان کی روایت کو انہوں نے ان الفاظ میں قلمبند کیا ہے کہ:

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقول:

لیلۃ اسری بی الی السماء قال لی الجلیل:

آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ

فقلت: والمومنون۔

قال: صدقت۔

قال: من خلفت من امتك؟

قلت: خيرها۔

قال: علي بن ابي طالب؟

قلت: نعم، يارب۔

قال: يا محمد اني اطلعت الى الارض اطلاعة فاخترتك منها، فشققت لك اسما من اسمائي فلا اذكر في موضع الا ذكرت معي، فانا المحمود وانت محمد۔ ثم اطلعت الثانية فاخترت منها عليا وشققت له اسما من اسمائي فانا الاعلى وهو علي،

يا محمد! ــــ اني خلقتك وعليا وفاطمة والحسن والحسين والائمة من ولده من نوري، وعرضت ولايتكم على اهل السماوات والارض فمن قبلها كان عندي من المومنين، ومن جحدها كان عندي من الكافرين۔

يا محمد! ــــ لو ان عبدا من عبيدي عبدني حتى ينقطع او يصير كالشن البالي ثم اتاني جاحدا لولايتكم ما غفرت له حتى يقر بولايتكم۔

يا محمد ــــ اتحب ان تراهم؟

قلت: نعم يارب۔

فقال: التفت عن يمين العرش، فالتفت فاذا بعلي وفاطمة والحسن والحسين وعلي بن الحسين ومحمد

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بن علی، وجعفر بن محمد وموسیٰ بن جعفر، وعلی بن موسیٰ، ومحمد بن علی، وعلی بن محمد، والحسن بن علی، والمھدی فی ضحضاح من نور قیام یصلون۔

(میں نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ:

شبِ معراج جب) مجھے آسمانوں کی طرف لے جایا گیا تھا، خداوندِ عالم نے ارشاد فرمایا:

پیغمبر ایمان لائے اُن تمام چیزوں پر جو اُن کے پروردگار کی طرف سے نازل کی گئی ہے۔

میں نے عرض کیا:۔ اور صاحبانِ ایمان (بھی)

ارشادِ قدرت ہوا:۔ تم نے سچ کہا۔

پھر فرمایا:۔ (اے پیغمبر) عرش کی طرف آتے وقت تم نے زمین پہ اپنی اُمت میں سے کسے چھوڑا؟

میں نے کہا۔ (اُسے جو) اُن میں سب سے بہتر ہے!

ارشاد ہوا۔ علیؑ ابن ابی طالب (کو)؟

میں نے کہا:۔ ہاں۔ اے میرے پروردگار۔

(خداوندِ عالم نے) فرمایا:۔ اے محمدؐ۔ میں نے پوری زمین پر نگاہ ڈالی اور اُن میں سے تمہیں منتخب (اور نگاہ) قرار دیا اور اپنے نام ہی سے تمہارے نام کو مشتق کیا۔

اب جہاں مجھے یاد کیا جائے گا وہاں تمہیں بھی یاد کیا جائے گا۔ میں محمود ہوں اور تم محمد ہو۔

اس کے بعد میں نے دوبارہ زمین پر نگاہ ڈالی، اور علی (ابن ابیطالب) منتخب کیا، اُن کا نام بھی اپنے نام سے مشتق کیا، میں اعلیٰ ہوں، اور وہ علی ہیں۔

اے محمدؐ ـــــ میں نے تمہیں، علیؑ کو، فاطمہ (زہراؑ) حسنؑ و حسینؑ ـ اور حسینؑ کی اولاد میں ائمہ (طاہرینؑ) کو اپنے نور سے پیدا کیا، اور تم سب لوگوں کی ولایت کو آسمان و زمین (کے رہنے) والوں پر پیش کیا، جس نے ولایت کو قبول کیا وہ میرے نزدیک صاحبِ ایمان ہے، اور جس نے سرکشی اور عناد سے کام لیا وہ میرے نزدیک کافروں میں سے ہے۔

اے محمدؐ ـــــ اگر میرے بندوں میں سے کوئی بندہ، میری اس قدر عبادت کرے کہ (اس کا جسم) ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے یا (اس کا بدن دُبلا ہوکر) سوکھی بالی کے مانند نہ ہوجائے، اور میری بارگاہ میں اس حالت میں حاضر ہو کہ وہ شخص تم لوگوں کی ولایت سے عناد رکھتا ہو تو میں اُسے اُس وقت تک معاف نہیں کروں گا جب تک وہ تم لوگوں کی ولایت کا اقرار نہ کرلے۔

اے محمدؐ ـــــ کیا تم (اپنی اولاد میں سے) ان تمام لوگوں کو دیکھنا چاہتے ہو؟

میں نے کہا۔

ہاں۔ اے میرے پروردگار۔

ارشادِ قدرت ہوا کہ:۔ عرش کے داہنی طرف رُخ کرو۔

میں نے جب (اس طرف) رُخ کیا تو مجھے:

علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ، علی بن الحسینؑ (زین العابدینؑ)، محمد بن علیؑ (باقرؑ)، جعفر بن محمدؑ (صادقؑ)، موسیٰ بن جعفرؑ (کاظمؑ)، علی بن موسیٰؑ (رضاؑ)، محمد بن علیؑ (تقیؑ)، علی بن محمدؑ (نقیؑ)، حسن بن علیؑ (عسکریؑ)، اور (میرے فرزند) مہدیؑ نور کے پیکر

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے ہوئے نظر آئے۔

(ملاحظہ فرمایئے، خاتمۃ الزام النواصب)

(۹)

اور حسن بن خالد... نے ایک دوسرے سلسلۂ سند سے حضور اکرمؐ کی حدیث نقل کی ہے کہ:

۔ قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم:

من احب ان یتمسک بدینی ویرکب سفینۃ النجاۃ بعدی فلیقتد بعلی بن ابی طالب ولیعاد عدوہ ولیوال ولیہ، فانہ وصیی وخلیفتی علی امتی فی حیاتی وبعد وفاتی وھو امام کل مسلم وامیر کل مومن بعدی قولہ قولی وامرہ امری ونھیہ نھیی وتابعہ تابعی وناصرہ ناصری وخاذلہ خاذلی۔

ثم قالؐ: من فارق علیا بعدی لم یرنی، ولم ارہ یوم القیامۃ ومن خالف علیا حرم اللّٰہ علیہ الجنۃ وجعل ماویہ النار ــــ ومن خذل علیا خذلہ اللّٰہ یوم یعرض علیہ ومن نصر علیا نصرہ اللّٰہ یوم یلقاہ و لقنہ حجتہ عند المسئلۃ۔

ثم قالؐ: والحسن والحسین اماما امتی بعد ابیھما وسیدا شباب اھل الجنۃ وامھما سیدۃ نساء العالمین وابوھما سید الوصیین۔

ومن ولد الحسین تسعۃ ائمۃ تاسعھم القائم

من ولدی طاعتھم طاعتی ومعصیتھم معصیتی۔
الی اللّٰہ اشکوا المنکرین لفضلھم والمضیعین لحرمتھم بعدی وکفی باللّٰہ ولیا وناصرا...

(حضرت رسولِ خدا نے ارشاد فرمایا:

"جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ میرے دین سے متمسک ہو، اور میرے بعد کشتیٔ نجات سے وابستہ رہے اُسے چاہیئے کہ:

علی ابن ابی طالبؑ کی اقتداء کرے۔

اُن کے دشمن سے دشمنی، اور اُن کے چاہنے والوں سے محبت رکھے۔

کیونکہ وہ میرے وصی ہیں۔

میری زندگی میں بھی، اور میری وفات کے بعد بھی، اُمت میں وہی میرے جانشین ہیں۔

وہ ہر مسلمان کے پیشوا اور میرے بعد ہر مومن کے حاکم ہیں۔

اُن کا قول، میرا قول ہے۔

اُن کا فرمان، میرا فرمان ہے۔

اور جس بات سے وہ منع کریں وہ (در حقیقت) میری ہی منع کردہ بات ہوگی)

اُن کی پیروی کرنے والا، میرا پیروکار ہے۔

اُن کی مدد کرنے والا میرا مددگار ہے

اور اُن کا ساتھ چھوڑنے والا، درحقیقت میرا ساتھ چھوڑنے والا ہے۔

اُس کے بعد آپؐ نے فرمایا:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے بعد، جو شخص، علی کا ساتھ چھوڑے گا، وہ روزِ قیامت میری زیارت نہ کر سکے گا، اور نہ میں اُس کی طرف دیکھوں گا۔

جو شخص علی کی مخالفت کرے گا، خداوندِ عالم جنت کو اُس کے لئے حرام قرار دے گا، اور ایسے شخص کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

جو شخص علی کا ساتھ چھوڑے گا، خداوندِ عالم اُس دن اُسے رسوا کریگا جس دن سب لوگ خدا کی بارگاہ میں پیش ہوں گے۔

اور جو علی کی مدد کرے گا، لقائے پروردگار کے دن خداوندِ عالم اُس کی تائید کرے گا، اور حساب کے موقع پر اس کے لئے حجت و برہان کی تفہیم کرے گا۔

اُس کے بعد حضورِ اکرمؐ نے فرمایا:

"حسنؑ اور حسینؑ اپنے پدرِ بزرگوار (علی بن ابی طالب) کے بعد اُمت کے امام ہیں، وہ دونوں جوانانِ جنت کے سردار ہیں، اُن کی مادرِ گرامی (فاطمہ زہراؑ) خواتینِ عالم کی سردار ہیں، اور ان دونوں کے والد (ختم) اوصیاء کے سردار ہیں۔

اور حسینؑ کی اولاد میں "۹" امام ہوں گے جن سے نویں، قائم آلِ محمدؐ امام مہدیؑ ہوں گے۔

اِن ائمہؑ کی اطاعت (درحقیقت) میری اطاعت، اور اُن کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔

میں خدا کی بارگاہ میں، اُن تمام لوگوں کی شکایت کروں گا جو اُن کے فضل (و شرف) کا انکار کریں، اور میرے بعد اُن کے احترام کا خیال نہ رکھیں۔

ولی، اور مددگار کی حیثیت سے تو اللہ ہی کافی ہے ...)

(کفایۃ الاثر صفحہ ۴۹)

☆

مذکورہ بالا حدیث میں اگرچہ امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کا اسمِ مبارک موجود نہیں ہے۔

لیکن یہ ذکر موجود ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے بعد وارثِ امامت اُن کے "۹" فرزند ہوں گے جن میں سے نویں، قائم آلِ محمدؐ ہیں۔

اور یہ بات واضح ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی اولاد میں جو "۹" امام ہیں اُن میں سب سے پہلے آپ کے فرزندِ ارجمند:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہیں۔

☆

اور حمویٰ کی روایت ہے کہ:

... حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے لوگوں کو اجتماعِ عام کا حکم دیا، پھر ایک خطبہ دیا اور فرمایا:

ایھا الناس اتعلمون ان اللہ عز وجل مولای وانا مولی المؤمنین وانا اولی بھم من انفسھم۔

قالوا: بلیٰ یا رسول اللہ۔

قال: قم یا علی ــــ فقمت، فقال:

من کنت مولاہ فعلی مولاہ ــــ اللھم وال من والاہ، وعاد من عاداہ۔

فقام سلمان فقال: یا رسول اللہ، ولایۃ ماذا؟

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقال: ولاءً كولائي، من كنت اولى به من نفسه فعلي اولى به من نفسه"

فنزل الله تعالى...

اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الاسلام دينا.

فكبر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم:

الله اكبر تمام نبوتي وتمام دين الله ولاية علي بعدي.

فقام ابوبكر وعمر فقالا:

يا رسول الله — هؤلاء الآيات خاصة في علي؟

قال: بلى فيه وفي اوصيائي —— الى يوم القيامة.

قالا: يا رسول الله بينهم لنا.

قال — علي اخي ووزيري ووارثي ووصيي، وخليفتي في اُمتي وولي كل مؤمن بعدي، ثم ابني الحسن، ثم الحسين، ثم تسعة من ولد ابني الحسين، واحد بعد واحد — القرآن معهم وهم مع القرآن لا يفارقونه، ولا يفارقهم حتى يردوا علي الحوض..

(اے لوگو — کیا تم لوگوں کو اس بات کا علم (و یقین) ہے کہ خدا اور عالم میرا مولا ہے۔

میں مومنین کا مولا ہوں، اور اُن کے نفسوں پر اُن سے

زیادہ حق رکھتا ہوں۔؟

لوگوں نے کہا: — ہاں — اے خدا کے رسول۔

یہ سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اے علی! کھڑے ہو جاؤ۔

امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ میں کھڑا ہو گیا، تو حضرت رسول خدا نے ارشاد فرمایا:

"جس کا میں مولا ہوں، اُس کے علی مولا ہیں — اے خداوندا! جو علی سے محبت کرے، تو اُس سے محبت کرنا۔ اور جو علی سے عداوت کرے تو اُسے (اپنا) دشمن قرار دینا۔

اس موقع پر جناب سلمان فارسیؓ کھڑے ہوئے اور انہوں نے دریافت کیا:

"اے خدا کے رسول — اس ولایت سے کیا مراد ہے؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

"جیسی میری ولایت ہے، ویسی ہی ان کی ولایت ہے، جن لوگوں کے نفسوں پر مجھے خود اُن سے زیادہ حق حاصل ہے، اُن کے نفسوں پر علی کو بھی خود اُن لوگوں سے زیادہ حق حاصل ہے۔

اُس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی کہ:

"آج میں نے تمہارے لئے دین کو مکمل کیا، تم پر اپنی نعمت پوری کر دی، اور تمہارے لئے دینِ اسلام سے راضی ہو گیا۔"

(یہ سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ نے تکبیر بلند کی، اور فرمایا:

"خدا کی بڑائی (بیان کرتا ہوں) نبوت کی تکمیل پر — اور اس بات پر کہ میرے بعد علی کی ولایت سے دین پورا ہوا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس موقع پر شیخین کھڑے ہوئے، اور دریافت کیا:

"اے خدا کے رسول ـــــ کیا یہ آیت حضرت علی (ابن ابی طالب) کے لئے مخصوص ہے۔؟"

حضورِ اکرمؐ نے ارشاد فرمایا۔

"ہاں یہ اُن کے بارے میں اور قیامت تک آنے والے میرے اوصیاء کے بارے میں ہے!

اُن دونوں حضرات نے گذارش کی،

"اے خدا کے رسول (اُن اوصیاء) کی وضاحت فرمایئے!

حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اُن میں سب سے پہلے (علیؑ) ہیں جو میرے بھائی، میرے وزیر، میرے وارث، میرے وصی اور اُمت میں میرے جانشین ہیں۔

میرے بعد ہر صاحبِ ایمان کے ولی (و سرپرست) ہیں۔

پھر میرے فرزند حسنؑ (ابنِ علی)

اس کے بعد حسینؑ (ابنِ علی)

اس کے بعد حسینؑ کی اولاد میں "۹" حضرات یکے بعد دیگرے (میرے وصی ہوں گے)

قرآن اِن لوگوں کے ساتھ ہوگا، اور وہ قرآن کے ساتھ ہوں گے، نہ کبھی وہ قرآن کو چھوڑیں گے نہ قرآن اُن کو چھوڑے گا، یہاں تک (روزِ قیامت) حوضِ کوثر پر میرے پاس پہونچ جائیں گے۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے غایت المرام فی حجۃ الخصام)

راوی نے اگرچہ تصریح نہیں کی ہے، لیکن قرائن سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ روایت واقعہ غدیر سے ہی متعلق ہے، جب ۱۸ ذی الحجہ کو حجۃ الوداع سے واپسی کے موقع پر، "غدیر" کے مقام پر سرورِ کائنات حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک لاکھ سے زیادہ حجاجِ کرام کو اس میدان میں جمع ہونے کا حکم دیا۔

جب سب جمع ہوگئے تو آپ نے ایک فصیح و بلیغ خطبہ دیا، جس میں آپؐ نے اپنی تیئس (۲۳) سالہ تبلیغی خدمات کا ذکر کیا۔

اور پھر مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی جانشینی کا اعلان کیا، جس کے بعد آپؐ کے ساتھیوں نے، جنابِ امیرؑ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ:

"بخٍ بخٍ لک یا ابن ابی طالبؑ فقد اصبحت مولای و مولی کل مومن و مومنہ ـــــــ (مبارک ہو، مبارک ہو، اے ابوطالبؑ کے فرزند، بیشک آپ ہمارے اور ہر مومن و مومنہ کے مولا ہوگئے)

◆

اور سلیم کی روایت ہے:

... قال علی علیہ السلام:

ایھا الناس اتعلمون ان اللہ انزل فی کتابہ:

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا۔

فجمعنی و فاطمہ وابنی حسنا والحسین ثم القی علینا کساءً و قال م:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللھم ھولاء اھل بیتی وخصتی، یولمنی مایولمھم
ویجرحنی مایجرحھم، فاذھب عنھم الرجس
وطھرھم تطھیرا۔

قالت: ام سلمہ:
وانا یا رسول اللہ؟
فقال: انت الی خیر، انما نزلت فیّ، وفی علی
بن ابی طالب، وفی ابنی وتسعۃ من ولد الحسین
خاصۃ۔

فقالوا، کلھم: نشھد ان ام سلمہ حدثتنا بذالک
فسألنا رسول اللہ فحدثنا کما حدثتنا۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:

"اے لوگو! کیا تم لوگوں کو اس بات کا علم ہے کہ خداوند عالم نے (جب) اپنی کتاب (قرآن مجید) میں یہ آیت نازل فرمائی کہ:

"بیشک اللہ کا ارادہ یہ ہے کہ: "اے اہل بیت پیغمبر تم سے ہر رجس کو دور رکھے اور تمہیں ایسا پاک کرے جو طہارت کا حق ہے" تو آنحضرت نے مجھے (حضرت) فاطمہ اور میرے بیٹوں حسن و حسین کو اکٹھا کیا، اور ہم سب کو ایک چادر کے نیچے لے کر دعا فرمائی:

"اے خداوندا ۔۔۔ یہ میرے اہلبیت اور میرا گوشت (پوست) ہیں، جو بات ان کو رنجیدہ کرے گی، وہ مجھے بھی رنجیدہ کرے گی، جس بات سے ان کا (دل) زخمی ہوگا اس بات سے میرا بھی (دل) زخمی ہوگا۔

گروں سے ہر رجس کو دور رکھنا اور انہیں ایسی طہارت عطا فرمانا جو طہارت کا حق ہے۔

یہ سن کر جناب ام سلمیٰ نے کہا:

"اے خدا کے رسولؐ کیا میں (بھی چادر کے نیچے آجاؤں)؟

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"تم نیکی پر ہو ۔۔۔ (البتہ یہ آیت میرے بارے میں، علی بن ابی طالب (میری بیٹی فاطمہ زہرا) میرے دونوں فرزندوں (حسن و حسین) اور حسین کی اولاد میں "۹" (ائمہ) کے لئے خاص طور سے نازل ہوئی ہے)

یہ سن کر سب نے کہا، ہم گواہی دیتے ہیں کہ جناب ام سلمیٰ نے یہ سب کچھ ہم سے بیان کیا تھا۔

اور جو کچھ انہوں نے بتایا تھا اس کا ذکر ہم لوگوں نے رسول خدا کے سامنے کیا تو آنحضرت نے بھی اس کی تائید فرمائی۔)

غور کرنے سے بات واضح نظر آتی ہے کہ:

یہ روایت "درحقیقت" حدیث کساء کا ہی تسلسل ہے، جو مفصل مضمون کے ساتھ ہماری دونوں کی کتابوں میں موجود ہے اور جس کو مرحوم طبرسی جیسے اعاظم نے معتبر اسناد کے ساتھ جناب جابر بن عبداللہ انصاری سے نقل کیا ہے۔

اور علمائے اہلسنت کی نہایت معتبر کتابوں (و تفسیروں) کا ایک کثیر حصہ موجود ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

—— نیز ——

آپ نے اُن لوگوں سے یہ بھی فرمایا کہ:

انشدکم اللہ —— اتعلمون ان اللہ انزل فی سورۃ الحج:

"یا ایھا الذین آمنوا ارکعوا واسجدوا واعبدوا ربکم وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون ○ وجاھدوا فی اللہ حق جھادہ، ھو اجتباکم وما جعل علیکم فی الدین من حرج، ملۃ ابیکم ابراھیم ھو سماکم المسلمین من قبل وفی ھذا، لیکون الرسول شھیدا علیکم وتکونوا شھداء علی الناس، فاقیموا الصلوۃ وآتوا الزکوۃ واعتصموا باللہ، ھو مولاکم فنعم المولی ونعم النصیر۔"

فقام سلمان، وقال:

یارسول اللہ —— من ھؤلاء الذین انت علیھم شھید وھم شھداء علی الناس —— الذین اجتباھم اللہ ولم یجعل علیھم فی الدین من حرج —— ملۃ ابراھیم!

قال ؑ:

عنی بذلک ثلاثۃ عشر رجلا خاصۃ، من دون ھذہ الامۃ!

قال سلمان۔ بینھم لنا یارسول اللہ!۔

قال ؑ۔

انا واخی علی، واحد عشر من ولدی۔

قالوا: —— اللھم نعم۔

(میں تم لوگوں کو خداوند عالم کی قسم دے کر سوال کرتا ہوں کہ:

کیا تمہارے علم میں ہے کہ خداوند عالم نے سورۂ حج میں فرمایا:

"اے ایمان والو —— رکوع اور سجدہ کرتے رہو، اپنے پروردگار کی عبادت کرو، اور نیک کام کرتے رہو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔

اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔

اُسی نے تمہیں برگزیدہ قرار دیا ہے، اور تم پر دین کے بارے میں کوئی سختی روا نہیں رکھی۔

(یہ) تمہارے باپ ابراہیمؑ کی ملت ہے! —— اُن ہی نے تمہارا نام مسلمان رکھا، اس (قرآن سے) پہلے بھی اور اس میں بھی۔

تاکہ پیغمبر تم لوگوں پر گواہ ہوں، اور تم لوگ (تمام) بنی نوع انسان پر گواہ رہو۔

پس تمہیں چاہیے کہ نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، اور اللہ سے پوری طرح سے) وابستہ رہو۔

وہی تمہارا مولا ہے —— اور وہ بہت اچھا مولا، اور بہت اچھا مددگار ہے"

(حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب اس آیت کی تلاوت فرمائی) —— تو سلمانؓ (فارسی) کھڑے ہوئے اور انہوں نے حضور اکرمؐ سے دریافت کیا۔

"اے خدا کے رسول ——

"وہ لوگ کون ہیں جن پر آپ گواہ ہوں گے، اور وہ لوگ باقی انسانوں پر گواہ ہوں گے؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جن کو خداوندِ عالم نے برگزیدہ قرار دیا ہے۔؟
جن پر دین کے سلسلہ میں کوئی تنگی نہیں رکھی ہے!
جو ملتِ ابراہیم ہیں —— ؟
یہ سُن کر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا۔
(آیت میں) اُمّت کے (عام) لوگوں کا تذکرہ نہیں ہے، بلکہ خاص طور سے تیرہ اشخاص کو مراد لیا گیا ہے۔
سلمان نے کہا : اے خدا کے رسول بیان فرمائیے (وہ کون لوگ ہیں)؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا کہ :
"میں، علیؑ اور میری اولاد میں سے گیارہ (ائمہ)"۔
(جب امیر المومنینؑ نے لوگوں کے سامنے اس واقعے کا ذکر کیا اور ان سے پوچھا کہ بتاؤ تم لوگوں نے یہ باتیں سُنی ہیں یا نہیں)
تو سب نے کہا کہ : خداوندا (گواہ رہنا) —— ہاں (ہم نے ایسا ہی سنا ہے)

٥

جناب ابنِ عباس سے منقول ہے کہ :
"ایک یہودی جس کا نام نعثل تھا حضرت رسولِ خدا کی خدمت میں حاضر ہوا جس نے خداوندِ عالم کی ذات، صفات، اور اس کی وحدانیت وغیرہ کے بارے میں متعدد سوالات کئے
اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے اُس کے سوالات کے ایسے مدلل جوابات مرحمت فرمائے کہ وہ سرِ تسلیم خم کرنے پر مجبور ہو گیا

آخر میں اُس نے حضورِ اکرم سے دریافت کیا کہ :
... فاخبرنی عن وصیک من ھو ؟ فما من نبی الّا ولہ وصی، وان نبینا موسیٰ ابن عمران اوصیٰ الی یوشع بن نون —— ؟
فقال ؐ :- نعم —— ان وصیی والخلیفۃ من بعدی علی بن ابی طالب، وبعدہ سبطای الحسن والحسین، ویتلوہ تسعۃ من صلب الحسین ائمۃ ابرار۔
قال :- یا محمد۔ فسمھم لی !-
قال ؐ :- نعم —— اذا مضی الحسین فابنہ علی فاذا مضی علی فابنہ محمد —— فاذا مضی محمد فابنہ جعفر —— فاذا مضی جعفر فابنہ موسیٰ فاذا مضی موسیٰ فابنہ علی، فاذا مضی علی فابنہ محمد ثم ابنہ علی ثم ابنہ الحسن ثم الحجۃ ابن الحسن، فھذہ اثنا عشر ائمۃ عدد نقباء بنی اسرائیل۔
قال :- فاین مکانھم فی الجنۃ ؟
قال ؐ :- معی فی درجتی !
قال : اشھد ان لا الٰہ الّا اللّٰہ، وانک رسول اللّٰہ واشھد انھم الاوصیاء بعدک۔
ولقد وجدت ھٰذا فی الکتب المتقدمۃ و فیما عھد الینا موسیٰ ابن عمران: انہ اذا کان آخر الزمان یخرج نبی یقال لہ احمد خاتم الانبیاء

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لانبی بعدہ ویخرج من صلبہ ائمۃ ابرار عدد الاسباط

قال: فقال ؟ :

یا اباعمارہ —— اتعرف الاسباط ؟

قال : نعم یا رسول اللہ، انہم کانوا اثنا عشر۔

(آپ بتایئے : آپ کے وصی (اور جانشین) کون ہیں ؟

کیونکہ ہر پیغمبر کا کوئی نہ کوئی وصی ہوتا ہے۔

ہمارے پیغمبر حضرت موسیٰؑ بن عمران نے (دنیا سے تشریف لے جانے سے پہلے) جناب "یوشع بن نون" کو اپنا وصی مقرر کیا تھا۔

یہ سُن کر حضور اکرمؐ نے فرمایا:

ہاں —— (میرا وصی بھی خدا کی طرف سے معین ہے) میرے وصی اور میرے بعد میرے جانشین علیؑ بن ابی طالب ہیں۔

ان کے بعد میرے دونوں نواسے —— حسنؑ اور حسینؑ —— اور ان کے بعد اولادِ حسینؑ سے "۹" اشخاص —— امام برحق ہونگے۔

انہوں نے کہا:۔ اُن ائمہ کے نام مجھے بتایئے۔

تو آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا،

جب حسینؑ دنیا سے چلے جائیں گے تو ان کے بیٹے "علیؑ زین العابدینؑ" امام ہوں گے۔

جب علی (بن الحسینؑ) دنیا سے رخصت ہوں گے تو اُن کے بیٹے "محمدؑ (باقرؑ)"

جب محمد باقرؑ دنیا سے رخصت ہوں گے تو اُن کے فرزند جعفر (صادقؑ)

جب جعفر (صادقؑ) رخصت ہوں گے تو ان کے بیٹے موسیٰؑ (کاظمؑ)

جب موسیٰؑ (کاظمؑ) رحلت کر جائیں تو اُن کے فرزند علیؑ (رضاؑ) اور جب علیؑ (رضاؑ) دنیا سے رخصت ہوں تو ان کے فرزند محمد (تقیؑ) (پھر جب محمد (تقیؑ) کا انتقال ہو جائے تو) اُن کے بیٹے علیؑ (نقیؑ) (جب علیؑ (نقیؑ) دنیا سے رخصت ہو جائیں تو) اُن کے فرزند حسن (عسکریؑ) اور جب حسن عسکریؑ اس دنیا سے جائیں تو) اُن کے فرزند حجۃ (قائمؑ - امام مہدیؑ)

یہ ہیں "۱۲" امام

نقبائے بنی اسرائیل کی تعداد کے مطابق۔

اُس (نعثل) نے پوچھا، ان لوگوں کا جنت میں مرتبہ کیا ہوگا۔؟

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

وہ لوگ میرے ہی درجے میں ہوں گے۔

یہ سُن کر نعثل (نے دین اسلام قبول کیا)۔ کہنے لگا):

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

آپ (محمد مصطفےٰ) خدا کے رسولؐ ہیں۔

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یہی (مذکورہ بالا اشخاص) آپؐ کے وصی ہوں گے میں نے یہ باتیں گذشتہ کتابوں میں پڑھی ہیں اور اللہ کے پیغمبر حضرت موسیٰؑ بن عمران نے بھی ہم سے یہ عہد و پیمان لیا تھا کہ:

آخری زمانہ میں ایک نبیؐ آئیں گے جن کا لقب احمدؐ ہوگا، وہ خدا کے آخری پیغمبر ہوں گے۔ ان کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا ان کی نسل سے ۱۲ ائمہ برحق ہوں گے اسباط (نقبائے بنی اسرائیل) کی تعداد کے مطابق۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت رسولِ خدا نے دریافت فرمایا۔ "اے ابو عمارہ، کیا تمہیں اسباط کی تعداد معلوم ہے؟"

کہنے لگا، "جی ہاں، اے خدا کے رسولؐ، ان کی تعداد "۱۲" تھی۔"

اسی سلسلہ میں وہ روایت بھی قابلِ ذکر ہے جس کا ذکر بکر بن صالح نے عبدالرحمٰن ابنِ سالم کے سلسلۂ سند سے کیا ہے... کہ:

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے جابر بن عبداللہ انصاری علیہ الرحمہ سے فرمایا کہ:

"مجھے آپ سے ایک کام ہے، جس وقت آپ کے لئے آسان ہو میں تنہائی میں آپ سے ملاقات کروں گا۔"

یہ سن کر جناب جابرؓ نے کہا کہ "آپ جب مناسب سمجھیں (میں حاضر ہوں)!"

پھر جب حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے جناب جابر بن عبداللہ سے تنہائی میں ملاقات کی تو فرمایا:

"مجھے اس لوح کے بارے میں بتائیں جو آپ نے ہماری مادرِ گرامی حضرت فاطمۃ الزہرا بنتِ رسول اللہ کے (پاس) دیکھی تھی اور جو کچھ ان معظمہ نے اس لوح کے نوشتہ کے بارے میں آپ کو بتایا تھا!"

جناب جابرؓ نے کہا کہ:

"میں (اپنی اس گفتگو پر) خداوندِ عالم کو گواہ قرار دیتے ہوئے عرض کرتا ہوں کہ:

حضرت رسولِ خدا کے دورِ حیات میں جب نواسۂ رسولؐ حضرت امام حسینؑ

کی ولادت باسعادت کی مبارک باد پیش کرنے کے لئے میں حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے درِ اقدس پر حاضر ہوا تو شہزادی کے پاس مجھے سبز رنگ کی ایک "لوح" نظر آئی (جس کا رنگ تنا عمدہ اور شفاف تھا کہ) میں سمجھا کہ یہ زمرد کی بنی ہوئی ہے۔

اس لوح پر اس قدر نورانی تحریر نظر آ رہی تھی جیسے آفتاب کی کرن۔ میں نے شہزادی کونینؑ سے عرض کیا:

"اے دخترِ رسولؐ —— یہ "لوح" کیسی ہے؟"

شہزادی نے فرمایا۔ "یہ "لوح" مجھے (میرے پدر بزرگوار حضرت محمد مصطفیٰ) صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تحفہ کے طور پر دی ہے اس میں میرے والد، میرے شوہر، میرے فرزندان، اور میری اولاد میں جو اوصیاء ہونے والے ہیں ان کے نام لکھے ہوئے (ہیں) جسے میرے پدر بزرگوار نے مجھے بشارت دیتے ہوئے عطا فرمایا تھا۔"

جناب جابرؓ کا بیان ہے کہ پھر شہزادی کونینؑ نے مجھے وہ "لوح" عطا فرمائی جسے میں نے پڑھا اور (ان کی اجازت سے) اس کی نقل بھی اپنے پاس رکھ لی...

اس کے بعد حضرت امام محمد باقر علیہ السلام جناب جابرؓ کے گھر تشریف لے گئے اور ان سے کہا کہ: "آپ لوح کا وہ نسخہ اپنے ہاتھ میں لیجئے جو آپ کے پاس ہے۔"

اس کے بعد امام علیہ السلام نے ایک تحریر پڑھنی شروع کی، جو ان کے دستِ مبارک میں تھی، اور جابرؓ اس لوح کو دیکھتے رہے، جو ان کے پاس تھی —— دونوں تحریروں میں ایک حرف کا بھی فرق نہ تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب جابرؓ نے کہا:

"میں خداوندِ عالم کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ اس "لوح" میں اسی طرح لکھا ہوا ہے:

("لوح" کی عبارت یہ ہے):

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هذا كتاب من الله العزيز الحكيم لمحمد نوره وسفيره وحجابه ودليله، نزل به الروح الامين من عند رب العالمين:

عظم يا محمد اسمائي واشكر نعمائي ولا تجحد آلائي۔

اني انا الله، لا اله الا انا قاصم الجبارين، ومذل الظالمين، وديان الدين۔

اني انا الله، لا اله الا انا، فمن رجا غير فضلي او خاف غير عدلي عذبته عذابا لا اعذبه احدا من العالمين

فاياي فاعبد، وعلي فتوكل،

اني لم ابعث نبيا فاكملت ايامه وانقضت مدته الا جعلت له وصيا، واني فضلتك على الانبياء، وفضلت وصيك على الاوصياء واكرمتك بشبليك بعده وسبطيك حسن وحسين فجعلت حسنا معدن علمي بعد انقضاء مدة ابيه وجعلت حسينا خازن وحيي فاكرمته بالشهادة وختمت له بالسعادة فهو افضل من

استشهد وارفع الشهداء درجة۔

وجعلت كلمتي التامة معه، والحجة البالغة عنده بعترته اثيب واعاقب:

اولهم سيد العابدين وزين اوليائي الماضين۔

(ص۔ ع)

۱۔ شروع اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

یہ تحریر، خداوندِ عزیز و حکیم کی طرف سے (حضرت) محمدؐ کے لئے ہے جو اُس کے نور، اُس کے نمائندے، حجابِ الٰہی اور دلیلِ خداوندی ہیں۔

اِسے روح الامین نے ربّ العالمین سے لے کر آنحضرتؐ تک پہونچایا۔

اے محمدؐ —— میرے ناموں کی تعظیم اور میری نعمتوں کا شکر کیجئے، اور میرے احسانات کا انکار نہ فرمایئے گا۔

بیشک میں خدائے (واحد) ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں۔

میں جابروں کی کمر توڑنے والا۔

ظالموں کو رسوا کرنے والا —— اور

دین بخشنے والا ہوں۔

میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی خدا نہیں ہے!

جو شخص میرے فضل کے علاوہ، کسی اور چیز کا امیدوار ہو، اور میرے عدل کے علاوہ کسی اور بات (جیسے میرے ظلم) سے ڈرتا ہو تو میں اسے ایسا عذاب دوں گا، جیسا پورے جہان میں کسی کو نہ دیا ہو۔

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میری ہی عبادت کرتا اور مجھ پہ ہی توکل کرتا۔

میں نے جب بھی کوئی پیغمبر بھیجا اور اس کا عہد پورا ہوا اور اُن کی مدت تمام ہوئی تو اُن کے لئے ایک وصی و جانشین مقرر کر دیا۔

میں نے تمہیں تمام پیغمبروں سے افضل قرار دیا —— اور تمہارے وصی کو تمام اوصیاء پر فضیلت دی۔

اور اُن کے بعد تمہارے دو نواسوں حسنؑ اور حسینؑ کو تمہارے باعث کرامت قرار دیا۔

حسنؑ اپنے والد کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد میرے علم کے خزینہ دار اور اُن کے بعد حسینؑ میرے پیغام کے محافظ ہوں گے۔

میں اُن کو شہادت سے سرفراز کروں گا، اور سعادت پر ان کا خاتمہ ہوگا۔

وہ تمام شہیدوں سے افضل ہوں گے —— اور درجات کے لحاظ سے شہیدانِ (راہِ خدا) کے درمیان بلند ترین مرتبے پر (فائز) ہوں گے

میں نے اپنا کامل پیغام اُن کے ساتھ رکھا ہے

حجت بالغہ اُن کے پاس ہے

اور اُن کی نسل پاک کی اطاعت یا نافرمانی کی بنیاد پر میں لوگوں کو ثواب و عقاب دوں گا۔

اُن میں سب سے پہلا وہ ہوگا جو سید العابدین اور میرے اولیائے گذشتگان کی زینت ہوں گے۔ (یعنی علی ابن الحسینؑ زین العابدینؑ)

اور اب اس سلسلہ کی ایک اور روایت، جس میں ائمہ طاہرین علیہم السلام کے اسمائے گرامی کے ساتھ اُن کے القاب، اُن کے پدرِ بزرگوار اور مادرِ گرامی کے اسماء بھی مذکور ہیں۔

جناب جابر بن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ:

حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے موقع پر جب میں جناب امیرؑ اور شہزادیٔ کونینؑ کو مبارکباد دینے کے لئے اُن کے درِ اقدس پر حاضری دی... تو شہزادی نے مجھے ایک ایسے صحیفے کی زیارت کرائی جس میں حضورِ اکرمؐ، اور اُن کے بعد ائمہ طاہرین علیہم السلام کے اسمائے گرامی اس طرح لکھے ہوئے تھے:

ابو محمد علی بن الحسین - اُمہ شاہ بانو بنت یزد جرد

ابو جعفر محمد بن علی - الباقرؑ اُمہ: اُم عبداللہ بنت الحسن بن علی۔

ابو عبداللہ جعفر بن محمد - الصادقؑ اُمہ: اُم فروہ بنت القاسم

ابو ابراہیم موسیٰ بن جعفر —— اُمہ: حمیدہ۔

ابو الحسن علی بن موسیٰ —— الرضاؑ اُمہ: نجمہ۔

ابو جعفر محمد بن علی —— اُمہ: خیزران

ابو الحسن علی بن محمد —— اُمہ: سوسن

ابو محمد الحسن بن علی —— اُمہ: سمانہ

ابو القاسم محمد بن الحسن —— القائمؑ اُمہ: نرجس

صلوات اللہ علیہم اجمعین

(ص ۱۴)

(حضرت ابوالقاسم محمد بن عبداللہ —— (ان کا لقب) مصطفےٰ [illegible]

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب آمنہ بنت وہب) ہیں۔

ابوالحسن علیؑ بن ابی طالب (جن کا لقب) مرتضیٰ ہے اور ان کی مادرِ گرامی جناب فاطمہ بنت اسد جناب ہاشم کی پوتی تھیں۔

ابو محمد۔ حسنؑ بن علیؑ۔ اور ابو عبداللہ حسینؑ بن علیؑ۔

ان دونوں حضرات کی مادرِ گرامی خاتونِ جنت حضرت فاطمۃ الزہرا ہیں (جو پیغمبرِ اکرم کی بیٹی تھیں۔

ابو محمد، علی بن الحسین (زین العابدین) — ان کی والدہ جناب شاہ بانو (شہر بانو، بنت یزدجرد) ہیں۔

ابو جعفر محمد بن علی — (باقرؑ) — ان کی مادرِ گرامی ام عبداللہ جو حسنؑ بن علیؑ کی بیٹی ہیں۔

ابو عبداللہ جعفر بن محمد — (صادقؑ) — ان کی والدہ کا نام ام فروہ بنت قاسم ہے۔

ابو ابراہیم، موسیٰ بن جعفر — (کاظمؑ) — ان کی ماں کا نام حمیدہ ہے

ابو الحسن، علیؑ بن موسیٰ — (الرضاؑ) — ان کی والدہ کا نام جناب نجمہ ہے

ابو جعفر، محمد بن علی — (تقیؑ) — ان کی ماں کا نام خیزران ہے۔

ابو الحسن، علی بن محمد — (نقیؑ) — ان کی مادرِ گرامی سوسن ہیں

ابو محمد، الحسن بن علی — (عسکری) — ان کی والدہ کا نام سمانہ ہے

ابو القاسم، (حجت خدا، قائم آل محمد، امام مہدی) محمد بن الحسن ان کی والدہ ماجدہ جناب نرجس (خاتون) ہیں۔

ان سب حضرات پر خداوند عالم کی طرف سے درود و سلام ہو۔

(۹)

اور جناب ام سلمہ (زوجۂ حضورِ اکرم) فرماتی ہیں کہ: قال رسول اللّٰہ
لما اسری الی السماء، نظرت فاذا مکتوب علی العرش:

لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ایدتہ بعلی ونصرتہ بعلی:
ورأیت انوار علی وفاطمۃ والحسن والحسین وانوار علی بن الحسین ومحمد بن علی وجعفر بن محمد وموسیٰ بن جعفر وعلی بن موسیٰ ومحمد بن علی وعلی بن محمد والحسن بن علی ورأیت نور الحجۃ یتلالا بینہم کانہ کوکب دری۔

فقلت: یارب من ھٰذا ومن ھولاء؟

فنودیت:

یامحمد — ھٰذا نور علی وفاطمۃ، وھٰذا نور سبطیک الحسن والحسین — وھٰذہ انوار الائمۃ بعدک من ولد الحسین مطہرون معصومون۔

(حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:
جب (شب معراج) مجھے آسمان کی سیر کرائی گئی تو میں نے عرش پر یہ عبارت لکھی ہوئی دیکھی کہ:

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمدؐ خدا کے رسول ہیں جن کی تائید میں نے علیؑ کے ذریعے کی، اور جن کی مدد میں نے علیؑ کے ذریعے کی۔

نیز

میں نے علیؑ — فاطمہؑ — حسنؑ — حسینؑ — علی بن الحسین (زین العابدین) — محمد بن علی (باقر) — جعفر بن محمد (صادق) — موسیٰ بن جعفر (کاظم) — علی بن موسیٰ (رضا) — محمد بن علی (تقی) — علی بن محمد (نقی) — حسن بن علی (عسکری) کے انوار دیکھے۔

اور حجت (قائم آل محمد) کا نور ان انوار کے درمیان چمکتے ہوئے ستارے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے مانند دیکھا

میں نے عرض کیا: اے پالنے والے یہ (چمکتے ہوئے) ستارے

جیسے اور یہ سب (انوار) ـــ کون لوگ ہیں؟

تو آواز آئی: ـــ

اے پیغمبر ـــ (دو نور) علیؑ و فاطمہؑ کے ہیں۔

(دو نور) ـــ حسنؑ و حسینؑ کے ہیں جو تمہارے نواسے ہیں۔

اور باقی (نو) انوار ان اماموں کے ہیں جو تمہارے بعد دنیا میں

آئیں گے، (حسینؑ کی اولاد سے ہوں گے۔

سب پاک و پاکیزہ، اور سب معصوم ہوں گے)

(ملاحظہ فرمائیے: غایۃ المرام ص ۲۱

والسلام

و

اور آخر میں جناب عیسیٰ بن موسیٰ کی ایک روایت پیش کر کے ہم اس باب کو

ختم کرتے ہیں تاکہ گفتگو زیادہ طولانی نہ ہو جائے۔

وہ کہتے ہیں کہ:

حدثنی ابی، عن ابیہ، عن آبائہ، عن الحسین بن علی

علیہ السلام قال:

دخلت فی بیت ام سلمۃ وقد نزلت علیہ ھذہ الآیۃ:

انما یرید اللّٰہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت

ویطھرکم تطھیرا

فقال رسول اللّٰہ

یا علی ھذہ الآیۃ فیک وفی سبطی والائمۃ من ولدک

قلت: یا رسول اللّٰہ وکم الائمۃ بعدک

قال: انت یا علی ثم الحسن ـــ ثم الحسین ـــ و

بعد الحسین علی ابنہ، وبعد علی: محمد ابنہ ـــ و

بعد محمد: جعفر ابنہ، وبعد جعفر: موسیٰ ابنہ وبعد

موسیٰ، علی ابنہ، وبعد علی: محمد ابنہ وبعد محمد:

علی ابنہ، وبعد علی: الحسن ابنہ ـــ والحجۃ من ولد الحسن

ھکذا اسماؤھم مکتوبۃ علی ساق العرش فسئلت

اللّٰہ تعالیٰ عن ذلک، فقال:

یا محمد ـــ ھذہ الائمۃ بعدک مطھرون معصومون

واعداءھم ملعونون۔

(امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں کہ،

میں جناب ام سلمہؓ کے گھر میں داخل ہوا۔

یہ وہ وقت تھا جب آیت (تطہیر نازل ہوئی)

اے پیغمبر کے اہل بیت اللہ کا ارادہ یہی ہے کہ تم سے ہر قسم

کی کثافت کو دور رکھے اور تمہیں ایسا پاک و پاکیزہ قرار دے جو پاکیزگی کا حق ہے:

حضرت رسول خداؐ نے فرمایا:

اے علیؑ ـــ یہ آیت تمہارے بارے میں اور میرے دونوں

نواسوں کے بارے میں اور تمہاری اولاد سے دنیا میں آنے والے

ائمہ کے بارے میں ہے۔

میں نے کہا: اے خدا کے رسولؐ آپ کے بعد کتنے امام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوں گے۔؟

آنحضرت نے فرمایا:

"اے علی ـــــ تم، پھر حسنؑ، پھر حسینؑ۔

حسینؑ کے بعد اُن کے بیٹے علی (زین العابدینؑ) پھر اُن کے بعد اُن کے بیٹے محمد (باقرؑ)

محمد (باقرؑ) کے بعد ان کے بیٹے جعفر (صادقؑ)

جعفر (صادقؑ) کے بعد اُن کے بیٹے موسیٰ (کاظمؑ)

موسیٰ (کاظمؑ) کے بعد اُن کے بیٹے علی (رضاؑ)

علی (رضاؑ) کے بعد اُن کے بیٹے محمد (تقیؑ)

محمد (تقیؑ) کے بعد اُن کے بیٹے علی (نقیؑ)

علی (نقیؑ) کے بعد اُن کے بیٹے حسن (عسکریؑ)

اور آخر میں) حسن (عسکریؑ) کے بیٹے حجت (خدا ـــ قائم آل محمدؐ امام مہدیؑ)

اسی طرح ان کے اسماء ساق عرش پر لکھے ہیں۔

میں نے ان کے بارے میں خدائے عزّ و جل سے دریافت کیا تو جواب آیا:

"اے محمدؐ ـــــ یہ تمہارے بعد لوگوں کے امام ہوں گے،

سب پاک و پاکیزہ [illegible] ـــــ اللہ کے [illegible] ہیں۔

([illegible])

معجزات و کرامات

اصحابِ تاریخ و سیرت نے امام چہارم حضرت زین العابدینؑ اور دیگر ائمہ طاہرینؑ کے بکثرت معجزات و کرامات کا تذکرہ اپنی اپنی کتابوں میں، معتبر اسناد و روایات کے ساتھ کیا ہے۔

اس سلسلہ میں سب سے عظیم الشان علمی ذخیرہ کا نام:

"مدینۃ المعاجز"۔

ہے اور بلاشبہ یہ کتاب ہماری اُن قابلِ قدر کتابوں میں سے ہے جس سے بکثرت مولفین اور اربابِ تحقیق نے فیض حاصل کیا ہے۔

لیکن یہ کتاب آج کل صرف علمی ذخائر اور بہائے گراں بہا کتب خانوں میں ہی دستیاب ہے۔

جس میں ہر امام کے دستِ مبارک پر ظاہر ہونے والے سینکڑوں معجزات کا تذکرہ، راویوں کے سلسلۂ اسناد کے ساتھ درج ہے۔

٭

البتہ اس کے علاوہ بھی معتبر کتابوں میں، ائمہ طاہرین علیہم السلام کے اُن معجزات کا تذکرہ موجود ہے، جو مستند رواۃ کے ذریعے سے محققین تک پہنچے اور جنہیں بلند مرتبہ علمائے کرام نے اپنی تالیفات میں ذکر کیا ہے۔

چنانچہ شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے "امالی" میں یہ روایت نقل کی ہے:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سفیان بن عیینہ نے زہری سے حکایت کی ہے
وہ کہتے ہیں کہ:

میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے پاس بیٹھا تھا، کہ آپکی خدمت میں آپکے اصحاب میں سے ایک شخص حاضر ہوا۔

امام علیہ السلام نے اس سے خیریت دریافت کی تو کہنے لگا:

"اے فرزند رسول ——— میری صورت حال یہ ہے کہ:

مجھ پر چار سو دینار[1] قرض ہیں جن کی ادائیگی کے لئے کوئی صورت نظر نہیں آرہی ہے، اس کے ساتھ اہل و عیال کے اخراجات کے بوجھ نے دبا رکھا ہے، اور کوئی ایسی تدبیر نظر نہیں آتی کہ ان کی ضروریات پوری کرسکوں۔

(اس شخص نے اپنی تنگدستی کی ایسی ہولناک کیفیت بیان کی کہ) اس کی باتیں سن کر امام علیہ السلام کی آنکھیں آبدیدہ ہوگئیں۔

اس نے عرض کیا، "فرزند رسول آپ کیوں اشکبار ہیں؟"

فرمایا، "گریہ مصائب و آلام ہی پر تو ہوتا ہے؟"

جواب میں کہا: "بیشک! اے فرزند رسول۔"

یہ سن کر امام نے فرمایا:

"کسی آزاد مرد مومن کے لئے اس سے سخت کونسا دکھ ہوگا کہ وہ اپنے بھائی کی تنگدستی دور نہ کر سکے اسے پریشانی میں دیکھے اور اس کا ازالہ نہ کر سکے؟"

راوی کہتا ہے کہ:

---

[1] اس زمانہ میں یہ بہت بڑی رقم تھی۔

اس کے بعد سب لوگ وہاں سے اٹھ کر چلے گئے۔

اس واقعہ کی خبر جب بعض دشمنوں کو ہوئی تو طعن و تشنیع کرتے ہوئے وہ لوگ کہنے لگے کہ:

"ان لوگوں کی حالت بھی عجیب ہے:

کبھی تو یہ دعویٰ کرنے لگتے ہیں کہ آسمان و زمین اور تمام مخلوقات ان کی فرمان بردار ہیں اور یہ کہ خداوند عالم ان کی کسی فرمائش کو رد نہیں کرے گا۔

اور کبھی یہ عالم ہے کہ اپنے خاص دوستوں کی حالت درست کرنے سے بھی مجبور نظر آنے لگتے ہیں ——— !

دشمنوں کی یہ طعنہ زنی سن کر وہ پریشان حال شخص امام کی خدمت میں ایکبار پھر حاضر ہوا اور کہنے لگا:

"اے فرزند رسول ——— فلاں فلاں شخص نے ایسی باتیں کہی ہیں جن کو برداشت کرنا میرے لئے اپنی پریشانی سے زیادہ سخت ہے:

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:

"(تم پریشان نہ ہو) اب خداوند عالم کی طرف سے تمہاری پریشانی دور ہونے کا حکم صادر ہو چکا ہے۔"

اس کے بعد امام علیہ السلام نے گھر کی خدمت گار سے فرمایا کہ:

"میری سحری اور افطاری کا جو سامان رکھا ہے، لے آؤ۔"

چنانچہ اس خادمہ نے دو روٹیاں لا کر امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر کر دیں۔

امام علیہ السلام نے (اپنے پریشان حال صحابی سے) فرمایا:

"یہ روٹیاں تم لے جاؤ ——— میرے پاس اس وقت ان کے علاوہ کچھ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں ہے، لیکن خداوندِ عالم اسی کے ذریعے سے تمھاری پریشانیاں دور کر دے گا اور خیر و کثیر (فراواں رزق) وافر تمہیں اسی کے ذریعے سے ملے گا۔"

اُس شخص نے وہ روٹیاں اٹھالیں، اور لے کر بازار کی طرف چلا گیا۔

اُس کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ ان دو روٹیوں کو کیا کرے —— اس دوران اُسے اپنے قرض کا بوجھ بھی ستا رہا تھا اور اہل و عیال کی پریشانی اور بدحالی بھی، اور شیطان اس کے دل میں بار بار یہ وسوسے ڈال رہا تھا کہ ان خشک روٹیوں کا تمہاری مشکلات سے کیا تعلق ہے؟

وہ شخص بازار میں داخل ہوا، اور ایک مچھلی فروش کے پاس سے گزرا جس کی ایک مچھلی پڑی ہوئی سوکھ رہی تھی۔

اس شخص نے مچھلی فروش سے کہا کہ:

"تمہاری یہ مچھلی بیکار ہو رہی ہے، اور میرے پاس ایک روٹی بھی اضافی ہے تو کیا تم ایسا کر سکتے ہو کہ اپنی وہ مچھلی مجھے دے دو، اور اس کے بدلے مجھ سے یہ روٹی لے لو؟"

اُس نے کہا: ٹھیک ہے۔

یہ کہہ کر اُس نے مچھلی دے دی اور روٹی لے لی۔

وہاں سے آگے بڑھا تو دیکھا کہ ایک شخص کے پاس تھوڑا سا نمک رکھا ہے۔

تو اس نے اس سے پوچھا کہ،

"تم ایسا کر سکتے ہو کہ: یہ نمک، جس کی بظاہر تمہیں کوئی ضرورت نہیں، مجھے دے دو اور مجھ سے روٹی لے لو۔"

اس نے کہا: ہاں۔

چنانچہ اُس نے روٹی دے کر اس سے نمک لے لیا

یہ شخص نمک اور مچھلی لیکر گھر کی طرف روانہ ہوا، وہ سوچ رہا تھا کہ مچھلی بھی مل گئی ہے نمک بھی —— مچھلی پکا کر نمک چھڑک کر بال بچوں کو کھلاؤں گا، اور اس طرح سے آج کا کام چل جائے گا۔

چنانچہ اُس نے مچھلی کے ٹکڑے کرنے کے لئے اس کا پیٹ چاک کیا —— تو اُس نے دیکھا کہ مچھلی کے پیٹ میں دو نہایت عمدہ اور بیش قیمت موتی نکلے ہوئے ہیں۔

یہ دیکھ کر اُس نے حمد و شکرِ پروردگار ادا کرنا شروع کیا۔

ابھی وہ خوشی منا رہا تھا کہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

یہ شخص باہر نکلا تو دیکھا کہ وہ دونوں آدمی جن سے اس نے روٹی کے عوض مچھلی اور نمک کا سودا کیا تھا، دروازے پر کھڑے ہیں، اور اس سے کہہ رہے ہیں:

"اے بندۂ خدا —— ہم نے اور ہمارے گھر والوں نے اس روٹی کو کھانے کی بہت کوشش کی، لیکن کسی کے دانت سے یہ ٹوٹی ہی نہیں۔

ہم تمہارے بارے میں کوئی بدگمانی نہیں کرتے، بلکہ ہم نے یہی اندازہ لگایا ہے کہ تم سخت بدحالی و تنگدستی کا شکار ہو ——

اس لئے ہم یہ روٹیاں بھی تمہیں واپس کرتے ہیں اور مچھلی و نمک جو تم نے اس کے عوض ہم سے لیا تھا، اُسے ہدیہ کرتے ہیں۔"

یہ کہہ کر وہ دونوں چلے گئے۔ اور یہ شخص اطمینان سے گھر کے اندر آ گیا۔

تھوڑی دیر میں کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا؛ تو اس نے دیکھا کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا بھیجا ہوا شخص آیا ہے۔

اُس نے اُسے گھر کے اندر بلا لیا

اُس فرستادۂ امام نے کہا کہ: "امام علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ، خداوندِ عالم نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمہاری پریشانی دُور ہونے کے اسباب فراہم کر دیئے، اب وہ موتی
دیکھ کر بعد کچھ خوف نہیں کرنی اور کسی سے بھی نہیں کہنا

اُس شخص نے بعد میں، وہ دونوں موتی فروخت کر دیئے جس سے اُسے
بہت دولت ملی اُس کے سارے قرضے بھی ادا ہو گئے اور گھر میں ہر طرف
خوشحالی آگئی۔

بعض مخالفین، جو ان حالات سے بے خبر تھے اُس شخص کی خوشحالی دیکھ کر ان کی
زبانیں خاموش نہ رہ سکیں، کہنے لگے:

عجیب بات ہے!

کہاں تو وہ (علی ابن الحسینؑ) اُس شخص کے فقر و فاقہ سے پریشان ہو رہے تھے اور اب
اُسے اس قدر مال و دولت سے نواز دیا ——؟

ایسا کیسے ہوا ——؟

جو شخص کسی کو اتنا ثروت مند بنا دے وہ کیسے (یہ کہہ سکتا ہے کہ) وہ اس کی
محتاجی کو کیسے دُور کرے؟

جب یہ خبر امام علیہ السلام تک گئی تو آپ نے فرمایا کہ:
"قریش کے (مشرکین و کفار بھی) حضرت رسول خدا کے بارے میں
تقریباً اسی طرح کی باتیں بناتے تھے ——
کبھی شبِ معراج کی باتوں پر اعتراض کرتے تھے کہ ——
وہ پیغمبرؐ جنہوں نے، ہجرت کے موقع پر، مکہ سے مدینہ تک کا سفر
بارہ دنوں میں کیا، وہ کیسے ایک رات میں بیت المقدس (اور پھر وہاں سے
افلاک کی طرف گئے اور انبیائے کرام سے —— ملاقات بھی

کی اور واپس بھی آ گئے!

(مجالس کے لئے ملاحظہ فرمائیے
بحار الانوار، جلد ۴۶، صفحہ ۲۰-۲۱)

صاحب "خرائج و جرائح" کا بیان ہے کہ:

ایک روز حضرت امام زین العابدینؑ اپنے باغات کی طرف جا رہے تھے:
جس راستے سے آپ گزر رہے تھے وہاں ایک بدہیئت بھیڑیا ہر
آنے جانے والے کا راستہ روکتا تھا۔

لیکن جب امام علیہ السلام وہاں پہنچے تو بھیڑیا امام کے قریب
آیا، اور اپنی زبان میں کچھ کہا۔

جس کے جواب میں امام علیہ السلام نے فرمایا،

"انصرف —— فانی افعل ان شاء اللہ۔"

(واپس جاؤ —— اور جو کچھ تم نے کہا ہے) اگر خدا نے چاہا
تو میں اسے انجام دوں گا ——

چنانچہ بھیڑیا وہاں سے چلا گیا۔

اُس جگہ موجود لوگوں میں سے کسی نے امام سے دریافت کیا کہ:
"یہ بھیڑیا واپس کیسے چلا گیا، اور اُس نے آپ سے کیا درخواست
کی تھی۔ جس کے جواب میں آپ نے فرمایا کہ: اگر خدا نے چاہا تو
میں یہ کام انجام دوں گا ——؟"

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ: "اس نے مجھ سے دعا کی درخواست کی تھی۔"

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور یہ وعدہ کیا تھا کہ... وہ میرے چاہنے والوں کو اذیت نہیں پہونچائے گا...

(ملاحظہ فرمائیے،
الخرائج والجرائح ـ صفحہ ۲۲۰)

لکھنا یہ ہے کہ، مذکورہ بالا کتاب، برادرانِ اہلسنت کے علماء و محققین کے نزدیک نہایت معروف کتابوں میں سے شمار کی جاتی ہے۔

اور اس کتاب کے مؤلف کے بارے میں یہ مبالغہ آرائی نہیں کی جا سکتی ہے کہ انہوں نے حضراتِ اہلبیتِ کرام اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کے بارے میں کسی جذباتی اور عقیدتی غلو سے کام لیا ہے۔

اور اس کتاب کے مؤلف نے اس کے علاوہ بھی متعدد معجزات و کرامات کا تذکرہ امام زین العابدین علیہ السلام کے حالات میں کیا ہے۔

جنھیں ہم نے اختصار کے پیش نظر، یہاں درج نہیں کیا ہے۔

اور اس کتاب کے علاوہ بھی عالمِ اسلام کی متعدد مشہور و معروف کتابوں میں امام کے مختلف معجزات و کرامات کا ذکر موجود ہے

جن میں سے چند کتابیں خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔

- O — "بصائر الدرجات"۔
- O — کتاب: "الاختصاص"۔
- O — "مناقب ابن شہر آشوب"۔
- O — "اکمال الدین"۔
- O — اصولِ کافی۔
- O — روضۃ الواعظین۔
- O — "العدد"۔
- O — "حلیۃ الاولیاء"۔
- O — کتاب النجوم۔
- O — "امان الاخطار"۔
- O — "رجال کشی"۔

مذکورہ بالا تمام کتابیں اسلامی دنیا کی جانی پہچانی کتابیں ہیں، اور ان میں امام علیہ السلام کے اکثر معجزات کا تذکرہ ہے۔

اور اگرچہ علامہ اربلی کی کتاب "کشف الغمہ" میں بھی بکثرت معجزات و کرامات کا تذکرہ موجود ہے، لیکن چونکہ اہلِ تحقیق کے نزدیک اس کی روایات پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جاتا۔ اس لئے ہم نے اس کا نام ذکر نہیں کیا۔

چونکہ زیرِ نظر کتاب میں اختصار ملحوظ ہے، اس لئے ہم صرف ایک معجزے کے ذکر کی سعادت حاصل کر کے عنانِ قلم کو روک رہے ہیں۔

اور یہ وہ معجزہ ہے جو امام چہارم کی امامت کے اثبات کے لئے ایک واضح دلیل کی حیثیت رکھتا ہے،

ابو خالد کابلی کہتے ہیں کہ:

حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت اور امام زین العابدین کی قیدِ شام سے رہائی اور مدینہ واپسی کے بعد جناب محمد بن الحنفیہ نے مجھے اپنے پاس بلایا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(یہ حج کے زمانہ کی بات ہے) جب ہم سب لوگ یعنی جناب محمد بن حنفیہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اور دوسرے حضرات بھی مکۂ مکرمہ میں تھے۔

جناب محمد بن الحنفیہ نے مجھ سے کہا کہ:

(تم میرے بھتیجے) علی بن الحسینؑ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ:

"امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے فرزندوں میں حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کے بعد اب میں ہی ان کا سب سے بڑا بیٹا ہوں اور اس (امر امامت) کا میں ہی سب سے زیادہ حقدار ہوں، لہٰذا وہ اس بات کو تسلیم کر لیں اور اگر چاہیں تو کسی اور کو حکم (منصف) قرار دیں تاکہ ہم لوگ اسی سے اس بات کا فیصلہ کرا لیں۔

ابو خالد کہتے ہیں کہ:

میں امام زین العابدینؑ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا، اور جناب محمد بن حنفیہؒ کا پیغام آپؑ کی خدمت میں پیش کیا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:

اُن کے پاس واپس جاؤ اور کہو:

یَا عَمِّ —— اِتَّقِ اللّٰہَ، وَلَا تَدَّعِ مَا لَمْ یَجْعَلْہُ اللّٰہُ لَکَ۔
فَاِنْ اَبَیْتَ فَبَیْنِیْ وَبَیْنَکَ الْحَجَرُ الْاَسْوَدُ، فَمَنْ اَجَابَہُ الْحَجَرُ فَھُوَ الْاِمَامُ۔

(اے چچا —— خدا سے ڈریئے اور جو چیز خداوند عالم نے آپ کے لئے نہیں قرار دی ہے اس کا دعویٰ نہ کیجئے۔

اور اگر آپ انکار کرتے ہیں —— تو میرے اور آپ کے درمیان

حجر اسود (کے ذریعے سے فیصلہ) ہوگا۔

جس شخص (کی بات) کا حجر اسود جواب دے دے، وہی امام ہوگا)

راوی کہتا ہے کہ:

میں نے امام علیہ السلام کا جواب، محمد بن الحنفیہ تک پہونچا دیا۔

انہوں نے کہا: ٹھیک ہے (حجر اسود ہی کے ذریعے سے فیصلہ ہو جائے)

ابو خالد کا بیان ہے کہ:

(جب مقررہ وقت آیا) تو دونوں حضرات حرم مقدس میں حاضر ہوئے میں بھی ان کے ہمراہ تھا۔

وہ دونوں حضرات قدم اٹھاتے ہوئے حجر اسود تک پہونچے

وہاں پہنچ کر امام زین العابدین علیہ السلام نے محمد بن الحنفیہ سے فرمایا:

"اے چچا —— آپ بزرگ ہیں، آگے بڑھئے اور حجر اسود سے گواہی طلب کیجئے۔"

چنانچہ محمد بن الحنفیہ آگے بڑھے، دو رکعت نماز پڑھی اور حجر اسود کو مخاطب کر کے کہا "اگر میں امام وقت ہوں تو گواہی دے۔"

لیکن حجر اسود کی طرف سے کوئی جواب نہ آیا۔

اس کے بعد حضرت امام زین العابدین علیہ السلام آگے بڑھے، اور دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد حجر اسود کو مخاطب کر کے فرمایا:

ایھا الحجر الذی جعله الله شاھدا لمن یوافی بیته الحرام من وفود عباده، ان کنت تعلم انی صاحب الامر، وانی الامام المفترض الطاعة علی جمیع عباد الله فاشھد لیعلم عمی انه لا حق له فی الامامة

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(اے حجرِ اسود جسے خداوندِ عالم نے بندوں کے اُن وفود پر گواہ بنایا ہے جو اُس کے حرمِ محترم پر حاضری دیتے ہیں:
اگر تو جانتا ہے کہ میں صاحبِ امر ہوں، اور میں ہی (اب) وہ امام ہوں جس کی اطاعت تمام بندگانِ خدا پر فرض ہے ——— ؟
تو گواہی دے ——— تاکہ میرے چچا کو معلوم ہو جائے کہ امامت سے ان کا سروکار نہیں ہے)

(جیسے ہی امام نے حجرِ اسود کو مخاطب کیا)
فصیح اور واضح عربی زبان میں حجرِ اسود کی طرف سے آواز آئی:
"اے محمد (حنفیہ) ——— حضرت علی ابن الحسین کی امامت کو تسلیم کر لیجئے، کیونکہ (خداوندِ عالم کی طرف سے) وہی امام ہیں جن کی اطاعت آپ پر بھی واجب ہے، اور دیگر بندگانِ خدا پر بھی۔
(یہ منصبِ امامت) نہ آپ کا حق ہے اور نہ کسی اور کا۔"
چنانچہ جناب محمد بن الحنفیہ نے امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں آدابِ تعظیم بجا لانے کے بعد سرِ تسلیم خم کر دیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ:
جب امام زین العابدین علیہ السلام نے حجرِ اسود کو مخاطب کر کے اُسے اپنے حق میں گواہی دینے کے لئے فرمایا تو حجرِ اسود سے آواز آئی:
یا محمد بن علی ——— ان علی بن الحسین حجۃ اللہ علیک وعلی جمیع من فی الارض ومن فی السماء مفترض الطاعۃ فاسمع لہ واطع۔

(اے محمد (حنفیہ) ——— اس میں کوئی شک نہیں کہ علی ابن الحسین زین العابدین حجتِ خدا آپ کے لئے بھی اور زمین و آسمان میں بسنے والی تمام مخلوقات کے لئے بھی ہیں سب کے لئے۔
ان کی اطاعت سب پر فرض ہے لہٰذا آپ ان کی بات سنیں اور اطاعت کریں)
یہ سن کر جناب محمد بن حنفیہ نے امام چہارم حضرت زین العابدین کو مخاطب کر کے کہا:
"اے وصیِ ولایت! جو زمین و آسمان میں حجتِ خدا ہیں، میں آپ کی بات سنوں گا" اور اطاعت کروں گا۔
(الخرائج والجرائح، صفحہ [illegible])

دریائے علومِ آلِ محمد کے شناور حضرت علامہ محمد تقی مجلسی علیہ الرحمہ نے اس قصہ کو بیان کرنے کے بعد لکھا ہے کہ:
وقیل:
ان ابن الحنفیۃ انما فعل ذلک ازاحۃ لشکوک الناس فی ذلک۔
یعنی کہا گیا ہے کہ:
جناب محمد حنفیہ نے یہ بات اس لئے کی تھی کہ مسئلہ امامت میں لوگوں کے ذہنوں میں جو شکوک و شبہات ہیں اُن کا ازالہ ہو جائے۔

گویا جناب محمد حنفیہ خود کسی شک و شبہ میں مبتلا نہیں تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انہیں یقین تھا کہ امام حسین علیہ السلام کے بعد حجتِ خدا اور امام برحق اُن کے فرزند علی بن الحسین زین العابدینؑ ہی ہیں۔

لیکن آپ نے یہ چاہا کہ جب (حج بیت اللہ کے موقع پر) حجاجِ کرام خانۂ کعبہ میں جمع ہوں، تو حجرِ اسود سے متعلق اس واقعہ کی بنا پر حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی اعجازی شان سے بھی باخبر ہو جائیں اور کسی کے ذہن میں اگر شکوک و شبہات ہوں تو ان کا ازالہ بھی ہو جائے اور سب کو پتہ چل جائے کہ: امام وقت، امام زین العابدین علیہ السلام ہیں۔

اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کا صاحب عمدۃ الشیعہ نے اپنی گراں قدر تالیف میں کیا ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ:

جناب محمد حنفیہؓ نے یہ طرز عمل ضعیف الاعتقاد لوگوں کے شکوک و شبہات کے ازالہ کے لئے اختیار کیا تھا —— اور جناب محمد بن حنفیہ یہ چاہتے تھے کہ جو لوگ اُن کی امامت کے قائل ہیں اُن پر حقیقت حال واضح ہو جائے اور امام زین العابدین علیہ السلام کی عظمت و جلالت سے وہ لوگ باخبر ہو جائیں۔

وہ امامت کے مسئلہ میں اپنے بھتیجے سے الجھنا نہیں چاہ رہے تھے اور نہ ایسا تھا کہ انہوں نے اپنے پدر بزرگوار حضرت علی علیہ السلام اور اپنے بھائیوں (حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ) کے بارے میں کسی قسم کی غلط فہمی یا ان کی عظمت سے انکار کر دیا ہو۔

جناب محمد بن حنفیہ ایک باعظمت شخصیت ہیں اس لئے ان کے بارے میں اس قسم کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین حضرت علیؑ سے فرمایا تھا کہ:

خاندانِ بنی حنیفہ میں تمہاری شادی ہوگی، جس کے ذریعہ سے تمہیں ایک فرزند ملے گا۔ اُس کا نام میرے نام کی طرح محمد رکھنا اور اُسکی کنیت میں نے اپنی کنیت کے مطابق (ابوالقاسم) قرار دی ہے۔

اور ان کے بعد قائم آلِ محمدؑ (امام مہدیؑ) کے علاوہ کسی اور کو یہ حق نہیں ہے کہ میرا نام اور کنیت دونوں ایک ساتھ اختیار کرے[1]

چنانچہ اسی فرمانِ پیغمبرؐ کے مطابق حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے اس فرزند کا نام "محمد" رکھا۔۔۔

یہ علم و عمل اور زہد و تقویٰ میں بے مثل و نظیر تھے —— لہٰذا یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اپنے زمانہ کے امام کی معرفت نہ رکھتے ہوں یا کسی ایسی بات کا مطالبہ کریں جس کا استحقاق نہ ہو۔

---

[1] مقصد یہ ہے کہ جس کا نام محمد ہو اُسے اپنی کنیت ابوالقاسم نہیں رکھنی چاہیئے۔ اور ہر شخص اپنی کنیت ابوالقاسم رکھ سکتا ہے جو چاہتا ہے اُسے محمد نام نہیں رکھنا چاہیئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

خاندانِ خدا وندی

امامِ چہارم کی شان میں فرزدق کا قصیدہ

مورخین کا بیان ہے کہ:

اموی حکمران ہشام ابن عبدالملک حج کے لئے گیا تو لوگوں کی کثرت کی وجہ سے حجرِ اسود تک پہنچنے سے قاصر رہا۔

چنانچہ اس کے لئے ایک منبر نصب کر دیا گیا جس پر وہ بیٹھ گیا۔۔

شامی لوگ اس کے ارد گرد بیٹھے تھے

اسی دوران، حضرت زین العابدین علیہ السلام حرمِ مقدس میں داخل ہوئے

جسم پر لباسِ احرام تھا۔

چہرۂ اقدس تمام لوگوں سے زیادہ حسین و جمیل تھا۔

وجودِ مقدس کی خوشبو سے لوگوں کو معطر کر رہی تھی۔

پیشانی پر سجدے کا نشان تھا۔

آپ نے طواف شروع کیا اور جب حجرِ اسود کے قریب پہنچے تو سب لوگ آپ کے احترام میں پیچھے ہٹ گئے تاکہ آپ سکون و اطمینان سے حجرِ اسود کا بوسہ لے سکیں۔۔

ایک شامی نے لوگوں کے اس احترام کو دیکھا تو ہشام سے پوچھا:

"اے حاکمِ وقت... یہ کون صاحب ہیں جن کا لوگ اس قدر احترام کر رہے تھے؟"

ہشام نے اس خیال سے کہ کہیں اہلِ شام کے دل میں امام کی عظمت کا احساس جاگزیں نہ ہو جائے اور وہ بھی آپ کا اسی طرح احترام کرنے لگیں ——— انجان بن کر کہنے لگا:

"میں تو نہیں پہچانتا کہ یہ کون صاحب ہیں؟"

اُس جگہ جنابِ فرزدق موجود تھے، جنہیں ہشام ابن عبدالملک کے اس طرح انجان بننے پر رنج پہنچا اور انہوں نے بے ساختہ کہا:

لیکن ——— میں تو پہچانتا ہوں!

اُس شامی نے آپ سے دریافت کیا کہ:

"بتائیے یہ کون صاحب ہیں؟"

اب یہ موقع تھا کہ جنابِ فرزدق امام علیہ السلام اور ان کے خاندان کی عظمت و بزرگی کو بیان کریں، چنانچہ انہوں نے فی البدیہہ ایک زبردست قصیدہ امام علیہ السلام کی شان میں پڑھا جس کے بارے میں بعض مورخین نے لکھا ہے کہ قصیدہ ۴۱ اشعار پر مشتمل تھا، بعض نے ۲۷ اشعار کا ذکر کیا ہے۔ فرزدق نے جو قصیدہ پڑھا تھا اس میں ۱۲ اشعار ذکر کئے ہیں۔

بحار الانوار، اسلامی کتب تاریخ میں: "الاغانی" ——— "الخلاصہ" ——— اور "حلیۃ الاولیاء" وغیرہ میں بھی اس قصیدہ کا تذکرہ موجود ہے

جنابِ فرزدق نے فرمایا:

ھذا الذی تعرف البطحاء وطأتہ	والبیت یعرفہ والحل والحرم
ھذا ابن خیر عباد اللہ کلھم	ھذا التقی النقی الطاھر العلم

Presented by: Rana Jabir Abbas
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

هذا الذي احمد المختار والده	صلى عليه الهي ما جرى القلم
لو يعلم الركن من قد جاء يلثمه	لخر يلثم منه ما وطى القدم
هذا علي رسول الله والده	امست بنور هداه تهتدي الامم
هذا الذي عمه الطيار جعفر	والمقتول حمزة ليث حبه قسم
هذا ابن سيدة النسوان فاطمة	وابن الوصي الذي في سيفه نقم
اذا رأته قريش قال قائلها	الى مكارم هذا ينتهي الكرم
يكاد يمسكه عرفان راحته	ركن الحطيم اذا ما جاء يستلم
وليس قولك من هذا بضائره	العرب تعرف من انكرت والعجم
ينمي الى ذروة العز التي قصرت	عن نيلها عرب الاسلام والعجم
يغضي حياء ويغضى من مهابته	فما يكلم الا حين يبتسم
ينجاب نور الدجى عن نور غرته	كالشمس ينجاب عن اشراقها الظلم
بكفه خيزران ريحه عبق	من كف اروع في عرنينه شمم
ما قال لا قط الا في تشهده	لولا التشهد كانت لاءه نعم
مشتقة من رسول الله نبعته	طابت عناصره والخيم والشيم
حمال اثقال اقوام اذا فدحوا	حلو الشمائل تحلو عنده نعم
ان قال قال بما يهوى جميعهم	وان تكلم يوما زانه الكلم

هذا ابن فاطمة ان كنت جاهله

بجده انبياء الله قد ختموا

الله فضله قدما وشرفه	جرى بذاك له في لوحه القلم
من جده دان فضل الانبياء له	وفضل امته دانت لها الامم
هم البرية بالاحسان وانقشعت	عنها العماية والاملاق والظلم

كلتا يديه غياث عم نفعهما	يستوكفان ولا يعروهما عدم
سهل الخليقة لا تخشى بوادره	يزينه خصلتان الحلم والكرم
لا يخلف الوعد ميمونا نقيبته	رحب الفناء اريب حين يعتزم
من معشر حبهم دين وبغضهم	كفر وقربهم منجى ومعتصم
يستدفع السوء والبلوى بحبهم	ويستزاد به الاحسان والنعم
مقدم بعد ذكر الله ذكرهم	في كل فرض ومختوم به الكلم
ان عد اهل التقى كانوا ائمتهم	او قيل من خير اهل الارض قيل هم
لا يستطيع جواد بعد غايتهم	ولا يدانيهم قوم وان كرموا
هم الغيوث اذا ما ازمة ازمت	والاسد اسد الشرى والبأس محتدم
يأبى لهم ان يحل الذم ساحتهم	خيم كريم وايد بالندى هضم
لا يقبض العسر بسطا من اكفهم	سيان ذلك ان اثروا وان عدموا
اي القبائل ليست في رقابهم	لاولية هذا او له نعم
من يعرف الله يعرف اولية ذا	فالدين من بيت هذا ناله الامم
بيوتهم في قريش يستضاء بها	في النائبات وعند الحكم ان حكموا
فجده من قريش في ارومتها	محمد وعلي بعده علم
بدر له شاهد والشعب من احد	والخندقان ويوم الفتح قد علموا
وخيبر وحنين يشهدان له	وفي قريضة يوم صيلم قتم

مواطن قد علت في كل نائبة

على الصحابة لم اكتم كما كتموا

یہ وہ ہیں جن کے قدموں کی رفتار کو بطحا کی سرزمین پہچانتی ہے۔
خدا کا گھر بھی پہچانتا ہے اور حرم کے باہر کی دنیا بھی اور حرم کے اندر کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بیٹا ہے اُس کا جو خدا کے تمام بندوں میں سب سے بہتر ہیں
یہ پرہیزگار بھی ہیں، پاکیزہ گوہر بھی، طیب و طاہر بھی اور رہبرِ قوم بھی

یہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد ہیں
جن پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابد الآباد تک درود و سلام ہو۔

اگر تم کو علم نہیں ہے تو سن لو [illegible] گیا ہے۔ تو
ان کے جد پر [illegible] جگہ [illegible] لیتے ہیں، جن کے بعد آنے والے کے
قدم بھی

یہ علی ابن الحسین زین العابدینؑ (فرزندِ حسینؑ) ہیں۔
جن کے نورِ ہدایت کے ذریعے سے ساری اُمتیں ہدایت پانے
والی ہوئیں۔

جناب جعفر طیارؑ ان کے والد بزرگوار امام حسینؑ کے چچا تھے
اور جناب حمزہ شیرِ خدا [illegible] صاحب تھے، وہ ان کے دادا حضرت
علی مرتضیٰ کے محترم چچا تھے۔

جناب فاطمۃ الزہراؑ، جو تمام عالم کی عورتوں کی سردار ہیں، اُن کے
لئے فخر ہیں۔

اور وصیِ پیغمبر (حضرت علی ابن ابی طالبؑ) صاحبِ ذوالفقار
ان کے دادا تھے۔

جب قریش کے لوگ ان کو دیکھتے ہیں تو بے ساختہ کہہ اٹھتے
ہیں کہ "اسی شخصیت کی بلندیوں کی طرف تمام بزرگیوں کی انتہا ہے"
جب یہ حجرِ اسود کے استلام کے لئے تشریف لائے تو ایسا معلوم
ہوتا تھا ۔۔۔ گویا ان کے دستِ مبارک کو پہچان کر رکنِ حطیم

انھیں ہاتھوں سے پکڑ لینا چاہتا ہے۔

تمہارا یہ کہنا کہ: "یہ کون ہیں؟" ۔۔۔ اس سے ان کو کسی قسم
کا نقصان نہیں پہنچ سکتا کیونکہ جن کو پہچاننے سے تم انکار کرتے ہو
انھیں تو عرب و عجم سبھی جانتے ہیں۔

عزت و شرافت کی اس بلندی سے ان کا انتساب ہے
جس تک پہنچنے سے پہلے عالمِ اسلام کے عرب و عجم سب
عاجز ہیں

ان کی نگاہ، شرم و حیا سے جھکی رہتی ہے جب کہ لوگوں کی نظریں
ان کے دبدبہ اور جلال کی وجہ سے جھکی رہتی ہیں، اور جب یہ مسکراتے ہیں
تب ہی انھیں گفتگو کرنے کی ہمت ہوتی ہے۔

اُن کی پیشانی کے نور سے تاریکیاں یوں ضیا میں بدلتی ہیں۔
جیسے آفتاب کے نکلنے سے اندھیروں میں روشنی پھیل جاتی ہے!

تشہد کے علاوہ انھوں نے کبھی کسی سائل کے جواب میں "لا"
نہیں کہا۔

اگر تشہد میں "لا" (نہیں) نہ ہوتا تو ان کا تشہد بھی "نعم" (ہاں)
سے تبدیل ہو جاتا۔

ان کے فضل و کمال کا سرچشمہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی ذاتِ اقدس ہے۔

جن کے عناصر بھی پاکیزہ، عادتیں بھی [illegible] مشتق ہیں۔
[illegible] جب اپنے [illegible] الخلائق [illegible] ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صفات میں اتنے شیریں کہ تمام امتوں میں ان کی شیرینی محسوس ہوتی ہے۔

جب گفتگو کرتے ہیں تو گویا سب کی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہیں۔

اور ان کا کلام ہر قسم کے کلام کو زینت بخشتا ہے۔

اے شخص! اگر تو نہیں جانتا تو سن لے کہ یہ حضرت فاطمہ زہراؑ کے نورِ نظر ہیں۔

اور ان ہی کے جد (حضرت محمد مصطفیٰؐ ہیں) جن پر نبوت کا خاتمہ ہوا۔

خداوندِ عالم نے ابتدا سے ہی ان کے لئے فضیلت و شرف رکھا ہے۔

اور لوحِ محفوظ پر اس کے لئے قلمِ قدرت چل چکا ہے۔

ان کے جد (حضرت رسولِ خداؐ) وہ ہیں جن کے بعد ہی دیگر انبیاء کا مرتبہ ہے

اور ان کی امت، فضیلت میں دوسرے انبیاء کی امتوں سے بڑھ کر ہے۔

ان کے احسانات پوری کائنات کے لئے ہمہ گیر ہیں —— (اور ان ہی کے لطف و کرم سے) دنیا سے اندھیرے، محتاجی اور ظلم و تاریکی کافور ہو گئے۔

یہ ان کے معجزات ہیں، ابرِ کرم ہیں جن کی منفعت عمومی ہے۔

ان کی داد و دہش سب کے لئے یکساں ہے جس کو کبھی فقدان لاحق نہیں ہوتا۔

جبلت کے لحاظ سے بہت نرم ہیں، ان کو کبھی کسی بے عملی کا اندیشہ نہیں ہے۔

حلم اور کرم ایسی دو خصلتیں ہیں جن سے یہ ہمیشہ مزین رہتے ہیں

یہ لوگ کبھی اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتے یہ بابرکت لوگ ہیں۔

ان کے جود و کرم کا (دامن) وسیع ہے، دانش و لطف و کرم ان سے وابستہ ہے۔

یہ وہ لوگ جن کی محبت دین کا (جزو) ہے اور جن سے عداوت کفر ہے۔

ان کی قربت نجات دینے والی بھی ہے اور (عذاب سے بچانے والی بھی)!

ان کی محبت کے ذریعے سے پریشانیوں اور آزمائشوں کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔

اور نعمتوں اور حسنات میں ان کے ذریعے سے اضافہ طلب کیا جا سکتا ہے۔

اللہ کے ذکر کے بعد ان ہی کا ذکر ہر فریضے میں سب سے مقدم ہے، اور ہر شائستہ کلام کی انتہا ان ہی کی طرف ہے۔

اگر پرہیزگاروں کو شمار کیا جائے تو یہ ان کے امام تھے۔

اور اگر یہ سوال کیا جائے کہ روئے زمین پر سب سے بہتر کون ہے تو (حقائق اور صداقت کی طرف سے) آواز آئے گی کہ: یہی لوگ ہیں!

کوئی بھی صاحبِ جود و سخا انسان ان کی حدود تک نہیں پہنچ سکتا۔

اور چاہے کوئی قوم کتنی ہی کریم (النفس) کیوں نہ ہو ان کے قریب نہیں پہنچ سکتی!

جب بھی کوئی معرکہ پیش آئے، یہ لوگ شیروں کی طرح نظر آئیں گے

شیروں کے شیر یہی تو ہیں جن کی ہیبت اور دبدبہ مسلم ہے۔

کسی قسم کی مذمت ان کے خطوطِ قدس میں قدم نہیں رکھ سکتی ہے۔

یہ شائستہ اور محترم لوگ ہیں، ان کے ہاتھ سخاوت میں جنگ رہتے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں۔ شگفتگی ان کے ہاتھوں کو داد و دہش سے روک نہیں سکتی
ان کے پاس مال و دولت کی فراوانی ہو یا کمی (دست تنگی) یہ
یکساں ہی خرچ کرتے ہیں۔

دنیا کے قبائل میں سے کون سا ایسا قبیلہ ہے جس کی گردنوں
میں ان لوگوں کے احسانات کا قلادہ نہ ہو!!

جو شخص اللہ کو پہچانتا ہے وہ ان کے احسانات کو بھی پہچانتا ہے۔
دین تو اسی گھر کے ذریعے تمام اقوام تک پہنچا ہے۔
قریش کے درمیان ان ہی کے گھر وہ ہیں جن سے مشکلات (کی
تاریکیوں) میں روشنی حاصل کی جاتی ہے۔

اور جب یہ فیصلہ کریں، تو ان ہی کے فیصلے سے کب روکا جاتا ہے۔
ان کے جد بزرگوار اپنی اصل کے اعتبار سے قریش کے اہل بیت میں
بہترین برتر تھے
(یعنی حضرت محمد ﷺ اور ان کے بعد حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام)
(فضل و شرف تھے)

ان کی عظمت و جلالت (کی) [illegible] احد
کی کمائی ہیں۔

غرض اس قبیلہ کا دن [illegible] خوف [illegible] ہوتا ہے۔
[illegible] تک ہی ان کی شجاعت و
[illegible] کے [illegible] ہیں

اور [illegible] ان لوگوں کی [illegible] و احسانات
دیکھنے کے لائق تھی۔۔۔

یہ وہ مقامات ہیں کہ جن میں سے ہر ایک یہ بتاتا ہے کہ اس خاندان
کے افراد آنحضرتؐ کے تمام اہل بیت پر فوقیت رکھتے تھے
اور (دوسرے) لوگوں نے اس خاندان کے فضائل کو چھپایا۔ اس طرح سے
میں نہیں چھپا سکتا۔ بلکہ میں حق کی آواز بلند کرتا رہوں گا چاہے دنیا کتنی ہی
مخالف کیوں نہ ہو۔

نوٹ

اس جگہ اس حقیقت کا اعتراف کرنا ضروری ہے کہ
اصل قصیدہ میں جو فصاحت و بلاغت کے دریا بہہ رہے ہیں، ترجمے میں
ان کی عکاسی ممکن نہیں۔
گو ہم سے پہلے بعض صاحبان قلم نے آج سے ۷۰۰ سال قبل اس قصیدہ کا منظوم
ترجمہ بھی فرمایا۔
اور لکھنؤ سے شائع ہونے والے رسالہ "حقائق" نے ۱۳۸۵ ہجری کے محرم نمبر
میں اس ترجمے کو شائع کرنے کی بھی سعادت حاصل کی تھی۔
لیکن نظم کی پابندی کی بنا پر بہت سے مقامات پر عربی الفاظ کے صحیح ترجمے
کا حق ادا نہیں ہو سکا۔
اور پھر وہ فصاحت و بلاغت اور سلاست بیان بھی پیدا نہ ہو سکی جو جناب
فرزدق کے عربی قصیدہ میں نمایاں ہے)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ قصیدہ سن کر ہشام کو بہت غصہ آیا۔

اس نے جناب فرزدق سے کہا

"ہمارے لئے تم نے ایسا قصیدہ کیوں نہ کہا"

جناب فرزدق نے کہا:

"ان کے جد جیسے تمہارے جد اور ان کے والد جیسے تمہارے باپ، اور ان کی مادر جیسی تمہاری ماں ہوتی تو تم لوگوں کے بارے میں قصیدہ کہتا۔"

یہ سن کر ہشام نے جناب فرزدق کو مکہ و مدینہ کے درمیان "عسفان" نامی جگہ پر قید کر دیا۔

امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کو جب فرزدق کے گرفتار ہونے کی خبر ملی تو آپ نے "۱۲" ہزار درہم ان کے پاس بھیجے اور قاصد کے ذریعہ سے یہ بھی کہلوایا کہ:

"اے ابو فراس —— (اس حقیر رقم کی معذرت) —— اگر ہمارے پاس اس سے زیادہ ہوتا تو اس پریشانی کے موقع پر تمہارے لئے ضرور بھیجتا۔"

لیکن فرزدق نے وہ رقم واپس کر دی اور کہا کہ

"میں نے ان سے جو کچھ کہا، وہ خدا اور رسولؐ کے غضب سے بچنے کے لئے کہا تھا، اور میں اس کے لئے کوئی چیز...... قبول نہیں کروں گا۔"

امام علیہ السلام نے دوبارہ وہ رقم فرزدق کے پاس واپس بھیجی اور قاصد کے ذریعہ سے کہلوایا کہ:

"تمہیں میرے حق کی قسم ہے اسے ضرور قبول کرو۔ بیشک خداوند عالم تمہارے مرتبے سے بھی واقف ہے اور تمہاری نیت بھی جانتا ہے"

جس کے بعد فرزدق نے اس ہدیہ کو قبول کر لیا۔

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمائیے:

حلیۃ الاولیاء : ابو نعیم جلد ۳ صفحہ ۱۳۹

الاغانی : ابوالفرج اصفہانی جلد ۱۹ صفحہ [illegible]

مناقب جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۲۰۶ - [illegible]

بحار الانوار جلد ۴۶ صفحہ ۱۲۲ تک ۱۲۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ کی سیرت کے نقوش

قرآن مجید میں خالقِ کائنات کا ارشاد ہے:

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ـــ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ.

(خداوند عالم نے پاکیزہ بات کی مثال پیش کی ہے جیسے ایک پاکیزہ درخت جس کی جڑ (زمین میں) مضبوط اور اس کی شاخ آسمان میں بلند) ہے اپنے پروردگار کے حکم سے ہر آن پھل دیتا ہے اور خداوند عالم لوگوں کے لئے مثالیں پیش کرتا ہے تاکہ وہ لوگ نصیحت حاصل کریں)

(ملاحظہ فرمایئے سورۂ ابراہیم آیت نمبر ۲۴-۲۵)

☙

شیخ طبرسی علیہ الرحمہ مذکورہ بالا آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

ای: شجرة زكية نامية راسخة اصولها في الارض عالية اغصانها وثمارها في السماء واراد به المبالغة

في الرفعة۔

والاصل سافل والفرع عال

الا انه يتوصل من الاصل الى الفرع

(یعنی ایک پاکیزہ درخت، جو نمو پانے والا ہو جس کی جڑیں زمین میں راسخ ہوں اور جس کی ٹہنیاں اور ان میں لگنے والے پھل بلندیوں پر نظر آتے ہیں۔

یہ درحقیقت اُس درخت کی رفعت (اور عظمتِ شان) کا تذکرہ ہے (اور آسمان کا ذکر) مبالغہ کے طور پر کیا گیا ہے۔

اور اگرچہ ظاہری طور پر یہ نظر آتا ہے کہ جڑ نیچے (زمین میں) ہے اور شاخ بلندی کی طرف ہے۔

لیکن (یہ بھی حقیقت ہے کہ جڑ سے ہی شاخ کی طرف (توانائیاں) پہونچتی ہیں۔

(تفسیر مجمع البیان جلد ۶ صفحہ ۳۱۳)

☙

اور جناب عبداللہ بن عباس سے منقول ہے کہ:

"إِنَّهَا شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ"

(یہ درخت، جنت میں ہے)

☙

لیکن ابن عقدہ کی روایت ہے کہ آیت میں لفظ "شجرہ" صرف تمثیل کے طور پر ہے، چنانچہ:

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

إِنَّ الشَّجَرَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفَرْعُهَا عَلِيٌّ، وَغُصْنُ الشَّجَرَةِ فَاطِمَةُ، وَثَمَرَتُهَا أَوْلَادُهَا۔

(درخت سے مراد) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں

اس کی شاخ (امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام)

ٹہنی ——— (شہزادیٔ کونین جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا)

اور آپ کی اولاد اس کے پھل ہیں)

(تفسیر مجمع البیان جلد ۵ صفحہ ۱۳۰)

جناب ابن عباس ہی کی ایک روایت میں یہ بھی منقول ہے کہ:

قال جبرئیل للنبی ؐ:

أَنْتَ الشَّجَرَةُ، وَعَلِيٌّ غُصْنُهَا، وَفَاطِمَةُ وَرَقُهَا وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ ثِمَارُهَا۔

(جناب جبرئیل امین نے (اس آیت کے بارے میں) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کہا کہ

"آپ ہی (درحقیقت) وہ شجرہ ہیں۔

(حضرت) علیؑ اس کی شاخ ہیں۔

(جناب) فاطمہ اُس درخت کا پتہ ہیں۔

اور حضرت امام حسنؑ و امام حسینؑ علیہما السلام اُس کے پھل ہیں)

(ملاحظہ فرمائیے: علامہ طبرسی کی تفسیر مجمع البیان [illegible])

امام چہارم سید الساجدینؑ علی ابن الحسینؑ حضرت زین العابدین علیہ السلام اسی شجرہ طیبہ کی ایک عظیم المرتبت شخصیت ہیں جو کثرت سجود کی بناء پر سجاد کے لقب سے یاد کئے گئے اور جن کے بارے میں مورخین نے لکھا ہے کہ:

"آپ ہر چھوٹی بڑی نعمت کے ملنے پر، اور ہر قسم کی مصیبت کے دفع ہونے یا مومنین کے درمیان اصلاح ہو جانے پر سجدہ شکر ادا کیا کرتے تھے۔

اور اس طرح "سید سجادؑ" کے لقب سے یاد کئے جاتے تھے۔

جن کی حالت یہ تھی کہ کربلا کی قیامت خیز رات (جسے "شام غریباں" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے) آپ سجدۂ الٰہی میں مصروف نظر آتے،

اور جس طرح باپ نے زیرِ خنجر سجدہ کیا ——— اسی طرح سے آپ نے خاکستر گرم کربلا پر سجدہ کیا۔"

امام علیہ السلام کی حیات طیبہ کے بارے میں مختلف مکاتب فکر کے علماء اور مورخین کی کتابوں میں جو روایات ملتی ہیں اُن سے آپ کا ایک منفرد انداز نظر آتا ہے۔

چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ:

"آپ بیمار ہوئے اور آپ کے پدر بزرگوار حضرت امام حسین علیہ السلام نے مزاج پرسی کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"نورِ نظر ——— کوئی خواہش ہو تو بیان کرو۔"

تو فرمایا کہ: "خواہش صرف یہ ہے کہ میں قضا و قدر الٰہی پر راضی رہوں۔ اس کے علاوہ کوئی اور خواہش نہیں ہے کیونکہ جو "وہ" چاہتا ہے وہی بہتر ہے اس سے بہتر میں کیا طے کر سکتا ہوں۔"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۵

ان مذکورہ بالا بیانات سے یہ بات بسہولت واضح ہو جاتی ہے کہ پوری کائنات میں جو خاندان نگاہِ قدرت میں سب سے بلند و بالا ہے وہ اہلبیت طاہرین علیہم السلام ہی کی ذواتِ مقدسہ اور اُن سے وابستہ افراد ہیں۔

اور کسی شخص، یا کسی ذات کو درخت سے تشبیہ دینا، قطعی طور سے کوئی انہونی بات نہیں ہے کیونکہ بنی نوع انسان کے درمیان یہ جانی پہچانی بات ہے کہ:

معزز خاندانوں میں سلسلۂ نسب کی حیات اور اولاد کی اپنے آباو اجداد کے ساتھ جو کڑیاں ترتیب کی جاتی ہیں اور کسی شخص کا سلسلۂ نسب کن بزرگوں سے ملتا ہے اس کے اثبات کے لئے جو چیز رائج ہے: اُسے

"شجرہ" — یا شجرۂ نسب

ہی کہا جاتا ہے۔

ایسی صورت میں اگر جبرئیل امین نے حضور سرورِ کائنات خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات کو لفظ "شجرہ" سے یاد کیا ہو، تو یہ کوئی حیرت انگیز بات نہیں قرار دی جا سکتی۔

۶

البتہ اس روایت سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ خاندانِ رسالت کے افراد نہایت پاک و پاکیزہ اور بلند مرتبہ اشخاص ہیں، جنہیں مالکِ دو جہان نے

"شجرۂ طیبہ"

قرار دیا ہے — اور اہلِ ایمان پر یہ احسان فرمایا کہ انھیں اس شجرۂ طیبہ کے دامن سے وابستگی کی سعادت عطا فرمائی ہے۔

یہ سُن کر حضرت امام حسینؑ علیہ السلام نے بیٹے کو گلے سے لگایا اور فرمایا کہ
"تمہارا جواب، خلیلِ خدا حضرت ابراہیمؑ سے ملتا جلتا ہے کہ جب وہ اُن کو آتشِ نمرود میں منجنیق کے ذریعہ سے پھینکا جا رہا تھا اور فرشتوں کی طرف سے (انھیں) امداد کی پیشکش کی گئی، تو ان کی مدد قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"جس کا محتاج ہوں وہ میرے حالات کو خوب جانتا ہے اور میرا فرض ہے کہ اس فیصلے کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دوں۔"

مذکورہ بالا روایت، ہمارے علماء و محققین کے علاوہ برادرانِ اہلسنت کے معتبر مؤرخین نے بھی اپنے سلسلۂ اسناد کے ساتھ قلمبند کی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ امامِ وقت کس قدر مشیتِ پروردگار کا آرزو مند ہوتا ہے۔

ہم اس موقع پر خصال صدوق کے حوالے سے حمزہ بن عمران کی وہ روایت بھی پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں جس میں امام چہارم حضرت زین العابدینؑ کی حیاتِ طیبہ کے نقوش کو خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے۔

وہ نقل کرتے ہیں کہ:

"امام چہارم حضرت زین العابدین، علی ابن الحسینؑ روزانہ دن و رات کے دوران، ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے، جیسا کہ حضرت امیر المومنینؑ کا معمول تھا۔

آپؑ کے (باغ) میں کھجور کے پانچ سو درخت تھے، اور ان میں سے ہر درخت کے نیچے، آپ دو رکعت نماز ادا کرتے تھے۔

جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو (انتہائی خضوع و خشوع، اور جلالِ پروردگار کے تصور سے) آپؑ کے چہرے کا رنگ متغیر ہو جاتا تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana.Jabir Abbas

حالتِ نماز میں اس طرح کھڑے ہوتے تھے جیسے کمالِ عاجزی و انکساری کے ساتھ کوئی بندہ، جلیل القدر بادشاہ کے سامنے کھڑا ہو۔

خوفِ خدا سے آپ کے اعضاء پر کپکپی طاری رہتی تھی۔

نماز اس طرح ادا فرماتے تھے جیسے یہ آخری نماز ہو۔ اس لئے انتہائی اشتیاق اور انہماک کے ساتھ پڑھتے تھے۔

کسی نے آپ سے سوال کیا تو فرمایا:

"تمہیں معلوم ہے، میں کس کی بارگاہ میں کھڑا ہوتا ہوں ——؟"

٭

تاریک راتوں میں اپنی پشتِ مبارک پر بورے لے کر جاتے تھے، جن میں درہم و دینار کی تھیلیاں ہوتی تھیں —— اور بعض اوقات کھانے کا سامان اور لکڑیاں لے کر جاتے تھے۔ ایک دروازے پر جاتے دروازہ کھٹکھٹاتے، اور جب کوئی نکلتا تو وہ سامان اس کے سپرد کر کے آگے چل دیتے تھے۔

جب کسی حاجت مند تک کوئی چیز پہونچاتے تو اپنا چہرہ چھپا لیتے تھے، تاکہ وہ فقیر آپ کو پہچان نہ لے۔

جب آپ کا انتقال ہوا تو ان محتاجوں کو پتہ چلا کہ وہ (جو رات کی تاریکی میں ان لوگوں تک سامان پہونچاتے تھے) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام تھے۔

ایک رات بیت الشرف سے نکلے تو خز کی ایک شال اوڑھے ہوئے تھے، راستے میں ایک سائل ملا جس نے سوال کیا تو آپ نے وہ شال اس کے سپرد کر دی اور آگے بڑھ گئے۔

آپ نے عرفہ کے دن کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ (اپنے جیسے انسانوں) کے آگے دستِ سوال پھیلائے ہوئے ہیں تو فرمایا:

"افسوس —— تم لوگ آج جیسے (با عظمت) دن (خداوند عالم کی بارگاہ) میں التجا کرنے کے بجائے (لوگوں سے مانگ رہے ہو! —— جبکہ آج کے دن تو یہ امید کرنی چاہیئے کہ اگر (حاملہ) عورتوں کے بدلے میں دعا مانگی جائے تو، ان کے شکم میں جو بچہ ہے وہ خوش بخت ہو جائے۔"

٭

آپ کی عادت تھی کہ اپنی مادرِ گرامی کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھ کر ایک جگہ کھانا نہیں کھاتے تھے ——[1]

کسی نے اس کے بارے میں آپ سے دریافت کیا تو فرمایا:

اس اندیشے سے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ دسترخوان کی کوئی چیز اٹھانا چاہیں اور میرا ہاتھ اس چیز پر ان سے پہلے چلا جائے!

٭

آپ نے ایک اونٹنی پر بیس حج کئے تھے، مگر اس طویل عرصہ میں (ایک بار بھی) اُسے چابک نہیں ماری۔ اور جب وہ اونٹنی دنیا سے رخصت ہوئی تو امام نے اسے دفن کرا دیا تاکہ درندے نہ کھا جائیں۔

٭

آپ کی ایک خادمہ سے آپ کے معمولات کے بارے میں دریافت کیا گیا، تو کہنے لگی کہ:

"تفصیل سے بیان کروں، یا مختصر ——؟"

راوی نے کہا: "مختصر بیان کرو۔"

---

[1] یہ قول محمد بن [illegible] روایت کے متعلق اگر آپ کے [illegible] بتایا گیا ہے کہ حضرت امام [illegible] علیہ السلام کی ولادت کے چند روز بعد ہی ان کی مادرِ گرامی کا انتقال ہو گیا تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طاؤس نے کہا کہ: مختصر بات یہ ہے کہ میں نے کبھی دن کے وقت ان کی خدمت میں کھانا پیش نہیں کیا، اور رات کے وقت کبھی ان کے لئے بستر نہیں بچھایا۔

۱۵

ایک روز، کچھ ایسے لوگوں کے پاس سے آپ کا گزر ہوا، جو آپ کے خلاف باتیں کر رہے تھے (جنھیں آپ نے سن لیا)

ان لوگوں کے پاس ٹھہر گئے، اور فرمایا:

"جو کچھ تم لوگوں نے کہا ہے اگر وہ سچ ہے تو خداوند عالم مجھے معاف کرے، اور اگر تم نے جھوٹ کہا ہے، تو خداوند عالم تمہاری مغفرت کرے۔"

۱۶

اگر کوئی طالب علم آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا، تو فرماتے:

مرحبا بوصیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان لوگوں کو خوش آمدید (جن کے بارے میں) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت (فرمائی ہے)

پھر فرماتے:

جب طالب علم اپنے گھر سے نکلتا ہے تو روئے زمین پر خشکی و تری میں، جہاں بھی قدم رکھے، ساتوں زمینیں اس کی توصیف کرتی ہیں

۱۷

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام مدینہ کے حاجت مند لوگوں کی ایک سو گھرانوں کی کفالت فرماتے تھے

اور آپ کو یہ بات بہت اچھی لگتی تھی۔

یتیموں، تنگدستوں، معذوروں اور ان مسکینوں تک جو وسائل زندگی سے محروم ہیں، کھانا پہونچاتے تھے۔

اس وقت تک کھانا نوش نہیں جب تک اسی کے مانند خدا کی راہ میں پیش نہ کر دیں۔

جب بھی آپ کے سامنے کھانا لایا جاتا، آپ اپنے پدر بزرگوار حضرت امام حسین کو یاد کرتے، اور ان پر گریہ فرماتے۔

ایک روز آپ کے ایک خدمتگار نے عرض کیا:

"اے فرزند رسول! ___ کب تک روتے رہیں گے؟"

فرمایا: افسوس (تم نے اس بات پر غور نہیں کیا):

حضرت یعقوب (جو خدا کے) نبی تھے، ان کے بارہ بیٹے تھے، صرف ایک بیٹا حکم خدا سے نگاہوں سے غائب ہو گیا تھا، تو روتے روتے ان کی آنکھوں کی روشنی ختم ہو گئی، سر کے بال رنج و غم سے سفید ہو گئے اور شدت غم کی وجہ سے کمر جھک گئی۔

حالانکہ ان کا وہ بیٹا زندہ تھا اور دنیا کے اندر موجود تھا ___ جبکہ میں نے اپنے والد ماجد، بھائی، چچا اور (خاندان کے افراد) کے لاشے اپنے اردگرد (بکھرے ہوئے) دیکھے ہیں۔

میرا غم کیسے کم ہو سکتا ہے۔"

تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: خصال شیخ صدوق، جلد ۱ صفحہ ۲۵

سفیان ابن عیینہ کی روایت ہے:

زہری سے کسی نے دریافت کیا کہ: "دنیا میں سب سے بڑا زاہد شخص کون ہے؟"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by:-Rana Jabir Abbas

کہا کہ: حضرت علی ابن الحسینؑ (امام زین العابدین علیہ السلام)۔

پھر یہ واقعہ بیان کیا کہ:

جس زمانہ میں آپ بیت الحرم میں تھے آپ سے کسی نے کہا کہ آپ کی فلاں جائیداد پر دوسروں نے قبضہ کر رکھا ہے، آپ چاہیں تو حاکم سے فرما دیں وہ بھی آج کل اسی شہر میں موجود ہے۔

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:

وَيْحَكَ أَفِي حَرَمِ اللهِ أَسْأَلُ غَيْرَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ!

(افسوس ہے تیری اس بات پر ——— کیا تو نے یہ نہ سوچا، میں خدا کے گھر میں ہوتے ہوئے اس کے علاوہ کسی اور سے کوئی فرمائش کر سکتا ہوں!

ایسا شخص ہے ———

[illegible] کے بارے میں درخواست نہیں کی تو ان کی مخلوق سے کب سوال کر سکتا ہوں

زہری کا بیان ہے کہ لوگوں نے حاکم تک یہ بات پہنچا دی

امام علیہ السلام سے اس [illegible] کا حاکم [illegible]

حالانکہ اس نے خود اپنی طرف سے حکم جاری کر دیا

([illegible] صفحہ ۷۰)

یہ روایت بھی سفیان بن عیینہ سے منقول ہے کہ:

ایک دفعہ سردیوں کی رات میں، بارش ہو رہی تھی اور حضرت امام زین العابدینؑ اپنی پشت پر آٹے (کی بوریاں رکھے ہوئے) کہیں تشریف لے جا رہے تھے۔

زہری نے امام علیہ السلام کو دیکھا تو دریافت کیا:

"اے فرزند رسولؐ! (ایسے سخت موسم میں) کہاں کا قصد ہے؟

فرمایا: ——— سفر درپیش ہے جس کے لئے زادِ راہ (پشت پر) اٹھائے ہوئے ہوں، اسے ایک محفوظ جگہ تک پہنچانا ہے۔

زہری نے کہا:۔ میرا غلام حاضر ہے، اس بوجھ کو اٹھائے گا، تاکہ آپ کو یہ زحمت نہ کرنی پڑے۔

امامؑ نے یہ بات قبول نہیں کی۔

زہری نے کہا:۔ میں خود اس خدمت کو انجام دیتا ہوں، تاکہ آپ کو یہ بوجھ نہ اٹھانا پڑے۔

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:

جو چیز میرے لئے دورانِ سفر سبب رستگاری ہے، اور جس کے ساتھ اس منزل پر وارد ہونا میرے لئے بہتر ہے، میں اس سے دستبردار ہونا نہیں چاہتا۔

تمہیں خدا کے حق کی قسم، جہاں جا رہے ہو جاؤ، مجھے اس کام سے نہ روکو۔

یہ سن کر زہری واپس چلے گئے۔

کچھ دنوں کے بعد زہری کی امام علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے عرض کیا:

"اے فرزند رسولؐ ——— آپ نے اس شب ذکر کیا تھا کہ آپ اپنا زادِ سفر لے جا رہے ہیں، مگر مجھے تو اس سفر کے آثار نظر نہیں آئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام علیہ السلام نے فرمایا:

"زہری —— تم (اس دنیا کا سفر سمجھے تھے)؟ ایسا نہیں ہے میں نے تو موت اور اس کے بعد پیش آنے والے سفرِ آخرت کا ذکر کیا تھا) اور اسی کی تیاری میں تھا۔

(یاد رکھو):

انما الاستعداد للموت تجنب الحرام وبذل الندی فی الخیر۔

(موت کی تیاری یہ ہے کہ: گناہ سے دامن بچایا جائے، اور نیکی کی راہوں میں (خوب) خرچ کیا جائے۔

(دلائل الشرائع صفحہ ۔۔)

احمد بن عیسٰی ... کی روایت ہے کہ:

.. حضرت امام زین العابدین جب بھی سفر کرتے تھے، تو ایسے ہی لوگوں کے ساتھ، جو آپ کو پہچانتے نہ ہوں۔

اور ان لوگوں سے بھی (جن کے ساتھ سفر کرتے تھے) یہ وعدہ لے لیتے تھے کہ دورانِ سفر ان لوگوں کو جو بھی ضرورت پیش آئے اس کے لئے آپ کو خدمت گار سمجھیں۔

چنانچہ ایک دفعہ، آپ اسی طرح ایک قافلہ کے ساتھ سفر کر رہے تھے، ایک شخص نے آپ کو دیکھا اور پہچان لیا تو قافلے والوں سے کہنے لگا

"تمہیں معلوم ہے یہ صاحب کون ہیں۔؟

ان لوگوں نے کہا۔ نہیں، ہمیں تو معلوم نہیں۔

اُس شخص نے بتایا کہ:

"یہ امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام ہیں۔

یہ سن کر سب اپنی جگہ سے تیزی سے اُٹھے اور امام علیہ السلام کے ہاتھوں اور پیروں کا بوسہ لینے لگے اور عرض کرنے لگے:

"اے فرزندِ رسول —— آپ نے کیوں ایسا کیا کہ اپنے آپ کو مخفی رکھا، اور یہ ظاہر نہ ہونے دیا کہ آپ کون ہیں)؟ —— اگر ہماری زبان سے کوئی ایسا فقرہ نکل جاتا جو آپ کی عظمت کے خلاف ہوتا تو ہم ہلاکتِ ابدی میں گرفتار ہو کر جہنم کا ایندھن بن جاتے؛ (آپ نے ہمیں پہلے کیوں نہ بتایا کہ آپ حجتِ خدا، امام وقت اور فرزندِ رسول ہیں) —— ؟

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:

ایک دفعہ میں نے کچھ لوگوں کے ساتھ سفر کیا تھا، جو مجھے پہچانتے تھے، تو ان لوگوں نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے (میری قرابت) کا خیال کرتے ہوئے اس قدر میرا خیال رکھا...

میں نہیں چاہتا تھا کہ تم لوگ بھی اسی طرح میری عزت کرنے لگو (اس لئے اپنے آپ کو پوشیدہ رکھنا مجھے زیادہ پسند آیا۔

(ملاحظہ فرمائیے: عیون اخبار الرضا جلد ۲، صفحہ ۱۴۱)

۔۔۔سعید بن مکتوم کی روایت ہے کہ:

"میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا

آپ نے امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب کا ذکر کیا اور آپ کی خوب مدح و ثنا فرمائی، پھر فرمایا:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا کی قسم (میرے جد) امیر المومنینؑ (علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے
دنیا سے تشریف لے جانے تک حلال و طیب رزق کے علاوہ
کبھی کوئی چیز استعمال نہیں کی۔

اور جب بھی آپ کے سامنے دو ایسے معاملات پیش آئے جن دونوں
میں پروردگار عالم کی خوشنودی ہوتی، تو آپ اُن میں سے اُس بات کو
اختیار کرتے جس میں دینی اعتبار سے زیادہ سختی ہوتی۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی کسی پریشانی میں
مبتلا ہوئے، تو حضرت علی ابن ابی طالبؑ پر اعتماد کی بناء پر بس اُن ہی
کو (مدد کیلئے) بلایا۔

اور پوری امت میں آپ کے علاوہ کوئی ایسا نہیں تھا جو حضرت رسولؐ خدا
(کے اُن امور کو انجام دینے) کی طاقت رکھتا ہو۔

اپنے ذاتی مال سے ایک ہزار غلام، خوشنودی پروردگار کے ارادہ
سے ... آزاد کئے۔ اور اس کام کے لئے آپ نے اپنے دست مبارک سے
بہت محنت کی اور آپ کی پیشانی عرق آلود ہوتی رہی، اور گھر والے
(بہت معمولی غذا پر اکتفا کرتے رہے)

آپ کا لباس بہت سادہ اور کھردرے کپڑے کا ہوتا تھا۔

- - -

آپ کی اولاد طاہرین اور اہلبیتؑ کرام میں (ان تمام صفات میں) آپ
سے زیادہ مشابہ آپ کے پوتے حضرت علی ابن الحسینؑ تھے۔

ایک بار آپ کے فرزند حضرت ابو جعفر (امام محمد باقر علیہ السلام)
آپؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ جد بزرگوار انتہائی اہتمام کے

ساتھ بہت کثرت سے عبادت کر رہے ہیں۔

بیٹے کی نگاہ باپ کے چہرہ پر پڑی تو دیکھا کہ۔

مسلسل بیداری سے چہرہ کی رنگت زرد ہو گئی ہے۔

آنکھیں شدت گریہ و بکا سے سوجی ہوئی ہیں۔

پیشانی پر گہرے نشانات ہیں۔

کثرت سجود کے آثار نمایاں ہیں۔

اور عبادت میں دیر تک کھڑے رہنے کی وجہ سے پیروں اور پنڈلیوں پر ورم آگیا
ہے

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

"میں نے جد بزرگوار کی یہ حالت دیکھی تو مجھے اپنے اوپر گریہ پر قابو نہ
رہا۔ اور میں رونے لگا

(اس وقت میرے جد بزرگوار فکر و تفکر میں مصروف تھے۔

میرے پہنچنے کے کچھ دیر بعد، میری طرف ملتفت ہوئے ---- اور
مجھ سے فرمایا

بیٹے! مجھے اُن صحیفوں میں سے کوئی صحیفہ دکھلاؤ جن میں تمہارے جد
بزرگوار امیر المومنینؑ (حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی عبادت کا ذکر ہے)

میں نے جد بزرگوار کی خدمت میں ایک صحیفہ پیش کیا

جسے آپ نے تھوڑا سا پڑھ کر رکھ دیا ---- اور فرمایا۔

کس میں طاقت ہے کہ امیر المومنینؑ حضرت علی ابن ابی طالب جیسی
عبادت کرسکے!! ----

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے: ارشاد شیخ مفید)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فتح الابواب کی روایت ہے،

حماد بن حبیب العطار بیان کرتے ہیں کہ :

"ہم لوگ ایک قافلہ کے ساتھ ، حج بیت اللہ کے لئے گھر سے نکلے اور رات کے وقت منزل زبالہ سے گذرے جہاں ایک سیاہ آندھی نے ہمارا استقبال کیا۔

ہوا اتنی تیز تھی کہ قافلہ بکھر گیا، سب ایک دوسرے سے بچھڑ گئے میں اس صحرائے بیاباں میں تنہا رہ گیا۔

چلتے چلتے ایک سنسان وادی میں پہونچا تو رات بہت اندھیری ہو چکی تھی، چنانچہ میں نے ایک درخت کے پہلو میں پناہ لے لی۔

اسی جگہ تاریکی میں مجھے ایک جوان آتے ہوئے محسوس ہوئے جنہوں نے سفید بُراق لباس زیب تن کیا ہوا تھا جس سے مشک جیسی خوشبو ہر طرف پھیل رہی تھی۔

اُن کی آمد پر میرے دل سے آواز آئی کہ :

یہ اللہ کے اولیاء میں سے کوئی ولی معلوم ہوتے ہیں ـــ (جو تنہائی میں خداوند عالم کی عبادت کرنا چاہتے ہیں) ـــ اگر میں نے کوئی جنبش کی ۔ اور میرے جسم میں کوئی حرکت ہوئی، تو اندیشہ ہے کہ وہ یہاں ٹھہریں گے نہیں ۔ اور جو (عبادت وغیرہ) وہ یہاں کرنا چاہتے ہیں اُس میں رکاوٹ بن جاؤں گا۔

چنانچہ مجھ سے جس قدر ممکن ہو سکا ۔ میں نے خود کو چھپا لیا۔

"آنے والے نے ایک جگہ کا انتخاب کیا اور نماز کی تیاری

شروع کی، تو میں نے سُنا کہ اُن کے لبوں پر یہ دعا تھی :

یامن احاز کل شی ملکوتا، وقہر کل شی جبروتا، اولج قلبی فرح الاقبال علیك، والحقنی بمیدان المطیعین لك۔

"اے وہ ذات، جس کے اقتدارِ اعلیٰ نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے، اور اپنے جبروت کے سامنے سرنگوں کر رکھا ہے۔

میرے دل میں یہ جذبہ راسخ کر دے کہ تیری بارگاہ میں حاضری میرے لئے باعثِ فرحت و انبساط ہو، اور اپنے اطاعت گذاروں کے لئے جو تُو نے جولاں گاہ مقرر کی ہے، اُس میں مجھے پہونچا دے)

اس کے بعد آپ نے نماز شروع کی۔

پھر جب میں نے غور کر کے دیکھا کہ آپ پورے سکون و اطمینان کے ساتھ نماز شروع کر چکے ہیں۔

تو میں اُٹھ کر اُسی طرف گیا ، جہاں "وہ" نماز شروع کرنے سے قبل (وضو وغیرہ) کے لئے تشریف لے گئے تھے۔

میں نے دیکھا کہ وہاں شفاف پانی کا ایک چشمہ بہہ رہا ہے۔

میں نے اُس چشمہ سے وضو کیا، اور نماز کے لئے اُن ہی کے پیچھے کھڑا ہو گیا تو میں نے محسوس کیا کہ :

گویا ایک محراب ہے، جو اُسی وقت بنائی گئی ہے۔

"وہ" "نماز" میں مصروف تھے، اور میں غور کر رہا تھا کہ) :

جب (دورانِ تلاوت کوئی ایسی آیت آتی جس میں خداوند عالم کی طرف سے) وعدہ وعید کا تذکرہ ہوتا، تو آپ اُسے ایک خاص

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انداز سے دہراتے تھے۔

اسی طرح انہوں نے پورے خصوع و خشوع اور کامل انہماک کے ساتھ تہجد کی نماز مکمل کی)

پھر جب رات کی تاریکی چھٹنے لگی (سفیدۂ سحر نمودار ہوا، اور صبح کا وقت قریب آیا) تو آپ کے لبوں پر یہ دعا تھی۔

یامن قصدہ الطالبون فاصابوہ مرشدا، وامہ الخائفون فوجدوہ متفضلا، ولجأ الیہ العابدون فوجدوہ نوالا، متی راحۃ من نصب لغیرک بدنہ، ومتی فرح من قصد سواک بنیتہ۔

الٰہی قد تقشع الظلام ولم اقض من خدمتک وطرا ولا من حیاض مناجاتک صدرا.

صل علی محمد وآلہ ــــ وافعل بی اولی الامرین بک یاارحم الراحمین۔

اے وہ ذات: جس کی شان یہ ہے کہ طلب کرنے والوں نے اس کا ارادہ کیا تو اسے مرشد و رہنما پایا۔

خوف و خطر میں مبتلا لوگوں نے اس کا قصد کیا تو اسے فضل و کرم کرنے والا پایا۔

عبادت گذاروں نے اس کی بارگاہ میں پناہ لی، تو اُسے جود و عطا کرنے والا پایا۔

اس شخص کو کب آرام مل سکتا ہے جو تیرے سوا کسی اور کی خاطر اپنے جسم کو تھکائے ــــ؟

اور اسے فرحت و انبساط، کب نصیب ہو سکتی ہے جو اپنی نیت میں تیرے علاوہ، کسی اور کا ارادہ کرے ــــ؟

پالنے والے (رات کی) تاریکی چھٹ رہی ہے، لیکن میں پوری طرح سے تیری خدمت نہ کر سکا۔

حضرت محمدؐ اور اُن کی آل پر درود نازل فرما۔

اور میرے ساتھ وہ سلوک فرما، جو تیرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہو۔

اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ مہربان

(۵)

"آپ" ــــ کی یہ دعائیں سن کر (میرے دل پر بہت گہرا اثر ہوا، اور) مجھے اندیشہ ہوا کہ (کہیں ایسا نہ ہو کہ میں مستقل طور سے رات کی تاریکی میں خود کو چھپاتا رہوں۔ اور آپ کی زیارت سے بھی محروم ہو جاؤں، اور آپ (عبادت سے فارغ ہونے کے بعد) یہاں سے روانہ ہو جائیں۔

چنانچہ میں آگے بڑھ کر آپ کے دامن سے لپٹ گیا، اور گذارش کی:

"آپ کو اُسی ذات کردگار کا واسطہ (جس سے آپ مناجات کر رہے تھے)... اور جس نے آپ کو اپنی بارگاہ میں حاضری کا ایسا شوق و دولت عطا فرمایا ہے ــــ مجھے بھی اپنے بازوئے رحمت میں لے لیجئے...

کیونکہ میں بے راہ ہو گیا ہوں..

یہ سن کر انہوں نے فرمایا کہ:

اگر تمہارا توکل سچا ہو تو بے راہ نہیں ہو سکتے! ــــ اچھا اب آؤ، میرے پیچھے پیچھے چلو۔

چنانچہ (میں نے آپ کا اتباع کیا)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب آپ درخت کے کنارے پہونچے تو میرا ہاتھ تھام لیا —— اُس وقت مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا گویا میرے پیروں کے نیچے سے زمین سرک رہی ہے۔

پھر جب صبح کی سفیدی (اچھی طرح) واضح ہوگئی تو مجھ سے فرمایا:

"مبارک ہو —— تم اس وقت مکّہ میں ہو۔"

جیسے ہی آپ نے یہ فقرہ فرمایا، میرے کانوں میں لوگوں کے اژدہام کا ہمہمہ اور حاجیوں کی مخصوص آوازیں آنے لگیں۔

میں نے اُن سے گذارش کی:

"آپ کو اُسی ذاتِ کردگار کا واسطہ جس سے آپ روزِ قیامت (ملاقات کے) آرزومند ہیں، مجھے بتایئے، آپ کون ہیں؟"

یہ سُن کر فرمایا کہ:

"اب جبکہ تم نے قسم دی ہے تو سُنو:

میں حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کا (پوتا)، امام حسینؑ کا بیٹا، علی بن الحسینؑ ہوں۔"

(ملاحظہ فرمایئے: مناقب ابن شہر آشوب جلد ۳ ص ۲۸۰)

اصمعی کا بیان ہے کہ:

ایک رات، میں خانۂ کعبہ کا طواف کر رہا تھا کہ میں نے دیکھا: ایک خوبصورت جوان ... نے غلافِ کعبہ کو ہاتھوں میں تھاما ہوا تھا، اور لبوں پر یہ دعا تھی:

نَامَتِ الْعُيُوْنُ، وَعَلَتِ النُّجُوْمُ، وَاَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْقَيُّوْمُ

غَلَّقَتِ الْمُلُوْكُ اَبْوَابَهَا، وَاَقَامَتْ عَلَيْهَا حُرَّاسَهَا وَبَابُكَ مَفْتُوْحٌ لِلسَّائِلِيْنَ.

جِئْتُكَ لِتَنْظُرَ اِلَيَّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

(آنکھیں سو چکی ہیں، ستارے بلند ہو چکے ہیں اور (اے میرے پروردگار) تو ہی وہ صاحبِ سلطنت ہے جو حیّ و قیوم ہے۔

بادشاہوں نے اپنے دروازے بند کر لئے ہیں اور اُن پر دربان کھڑے کر رکھے ہیں، جبکہ تیرا دروازہ، سوال کرنے والوں کے لئے کھلا ہوا ہے۔

میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں تاکہ تُو مجھے اپنی رحمت سے سرفراز کرے۔

اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ مہربان)

اُس کے بعد آپ نے یہ اشعار پڑھے:

یا من یجیب دعا المضطر فی الظلم
یا کاشف الضر والبلوی مع السقم
قد نام وفدک حول البیت قاطبہ
وانت وحدک یا قیوم لم تنم
ادعوک رب دعاء قد امرت بہ
فارحم بکائی بحق البیت والحرم
ان کان عفوک لا یرجوہ ذو سرف
فمن یجود علی العاصین بالنعم

اے وہ، جو تاریکیوں میں بھی، پریشاں حال لوگوں کی دعا قبول کرنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

والا ہے۔

اے مشکلات، پریشانیوں اور بیماریوں کا ازالہ کرنے والے۔

تیرے وفد کے سب لوگ، گھر کے اطراف میں سو چکے ہیں۔

لیکن اے (حی و) قیوم، تنہا، تیری ذات وہ ہے جسے نیند نہیں آتی۔

اے پالنے والے، میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں جس طرح دعا مانگنے کا تو نے حکم دیا ہے۔

تجھے تیرے گھر، اور حرم (مقدس) کا واسطہ، میرے گریہ و بکا پر رحم فرما۔

اگر وہ لوگ جن سے کوتاہیاں سرزد ہوئی ہیں، تیرے عفو و درگزر کی امید نہ کریں۔

تو (اے میرے پالنے والے) گنہگاروں، اور نافرمانوں پر جود (وکرم) اور انعام (واحسان) کون کرے گا۔

اصمعی کہتے ہیں کہ:

میں آواز کے پیچھے پیچھے چلا تو دیکھا کہ امام زین العابدین علیہ السلام ہیں۔

(ملاحظہ فرمایئے بحار الانوار جلد ۶ صفحہ ۱۰۸)

عبادت

"عبادت" انسانیت کا جوہر ہے، اور عبادت کا مطلب ہے:

"انسان دل و جان سے، قول و عمل سے، ارادہ و فعل سے خدا کا ہو جائے، اس کے اوامر پر عمل کرے، اس کی نواہی سے باز رہے، اطاعت کو اپنا شیوہ بنائے، پوری کائنات سے بے نیاز ہو کر مالکِ حقیقی کی بارگاہ میں سرِ نیاز خم کرے۔

اور یہی وہ بندگی ہے جو معراجِ انسانیت ہے جو انسان کے اندر استقلال اور کمال کی ایک منفرد نمو پیدا کرتی ہے، جس کے بارے میں شاعر نے بجا طور پر کہا ہے کہ:

وہ ایک سجدہ، جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

قرآن مجید کی سیکڑوں آیتوں میں انسان کو ترغیب دی گئی ہے کہ وہ پوری کائنات سے بے نیاز ہو کر صرف خدائے واحد کی بارگاہ میں سربسجود ہو جائے۔

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا۔

(اور خدا کی ہی عبادت کرو، اور کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ)

(سورۂ آل عمران آیت [illegible])

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ۔۔ اُس کے خالق ہونے کا تقاضہ بھی قرار دیا گیا کہ انسان اُس کی عبادت کرے۔

چنانچہ ارشاد ہوا۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْہُ۔

(اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے،
لہٰذا صرف اُسی کی عبادت کرو)

سورۂ انعام ۶ آیت نمبر ۱۰۲)

یا جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے،

... اَنِ اعْبُدُوا اللّٰہَ رَبِّیْ وَرَبَّکُمْ۔

اور عبادت کرو اللہ کی، جو میرا اور تم سب لوگوں کا پروردگار ہے

سورۂ مائدہ ۵ آیت ۷۲

اور کبھی عبادت کو تقویٰ کا ذریعہ بھی قرار دیا گیا ہے:

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ۔

(اے لوگو ۔۔۔۔ اپنے پروردگار کی عبادت کرو۔
جس نے تم کو، اور اُن لوگوں کو جو تم سے پہلے تھے، پیدا کیا ہے۔
امید ہے کہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔)

(سورۂ البقرہ، ۲ آیت ۲۱)

اور بعض آیتوں میں اسے صراطِ مستقیم بھی قرار دیا گیا۔

چنانچہ ارشادِ قدرت ہے،

وَاَنِ اعْبُدُوْنِیْ، ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ۔

(اور میری ہی عبادت کرو، یہ سیدھا راستہ ہے۔

اور انبیائے کرام نے بھی اپنی قوم سے فرمایا:

وَاِنَّ اللّٰہَ رَبِّیْ وَرَبُّکُمْ، فَاعْبُدُوْہُ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ

اور اس میں شک نہیں کہ اللہ ہی میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی پروردگار ہے۔
تو سب کے سب اُسی کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے۔

اور یہ بات بھی واضح ہے کہ قدرت کی طرف سے انسان کے لئے جو مقصدِ حیات معین کیا گیا ہے، وہی انسان کے لئے سیدھا راستہ ہے اور اسی پر چلنے والے اشخاص کے لئے کہا جائے گا کہ یہ حضرات صراطِ مستقیم پر گامزن ہیں۔

اور قرآن مجید میں خالقِ دو جہاں نے بہت واضح لفظوں میں یہ اعلان فرما دیا کہ:

جنوں اور انسانوں کی غرضِ خلقت عبادت ہے۔

ارشادِ قدرت ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ

(اور میں نے جنوں اور آدمیوں کو، اسی لئے پیدا کیا ہے کہ وہ
میری عبادت کریں)

سورۂ مبارکہ "الذاریات" آیت ۵۶)

جس کے ذیل میں بعض معاصر مفسرین نے لکھا ہے کہ:

اگرچہ مخلوقات کا ذرہ ذرہ اللہ کی بندگی میں مصروف ہے، کیونکہ اللہ سارے جہان کا خالق اور اس کی ایک ایک چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔

اور جو پیدا کرنے والا ہے اسی کی عبادت و بندگی کرنی چاہیئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیکن آیت میں صرف جنوں اور انسانوں کا ذکر بنا بر اس لئے کیا گیا ہے کہ،

"زمین پر صرف جن اور انسان ہی ایسی مخلوق ہیں جن کو یہ آزادی بخشی گئی ہے

کہ وہ اللہ کی بندگی کرنا چاہیں تو اپنے ارادہ و اختیار سے کریں۔

دوسری جتنی مخلوقات بھی اس دنیا میں ہیں، وہ اس نوع کی آزادی نہیں رکھتیں،

بلکہ اُن کے لئے سرے سے کوئی دائرہ اختیار ہی نہیں ہے کہ وہ اللہ کی بندگی کریں یا

نہ کریں کیونکہ وہ سب اُس کی رضا کے آگے سرنگوں ہیں۔

یہ ارادہ و اختیار صرف جنوں اور انسانوں کو دیا گیا ہے۔

اور یہ ان ہی دونوں مخلوقات کی کجروی ہے کہ اپنے خالق کی اطاعت و عبودیت سے

منہ موڑ کر اور خالق کے سوا دوسروں کی بندگی کر کے خود اپنی فطرت سے لڑ رہے ہیں۔

اُن کو یہ جاننا چاہیئے کہ وہ خالق کے سوا کسی اور کی بندگی کے لئے نہیں پیدا کئے

گئے ہیں، لہٰذا اُن کے لئے سیدھی راہ یہ ہے کہ:

جو آزادی انھیں بخشی گئی ہے اُسے غلط استعمال نہ کریں، بلکہ اس آزادی کو استعمال

کرتے ہوئے، خود اپنی مرضی سے صرف خدائے وحدہٗ لاشریک کی عبادت کریں!"

(۲)

اور چونکہ عبادت سے انحراف، درحقیقت اپنے مقصدِ حیات سے انحراف، اور زندگی

کے سیدھے راستے سے انحراف ہے۔

اس لئے یہ بات بھی واضح کر دی گئی، کہ جو لوگ پروردگارِ عالم کی عبادت سے گریز

کرتے ہیں، وہ ہلاکتِ ابدی میں گرفتار ہونے والے ہیں۔

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ

جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ۔

"بیشک جو لوگ ہماری عبادت سے خودسری کرتے ہیں وہ عنقریب

ذلیل و خوار ہو کر داخلِ جہنم ہوں گے۔"

(ملاحظہ فرمائیے سورۂ مومن آیت ۶۰)

(۳)

اور عبادت کی عظمت کے لئے یہی کافی ہے کہ پروردگارِ عالم کی طرف سے جتنے

انبیاء و مرسلین آئے، وہ اگرچہ عصمت و طہارت کے مالک تھے، اور انتہائی جلیل القدر

منزل پر فائز تھے۔

مگر ہر پیغمبر نے خود بھی، زیادہ سے زیادہ، عبادت کی، اور بندوں کو بھی عبادت

کی طرف دعوت دی۔

چنانچہ ارشادِ قدرت ہے:

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ

(اور یقیناً ہم نے ہی ہر امت میں ایک پیغمبر بھیجا کہ:

(اے لوگو) ـــــ (صرف) اللہ کی عبادت کرو)

سورہ "النحل" آیت ۳۶

اس آیت نے اس بات کی تصریح فرما دی ہے کہ تمام اُمتوں میں مبعوث

ہونے والے پیغمبروں کا یہ پیغام تھا کہ:

"اے بندگانِ خدا ـــــ خدا کی بندگی کرو۔

بالفاظِ دیگر

جس کے بندے ہو اُس کی بندگی کا اعتراف بھی کرو اُس کے آگے

سر بھی جھکاؤ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت نوح علیہ السلام جن پر پہلی شریعت نازل ہوئی' اور جو پروردگارِ عالم کی طرف سے سب سے پہلے اولوا العزم پیغمبر ہیں' انہوں نے بھی بندوں تک یہی پیغام پہونچایا۔

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِہٖ ، فَقَالَ :

یَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ ، مَا لَکُمْ مِنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ۔

(اور ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف بھیجا' تو انہوں نے کہا:

"اے میری قوم (کے لوگو) ——— اللہ کی عبادت کرو اسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔

(الاعراف' آیت ۵۹)

٭

اور جناب ہودؑ نے بھی یہی پیغام دیا۔

ارشادِ قدرت ہے:

وَاِلٰی عَادٍ اَخَاھُمْ ھُوْدًا، قَالَ :

یَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ

(اور ہم نے) ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالحؑ کو (بھیجا)

انہوں نے کہا:

"اے میری قوم (کے لوگو) اللہ کی عبادت کرو۔)

(الاعراف آیت نمبر...)

٭

اور مدین کی قوم کی طرف جب حضرت شعیب علیہ السلام کو بھیجا گیا۔

تو انہوں نے بھی اپنی قوم کو عبادتِ خدا کی تاکید کی۔

ارشادِ قدرت ہے:

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاھُمْ شُعَیْبًا، قَالَ :

یَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ

(اور ہم نے مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا)۔

انہوں نے کہا:

"اے میری قوم (کے لوگو) ——— اللہ کی عبادت کرو)

(الاعراف' آیت ۸۵)

٭

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پروردگارِ عالم نے جب کوہِ طور پر مناجات کے لئے بلایا تو اُن کو بھی عبادت کا حکم دیا۔

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰہُ ، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا ، فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ

(میں ہی اللہ ہوں' میرے علاوہ کوئی معبود نہیں' تو تم میری ہی عبادت کرو' اور میری یاد کے لئے نماز قائم کرو)

(سورہ طٰہٰ آیت ۱۴)

٭

مذکورہ بالا آیت میں' یہ بات بھی خاص طور سے قابلِ توجہ ہے کہ:

عبادت کے ساتھ ساتھ' نماز قائم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کے بارے میں مفسرین نے لکھا ہے کہ:

"عبادت کے بعد، نماز کا خصوصی حکم دیا —— حالانکہ عبادت میں نماز بھی شامل تھی۔ (مگر نماز کا خاص تذکرہ اس لئے کیا گیا) تاکہ اس کی اہمیت واضح ہو جائے۔

"لِذِكْرِي" —— کا ایک مطلب یہ ہے کہ:

"تم مجھے یاد کرو ——

اس لئے کہ (خدا کو) یاد کرنے کا طریقہ عبادت ہے، اور عبادات میں نماز کو خصوصی اہمیت و فضیلت حاصل ہے۔

دوسرا مفہوم یہ ہے کہ جب بھی میں تمہیں یاد آجاؤں، نماز پڑھو۔

مقصد یہ ہے کہ: اگر کسی وقت غفلت، نادانی، یا نیند کا غلبہ (ہونے کی وجہ سے نماز ادا نہیں کر سکے تھے) تو اس کیفیت سے نکلتے ہی، اور میری یاد آتے ہی نماز ادا کیا کرو۔

اور نماز بھی وہ جس میں اخلاص ہو۔

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّينَ

(بیشک ہم نے اس کتاب کو آپ کی طرف حق کے ساتھ نازل کیا ہے۔ پس آپ اللہ ہی کی عبادت کریں، اسی کے لئے دین کو خالص کرتے ہوئے)

(سورہ، الزمر، آیت ۲)

اور حضورِ اکرمؐ سے قدرت نے فرمایا کہ:

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّينَ

(کہہ دیجئے —— مجھے حکم دیا گیا ہے کہ: اللہ کی ہی عبادت کروں، دین میں اُس سے اخلاص کے ساتھ)

(سورہ، الزمر، آیت ۱۱)

اس آیت کے ذیل میں مفسرین نے لکھا ہے کہ:

دین کے معنی، یہاں، عبادت اور اطاعت کے ہیں۔

اور اخلاص کا مطلب ہے:

صرف اللہ کی خوشنودی کی نیت سے نیک عمل کرنا۔

غور کریں، تو یہ آیت نیت کے وجوب اور اخلاص کے سلسلہ میں ایک واضح دلیل کی حیثیت رکھتی ہے۔

حدیث میں بھی اخلاص کی اہمیت یہ کہہ کر واضح کر دی ہے کہ:

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

(اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے)

مقصد یہ ہے کہ:

جو عملِ خیر صرف خوشنودیٔ خدا کی نیت سے کیا جائے، وہی اس کی بارگاہ میں مقبول ہوگا، اور جس عمل میں کسی اور جذبے کی آمیزش ہوگی، یا جس میں خدا کی خوشنودی کا تصور نہ ہوگا وہ نامقبول ہوگا۔

اور اخلاصِ عمل کا اگر اعلیٰ ترین نمونہ دیکھنا ہو تو حضرت محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام کی ذواتِ مقدسہ، اور اُن کی سیرتِ طیبہ کے پاک و پاکیزہ نقوش کو سامنے رکھا جائے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جہاں حالت یہ ہے کہ سرورِ کائنات خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ اتنے انہماک سے عبادت فرماتے تھے کہ مالکِ دوجہاں نے خود فرمادیا:

طٰہٰ ——— مَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقَىٰ

(اے میرے پاک و پاکیزہ بندے، ہم نے آپ پر قرآن اس لئے تو نازل نہیں کیا کہ آپ اس قدر مشقت اُٹھائیں) (ملاحظہ فرمائیں، سورۂ طٰہٰ، آیت ۱،۲)

جس کے ذیل میں مفسرین نے لکھا ہے کہ:

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ابتدائے رسالت میں، علاوہ فرائضِ نبوت کے، عبادت میں بھی بہت مشقت برداشت کرتے تھے۔

دس برس تک، تقریباً ساری ساری رات، نماز میں کھڑے رہتے تھے، یہاں تک کہ آپ کے پاؤں سوج گئے، اور چہرۂ اقدس کا رنگ زرد ہوگیا۔

و

امامِ چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کے بارے میں بھی مورخین نے عبادت کی جو کیفیت رقم کی ہے، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ امام علیہ السلام عبادت میں کتنی مشقت برداشت کرتے تھے۔

چنانچہ ابن ابی یعفور کی روایت ہے کہ:

كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ، إِذَا حَضَرَ الصَّلَاةَ اقْشَعَرَّ جِلْدُهُ وَاصْفَرَّ لَوْنُهُ وَارْتَعَدَ كَالسَّعَفَةِ۔

(حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی یہ کیفیت تھی کہ:

جب نماز کیلئے آتے تو آپ کے جسمِ مبارک کی کھال سے بھی ہیبت نمایاں ہوتی، چہرہ زرد ہو جاتا اور کپکپی طاری رہتی)

(ملاحظہ فرمایئے، کتاب فلاح السائل صفحہ ۱۰۱)

و

برادرانِ اہلسنت کے ممتاز عالمِ دین زہری کا بیان ہے کہ:

…عبدالملک بن مروان نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی پیشانی پر سجدے کا نشان دیکھا تو اس کی اظہارِ تعظیم کرتے ہوئے گزارش کی:

"اے ابو محمد ——— آپ کے (چہرۂ اقدس پر تو) عبادت کے سلسلہ میں (آپ کی مشقت کے آثار بہت نمایاں ہیں۔

جبکہ پیشِ پروردگار آپ کے حسنات بہت ہیں۔

آپ دخترِ رسول کے پوتے ہیں۔

نسب میں بھی قریب ہیں سبب بھی بہت مستحکم ہے۔

اپنے تمام اہلِ خاندان کے درمیان بھی آپ کا مرتبہ سب سے بلند ہے، اور زمانہ کے تمام لوگوں میں بھی (فضل و شرف میں آپ سب سے آگے ہیں)

آپ کے پاس جو علم و فضل، تقویٰ و پرہیزگاری ہے، ویسی کسی کے پاس نہیں، سوائے آپ کے اُن بزرگان کے جو دنیا سے رخصت ہوگئے۔

…اسی طرح وہ امام علیہ السلام کی مدح و ثنا کرتا رہا (اور اپنی نادانی کی بنا پر گویا یہ سوال کر ہی ڈالا تھا کہ:

"جب آپ اتنے بلند مرتبے پر فائز ہیں تو آپ کو اتنی زیادہ عبادت کرنے کی کیا ضرورت ہے)؟!۔

امام علیہ السلام نے اس کی گفتگو سن کر فرمایا کہ:

"تم نے جو کچھ بیان کیا، اور جن اوصاف کا ذکر کیا یہ سب خداوندِ عالم کے فضل و کرم اور اس کی تائید و توفیق سے ہی (تو ہمیں ملا ہے) ——— پھر کیا اس کی نعمتوں کا شکر (ادا نہ کروں)؟.....

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جبکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کائنات کے سید و سردار
تھے (نماز میں) اتنی دیر تک کھڑے رہتے تھے کہ
آپ کے قدم مبارک پر ورم پڑ گیا تھا۔۔۔
اور آنحضرت سے جب کسی نے اس کے بارے میں دریافت کیا کہ آپ
اتنی زیادہ عبادت کیوں کرتے ہیں؟ جبکہ بیشک پروردگار آپ کا اتنا عظیم (مرتبہ ہے)۔
تو حضور اکرم نے فرمایا:
افلا اکون عبداً شکوراً ۔۔۔
(کیا میں (خدا کا) خوب شکر ادا کرنے والا بندہ نہ بنوں؟)
یہ بات نقل کرنے کے بعد امام نے مزید فرمایا:
خدا نے ہمیں جو کچھ عطا فرمایا (علی بن حسین صلوات و سلام) سے آپ نے کہا اور ہم
ہر حال میں (اس کی حمد و ثنا بجا لاتے ہیں)۔
خدا کی قسم ۔۔۔ اگر میرے اعضاء و جوارح ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں
اور میری آنکھیں بھی باہر نکل پڑیں تب بھی خداوند عالم کی عطا کردہ کسی
ایک نعمت کے شکر کا عشر عشیر بھی ادا نہیں ہو سکتا (جبکہ) اس کی
نعمتیں اس قدر زیادہ ہیں کہ شمار کرنے والے انھیں گن نہیں سکتے اور
نہ اس کی کسی ایک نعمت کا، تمام حمد کرنے والے اپنی حمد سے حق ادا
کر سکتے ہیں)
لا واللہ ۔۔۔ (کوئی حق شکر ادا نہیں کر سکتا)
اور خداوند عالم مجھے ایسی حالت ہی میں دیکھے کہ کوئی چیز مجھے اس کے
شکر و ذکر سے روکنے والی نہ ہو، نہ رات میں، نہ دن میں، نہ مخفی طور
سے نہ ظاہر بظاہر

اور اگر میرے اہل و عیال کا مجھ پر حق نہ ہوتا
اور لوگوں میں سے تمام خاص و عام لوگوں کے مجھ پر وہ حقوق نہ ہوتے
جنہیں حتی الامکان اور حسب طاقت مجھے بہر حال ادا کرنا ہے ۔۔۔
تو میں اپنی نظریں آسمان میں اور اپنے قلب کو عرش (الٰہی) کی طرف
میں اس طرح پیوستہ کر دیتا کہ پھر دنیا سے رخصت ہونے تک، یہ
چیزیں واپس نہ آتیں۔
بیشک اللہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔
یہاں تک فرمانے کے بعد امام علیہ السلام پر گریہ طاری ہو گیا اور امام کی ایسی
کیفیت دیکھ کر سوال کرنے والا بھی محو بکا ہو گیا۔۔۔
کتاب: فتح الابواب
حوالہ: بحار الانوار جلد ۴۶ صفحہ ۵۶، ۵۵)

حمران بن اعین کی روایت ہے کہ:
۔۔۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام روز و شب میں ایک ہزار رکعت
نماز پڑھا کرتے تھے، جیسا حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام
کا معمول تھا۔
آپ کے (باغ میں) کھجور کے پانچ سو درخت تھے۔
امام علیہ السلام ان میں سے ہر درخت کے پاس دو رکعت نماز
پڑھا کرتے تھے۔
جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو آپ کے چہرۂ اقدس کا
رنگ بدل جاتا تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نماز میں قیام کے دوران کھڑے ہونے کا انداز ایسا تھا جیسے کوئی بندہ انکساری کی حالت میں جلیل القدر بادشاہ کے سامنے کھڑا ہو۔

خشیت پروردگار سے اعضاء پر کپکپی طاری ہوجاتی تھی۔

اور ایسی نماز پڑھتے تھے، گویا زندگی کی یہ آخری نماز ہو۔

(ملاحظہ فرمائیے: خصال شیخ صدوق جلد ۲ صفحہ ۱۰)

ابن ہمانی کی روایت ہے کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی وفات کے بعد آپ کے گھر کی ایک خادمہ سے (کسی نے) کہا کہ

"امام علیہ السلام کے بارے میں مجھے بتاؤ۔"

اس نے کہا: مختصر بتاؤں، یا تفصیل سے؟

میں نے کہا کہ: مختصر بیان کردو۔

اس نے کہا کہ: (مختصر یہ ہے کہ) میں نے کبھی دن کے وقت ان کی خدمت میں کھانا نہیں پیش کیا، اور رات کے وقت کبھی ان کے لئے بستر نہیں بچھایا۔"

(ملاحظہ فرمائیے: حل الشرائع صفحہ ۸۸)

عبدالعزیز بن ابی حازم نے اپنے والد کا قول نقل کیا ہے کہ:

"میں نے خاندانِ بنی ہاشم میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے زیادہ فضیلت رکھنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔

آپ دن و رات میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے جس کی وجہ سے آپ کی پیشانی اور اعضائے سجدہ پر چھالے پڑ گئے تھے

(حل الشرائع صفحہ ۸۸)

سہل کی روایت ہے کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حسین و جمیل لہجے میں قرآن پڑھا کرتے تھے۔

یہاں تک کہ بہشتی اور پانی بھرنے والے افراد بھی آپ کے گھر کے پاس سے گزرتے، (اور آپ تلاوت کررہے ہوں) تو گھر کے دروازے کے پاس رک کر آپ کی تلاوت سننے لگتے تھے۔

(ملاحظہ فرمائیے: کافی جلد ۲ صفحہ ۶۱۶)

یونس بن یعقوب نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

جب حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی رحلت کا وقت نزدیک آیا، تو آپ نے اپنے فرزند حضرت امام محمد باقر سے فرمایا:

میں نے (اپنے) اس اونٹنی پر بیس حج کئے ہیں لیکن اس پورے عرصہ میں کبھی ایک کوڑا بھی نہیں مارا ہے۔

جب یہ مر جائے تو اسے زمین میں دفن کردینا تاکہ درندے اسے چیر پھاڑ کر نہ کھا جائیں کیونکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

مامن بعیر یوقف علیہ موقف عرفہ سبع حجج، الا جعلہ اللہ من نعم الجنۃ وبارک فی نسلہ۔

(جس اونٹ پر سات حج کے دوران، عرفات میں وقوف کیا جائے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے خداوند عالم قیامت کے پیالوں میں سے قطرہ دے گا اور اس کی نسل میں برکت رکھے گا)

چنانچہ جب وہ طوسی دنیا سے رخصت ہوئی تو امام محمد باقر علیہ السلام نے زمین کھود کر اُسے دفن کر دیا۔

(بحوالہ: شواہد النبوۃ صفحہ ۲۴۰)

۷

حلیۃ الاولیاء کی روایت ہے:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام جب وضو سے فارغ ہو کر نماز کے لئے جاتے تو چہرہ اقدس پر بہت زردی چھا جاتی تھی۔

کسی نے اس کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا:

...تمہیں پتہ ہے کس کی بارگاہ میں حاضری دینے اور کس سے مناجات کرنے جا رہا ہوں

اور طاؤس فقیہ کا بیان ہے کہ:

میں نے حجر اسماعیل (خانہ کعبہ) میں حضرت امام زین العابدینؑ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا (پھر نماز کے بعد) آپ نے ان الفاظ میں دعا مانگی:

عُبَیْدُکَ بِفِنَائِکَ، اَسِیْرُکَ بِفِنَائِکَ، مِسْکِیْنُکَ بِفِنَائِکَ، سَائِلُکَ بِفِنَائِکَ یَشْکُو اِلَیْکَ مَا لَا یَخْفٰی عَلَیْکَ۔

(تیرا بندہ تیرے دروازے پر ہے۔

(تیرا قیدی تیری بارگاہ میں ہے

(تیرا مسکین تیری دہلیز پر آیا ہے۔

(وہ تجھ سے مانگنے والا تیرے صحن میں حاضر ہے۔

(تیری بارگاہ میں فریاد کر رہا ہے (ان باتوں کی) جو تجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں)

(ملاحظہ فرمایئے حلیۃ الاولیاء جلد ۳)

۸

مختلف مساجد، خصوصاً ان مساجد کی فضیلت و جلالت کا تذکرہ روایات کے اندر موجود ہے۔ جن میں نماز پڑھنے کا امام علیہ السلام کو اس قدر اشتیاق تھا کہ سینکڑوں میل کی مسافت طے کر کے مساجد میں نماز ادا کرنے کے لئے تشریف لے جاتے تھے۔

چنانچہ حضرت ابو حمزہ ثمالی سے روایت کی ہے کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے ایک مرتبہ مدینہ منورہ سے شہر کوفہ کا سفر صرف مسجد کوفہ میں چار رکعت نماز ادا کرنے کے لئے اختیار فرمایا۔

آپ وہاں تشریف لے گئے، نماز پڑھی اور مدینہ منورہ کی طرف واپسی کے لئے روانہ ہو گئے۔

(ملاحظہ فرمایئے تہذیب الاحکام جلد ۳)

ابو حمزہ ثمالی جو کوفہ کے انتہائی پرہیزگار شخص اور وہاں کے بزرگان میں سے ہیں، کا بیان ہے کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام مسجد کوفہ میں تشریف لائے اور ستون ہفتم کے قریب گئے۔ نعلین مبارک اتاری نماز کے لئے کھڑے ہوئے، دونوں ہاتھوں کو کانوں کے قریب لے گئے اور ایسے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خضوع و خشوع سے تکبیر کہی، کہ اس کی ہیبت سے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے
کہتے ہیں کہ امام علیہ السلام نماز پڑھ رہے تھے اور میں نے اُن کی آواز پر کان لگا رکھے تھے، حقیقت یہ ہے کہ ایسا عمدہ اور دلنشین لہجہ میں نے اس سے قبل کسی کا کبھی نہیں سُنا تھا۔

(ملاحظہ فرمائیے: فرحۃ الغری ص)

⑥

طاؤس یمانی کہتے ہیں کہ:
(میں مکہ مکرمہ میں تھا) بوقتِ نصف شب، حجر اسماعیل کے اندر گیا، تو دیکھا کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سجدے کی حالت میں ہیں اور بعض جملوں کو بار بار دہرا رہے ہیں۔
میں نے غور سے سُنا، تو یہ الفاظ تھے

إلٰهِي عُبَيْدُكَ بِفِنَائِكَ۔
مِسْكِينُكَ بِفِنَائِكَ۔
فَقِيرُكَ بِفِنَائِكَ۔

(ترجمہ) خدایا!
تیرا بندہ... تیرا مسکین...
تیرا محتاج....
تیری بارگاہ میں حاضر ہے)
راوی کہتا ہے کہ میں نے ان الفاظ کو یاد کر لیا۔)
اور اس واقعہ کے بعد مجھے جب بھی کوئی پریشانی، رنج

یا مرض لاحق ہوا، میں نے نماز پڑھی، سجدے میں سر رکھا، اور ان کلمات کو دہرایا، تو مجھے اس پریشانی اور تکلیف سے نجات مل گئی...
جو شخص بھی خلوص نیت کے ساتھ ان الفاظ کو ادا کرے (اور گڑگڑا کر خداوندِ عالم سے التجا کرے) یقیناً اثر ہوگا، اور اس کی حاجت پوری ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیے:
(حدیقۃ الشیعہ، جلد ۲، صفحہ ۶۹۳، ۶۹۴)

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامِ چہارم کا دربارِ یزید میں

خطبہ

اہلبیتِ طاہرین علیہم السلام سے وابستہ اسیرانِ کربلا کا قافلہ، جب دمشق پہنچا، اور پیغمبرِ اکرمؐ کی نواسیوں اور علیؑ و فاطمہؑ کی بیٹیوں —— حضرت زینبؑ اور حضرت اُمِ کلثومؑ —— کے ساتھ دوسرے قیدیوں کو بھی یزید ملعون کے دربار میں پیش کیا گیا جہاں ہر طرف معززین اور کارندے بیٹھے ہوئے تھے

تختِ حکومت پر تکبّر و نخوت کی علامت بنا ہوا حاکمِ وقت نشے کے عالم میں حضرت امام حسین علیہ السلام، اور خاندانِ رسالت کے بلند ترین ہستیوں کی شہادت پر اظہارِ مسرت کر رہا تھا۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام بھی ایک قیدی کی حیثیت سے وہاں موجود تھے۔ حالت یہ تھی کہ آپ کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں اور پیروں میں بیڑیاں اور گلے میں طوق پڑا ہوا تھا۔

اہلِ دربار میں سے کچھ لوگوں نے یزید سے اصرار کیا کہ،

حضرت علی ابن الحسینؑ کو تقریر کی اجازت دی جائے۔

اور لوگوں کے اصرار کی بناء پر حاکمِ وقت نے آپ کو تقریر کرنے کے لئے کہا، تو

آپ نے ایسا خطبہ دیا جو فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے بھی شاہکار تھا اور سلاست بیان کے لحاظ سے بھی۔

اور جسے سُن کر پورے اہلِ دربار پر گریہ و بکا طاری ہو گیا تھا۔

بحار

"شیخ بہائیؒ" کے مطابق آپ نے خطبہ کا آغاز ان کلمات سے فرمایا۔

الحمد للّٰہ الذی لا بدایۃ لہ، والدائم الذی لا نفاد لہٗ والاول الذی لا اول لاولیتہ، والاٰخر الذی لا اٰخر لاٰخریتہ، والباقی بعد فناء الخلق۔ قدر اللیالی والایام، وقسم فیما بینھم الاقسام، فتبارک اللّٰہ الملک العلام۔

تمام تعریفیں خدائے (واحد) کے لئے ہیں جو (ازل سے موجود ہے اور اُس کے لئے) کوئی ابتدا (فرض) نہیں کی جا سکتی۔

وہ ایسی دائم (اور سرمدی) ذات ہے جس کے لئے کوئی فنا نہیں۔

وہ اول ہے جس سے قبل کوئی اولیت نہیں رکھتا۔

وہ آخر ہے، جس کے بعد کوئی آخر نہیں ہے

اور تمام مخلوقات کے فنا ہو جانے کے بعد بھی، وہی باقی رہنے والا ہے۔

روز و شب کا انتظام اُسی نے مقرر کیا ہے۔

اور ان کے درمیان، تقسیم کار کرنے والا وہی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاک اور بے نیاز ہے اللہ جو صاحبِ اقتدار بھی ہے اور خوب جاننے والا بھی)

دو

اے لوگو ——

خداوندِ عالم نے ہم اہلبیت پیغمبر کو چھ خصوصیات سے نوازا ہے، اور سات فضیلتوں میں ہمیں تمام مخلوقات سے ممتاز قرار دیا ہے۔

جن خصوصیات سے ہمیں نوازا، وہ:

علم و دانش۔

حلم و بردباری۔

جوانمردی۔

فصاحت و بلاغت)۔

شجاعت (بہادری)۔

لوگوں کے دلوں میں ہماری محبت ہے

اور جن (سات) فضیلتوں میں (ہمیں تمام مخلوقات سے) ممتاز قرار دیا ہے وہ یہ ہیں:

نبی مختار (احمد مجتبیٰ) حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارے (جدِ اعلیٰ) ہیں

(امیر المومنین حضرت) علی مرتضیٰ۔ ہمارے (دادا) ہیں۔

جنابِ جعفر طیارؑ، جن کو خداوند عالم نے دو خصوصی پَر عطا فرمائے ہیں جن کے ذریعے وہ فرشتوں کے ساتھ بہشت میں پرواز کرتے ہیں میرے (والد کے چچا) تھے۔

جنابِ حمزہ، جو شیرِ الٰہی بھی تھے اور شیرِ رسولِ اکرمؐ بھی، وہ ہمارے مولا حضرت علی مرتضیٰ کے چچا) تھے۔

(خاتونِ جنت حضرت فاطمۂ زہرا سیدۃ النساء العالمین ہماری (جدہ ماجدہ) ہیں۔

حضرت امام حسنِ مجتبیٰ علیہ السلام —— اور

حضرت امام حسین علیہ السلام —— دونوں حضرات جو) جوانانِ جنت کے سردار ہیں ہمارے (عم محترم اور والدِ بزرگوار ہیں۔

من عرفنی فقد عرفنی ومن لا یعرفنی فانا اعرفه

(جو مجھے پہچانتا ہے، وہ تو پہچانتا ہی ہے، جو مجھے نہیں پہچانتا، میں اسے (اپنے آپ کو) پہچنواتا ہوں۔

میں مکہ و منیٰ کا فرزند ہوں۔

میں زمزم و صفا کا دلبند ہوں۔

.... اسی طرح اپنی اور اپنے خاندان کی توصیف فرماتے رہے۔

پھر فرمایا:

میں حضرت فاطمۂ زہراؑ کی اولاد ہوں۔

میں اُس کی اولاد ہوں، جو تمام خواتینِ عالم کی سردار ہیں۔

میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ کا دلبند ہوں۔

میں اُس (حسین مظلوم) کا بیٹا ہوں جو اہلِ جفا کے خنجر سے شہید کیا گیا۔

میں اُس کا بیٹا ہوں جو صحرائے کربلا میں تشنہ لب شہید کر دیا گیا۔

میں اُس کا فرزند ہوں جس کے گھر پر اہلِ جور و جفا نے حملہ کیا۔

میں اُس کا نورِ نظر ہوں جس پر زمین میں زندگی گزارنے والے جنات

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے گریہ کیا اور فضا کے پرندوں نے بھی۔

میں اس کا بیٹا ہوں جس کے سر کو نوک نیزہ پر بلند کر کے شہر بہ شہر (اور دیار بہ دیار) پھرایا گیا۔

میں اس کا دلبند ہوں جس کے اہل حرم کو مجہول النسب افراد نے قیدی بنایا۔

ہم اہلبیت پیغمبر کے وہ افراد ہیں جنہیں بہ تلا آزمائش کا سامنا کرنا پڑا جب کہ ہمارے گھر میں فرشتے نازل ہوتے رہے اور علوم الٰہی کا مرکز ہمارا ہی گھر رہا تھا۔

بعض معاصر مورخین نے آپ کے خطبے کے مندرجہ ذیل کلمات کا بھی ذکر کیا ہے (کہ امام نے فرمایا):

میں اس کا فرزند ہوں جس نے اپنی ردا میں زکوٰۃ کا سامان اٹھا کر غریبوں تک پہونچایا۔

میں بہترین لباس پہننے والے کا فرزند ہوں۔

میں بہترین زمین پر قدم رکھنے والے کی اولاد ہوں۔

میں بہترین طواف و سعی کرنے والے کا فرزند ہوں۔

میں بہترین حج و تلبیہ کہنے والے کا فرزند ہوں۔

میں اس کی اولاد ہوں جسے (سفر معراج میں) براق پر سوار کیا گیا

میں اس کے جگر کا ٹکڑا ہوں جسے راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جایا گیا۔ اور لے جانے والا کتنا بے نیاز اور پاکیزہ صفات والا ہے

میں اس کا پارۂ جگر ہوں جسے جبرئیل امین سدرۃ المنتہیٰ تک لے پہنچے

ساتھ لے گئے

میں اس کا فرزند ہوں جس نے تقرب کی تمام منزلیں طے کیں اور (بعد قوسین سے کم) کے فاصلے تک پہنچا۔

میں اس کی اولاد ہوں جس نے ملائکہ کے ساتھ نماز ادا کی۔

میں اس کا پارۂ جگر ہوں جس سے پروردگار عالم نے وحی کے ذریعے باتیں کیں

میں حضرت محمد مصطفیٰ کی اولاد ہوں۔

میں حضرت علی مرتضیٰ کا پوتا ہوں جنہوں نے کفار کی شوکت مٹا دی۔

میں اس کی اولاد ہوں جس نے رسول اکرم کے سامنے دو تلواروں سے جنگ کی اور دو نیزوں سے نیزہ زنی کی، دو قبلوں کی طرف نماز پڑھی، دو بیعتوں میں حصہ لیا، اور دو ہجرتیں کیں۔

اس نے بدر و حنین کے معرکے سر کئے اور جس کا دامن ایک لمحے کے لئے بھی شرک سے آلودہ نہ ہوا۔

میں صالح المومنین۔

وارث النبیین۔

قاتل الملحدین۔

یعسوب المسلمین۔

نور المجاہدین۔

تاج البکائین۔

اصبر الصابرین۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

افضل القائمین من آلِ یٰسین — اور
رسولِ ربّ العالمین — کا فرزند ہوں۔

میں اس کی اولاد ہوں جس کی جبرئیلؑ کے ذریعہ تائید اور میکائیلؑ کے ذریعے مدد کی گئی۔

میں حرمِ مسلمین کے محافظ کا فرزند ہوں۔

میں اس کا فرزند ہوں جس نے بیعت شکن انحراف کرنے والوں، دین سے نکل جانے والوں سے جہاد کیا اور نواصب سے جنگ کی۔

میں تمام قریش میں سب سے زیادہ بلند مرتبہ انسان کا وارث ہوں۔

میں اس کا فرزند ہوں جس نے سب سے پہلے دعوتِ الٰہی پر لبیک کہی۔
جو سب سے پہلے صاحبِ ایمان تھے۔
ظالموں کی کمر توڑنے والے۔
مشرکین کو ہلاک کرنے والے۔
منافقین کے حق میں سہمِ ترکشِ خداوندی۔
کلمۃ العابدین کی زبان۔
دینِ خدا کے مددگار۔
امرِ خدا کے ولی۔
حکمتِ الٰہی کے چمن زار۔
علمِ الٰہی کے خزینہ دار۔
سب سے زیادہ صاحبِ عزم و عزیمت۔
سب سے زیادہ صاحبِ حوصلہ و ہمت۔
شیرِ نیستانِ شجاعت — اور بارانِ رحمت تھے۔

میدانِ جنگ میں نیزوں کی باہمی آویزش اور گھوڑوں کی باہمی دوادوش کے موقع پر ظالموں کو پیس ڈالنے والے — اور انہیں غلّت کی طرح ہوا میں اڑا دینے والے۔

حجاز کے شیر۔
صاحبِ اعجاز۔
عراق کے سردار۔
نص و استحقاق کی رو سے امام۔

مکی، مدنی، ابطحی، تہامی، بدری، احدی، بیعت شجرہ و ہجرت کے مجاہد، عرب کے سردار، میدانِ جنگ کے شیر — مشعرین کے وارث — سبطین کے والد — مظہرِ عجائب و غرائب — دشمنوں کے لشکر کو پراگندہ کر دینے والے۔ شہابِ ثاقب، نورِ عاقب، اسد اللہ الغالب، مطلوبِ ہر طالب، غالبِ کل غالب تھے۔

یعنی میرے جد حضرت امیر المومنینؑ علی ابن ابی طالبؑ۔

(۷)

شیخ عباس قمیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے کچھ ایسے انداز سے اپنے آباؤ اجداد طاہرینؑ کے فضائل و مناقب بیان کیے کہ اسلامی تاریخ کا پورا نقشہ نگاہوں کے سامنے آگیا، اور لوگ دھاڑیں مار مار کر رونے لگے۔
مجمع کی کیفیت دیکھ کر یزید خوفزدہ ہو گیا کہ کہیں انقلاب برپا نہ ہو جائے۔
چنانچہ اس نے مؤذن کو اذان دینے کے لئے کہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مؤذن نے اذان شروع کی، جب اس نے "اللہ اکبر" کہا تو امام زین العابدین نے فرمایا:

"بیشک خدا سے بڑا کوئی نہیں ہے۔"

پھر جب مؤذن نے کہا، "اشہد ان لا الہ الا اللہ" — تو امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:—

"میرا گوشت، پوست، خون سب گواہی دیتے ہیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں)۔

اور جب مؤذن نے کہا، "اشہد ان محمداً رسول اللہ" — تو امام علیہ السلام نے یزید کو مخاطب کر کے فرمایا:

"اے یزید — بتا (حضرت) محمد (مصطفیٰ) (جن کی رسالت کی گواہی دی جا رہی ہے)... میرے جد تھے یا تیرے؟"

اگر تو اپنا جد کہے گا تو (ساری دنیا کہے گی) یہ جھوٹ ہے... اور اگر اقرار کرے گا کہ ہمارے جد تھے تو پھر،

"تو نے ان کی اولاد کو شہید اور اہلِ خاندان کو کیوں قیدی بنایا۔"

یزید سے کوئی جواب نہ دے سکا...

ملاحظہ فرمائیں،

(منتہی الآمال جلد ۱ صفحہ [illegible])

آپ کا عفو و درگذر

عفو و درگذر — وہ عظیم صفت ہے جو بارگاہِ قدرت میں انتہائی پسندیدہ ہے، چنانچہ قرآن مجید میں خالقِ دو جہان نے اپنے نیک بندوں کی توصیف کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ:

وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ

(اور یہ وہ لوگ ہیں جو بندوں کی درگذر کرتے ہیں)

(سورۂ آلِ عمران)

ایک اور مقام پر ارشادِ قدرت ہے:

خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ

(درگذر اختیار کریں، نیک کام کی تعلیم دیں اور جاہلوں سے درگذر کریں)

(سورۂ اعراف، آیت ۱۹۹)

اور سورۂ "النور" — میں اس کا حکم دیتے ہوئے اس کے ایک نہایت خوشگوار نتیجے سے بھی باخبر کیا ہے۔

ارشادِ قدرت ہے:

وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ

(اور ان لوگوں کو چاہیئے کہ معاف کر دیں، اور درگذر سے کام لیں، کیا تم لوگوں کو یہ بات پسند نہیں ہے کہ خداوندِ عالم تمہاری مغفرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرے؛

اور اللہ توبہ معاف کرنے والا بڑا مہربان ہے)

(سورہ [illegible] آیت [illegible])

گویا آیت میں توبہ والی جلدی ہے کہ؛

تم لوگوں سے بھی غلطیاں سرزد ہوتی رہتی ہیں، اور تم یہ چاہتے ہو کہ خدا تمہاری غلطیاں معاف فرماتا ہے۔

تو پھر تم بھی دوسروں کے ساتھ اسی طرح سے معافی و درگذر کا معاملہ کیوں نہیں کرتے۔؛

کیا تمہیں یہ پسند نہیں ہے کہ خداوند عالم تمہاری غلطیاں معاف کر دے۔

تو جس طرح تم یہ چاہتے ہو کہ پروردگار عالم تمہاری خطاؤں سے درگذر کرے اسی طرح تم بھی بندوں کی کوتاہیوں سے درگذر کیا کرو۔

۵

اس کے ساتھ قرآن مجید میں خالق دو جہاں نے یہ بھی واضح فرما دیا ہے کہ اگر کوئی شخص دوسرے کو اذیت پہنچائے تو جس قدر اذیت پہنچائی گئی ہے اسے بدلہ لینے کا پورا اختیار ہے۔

لیکن اگر وہ عفو و درگذر سے کام لے تو وہ پروردگار سے اجر و ثواب کا استحقاق پا سکے گا۔

چنانچہ ارشاد قدرت ہے۔

وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ

(اور برائی کا بدلہ [illegible] برائی ہے

مگر جو شخص عفو و درگذر سے کام لے اور (معاملہ کی) درستی کر دے، تو اس کا اجر خدا کے ذمہ ہے۔

بیشک وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔)

(ماخوذ از ترجمہ [illegible])

(سورۃ الشوریٰ آیت [illegible])

۶

اور نیکوکار بندوں کی توصیف کرتے ہوئے خداوند عالم نے فرمایا ہے کہ:

وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ۔

(یہ وہ لوگ ہیں جو بڑے بڑے گناہوں اور ناپسندیدہ اعمال سے بچتے ہیں، اور جب انہیں غصہ آئے تو معاف کر دیتے ہیں)

(سورہ شوریٰ آیت [illegible])

اس آیہ کریمہ میں چند باتیں خاص طور سے قابل غور ہیں؛

چونکہ معصومین علیہم السلام کے علاوہ، عام لوگوں کے لئے ہر چھوٹے بڑے گناہ سے محفوظ رہنا آسان نہیں ہے۔

اس لئے آیت میں نیک لوگوں کی صفت یہ نہیں بیان کی گئی کہ:

"وہ کبھی گناہ کرتے ہی نہیں"

بلکہ ارشاد ہوا کہ؛

يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ

گویا بشریت کی عمومی کمزوری کی رعایت سے مومنین کے لئے یہ قید لگا دی گئی کہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ وہ لوگ ہیں جو گناہانِ کبیرہ سے دامن بچاتے ہیں۔

۵

اسی طرح مقام مدح و تحسین میں یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ:
"صالحین و ابرار کو سرے سے غصہ آتا ہی نہیں"
کیونکہ کسی موقع پر بھی غصہ نہ آنا ——— حلم کی دلیل نہیں ہے، بلکہ اس میں بے حسی و بے حمیتی کا اندیشہ ہے جو کمال نہیں بلکہ نقص ہے۔
کمال تو یہ ہے کہ بندے کو جب غصہ آئے تو اپنی طبیعت پر قابو رکھے۔
چنانچہ ارشاد ہوا کہ:

وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ

(اور جب وہ غضبناک ہوتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں)

گویا آیت نے وضاحت کر دی کہ:
نامناسب باتوں پر غصہ آنا انسان کی فطرت و سرشت میں داخل ہے
اور یہ بات کسی انسان کی شرافتِ نفس کے خلاف بھی نہیں ہے اور اخلاق شریعت کے لحاظ سے کوئی ناپسندیدہ بات بھی نہیں۔
البتہ غصہ میں بے قابو ہو جانا شریعت و اخلاقیات کی حدود کو پامال کر دینا مذموم ہے۔
جبکہ عفو و درگزر سے کام لینا انتہائی پسندیدہ عمل ہے۔

۵

ایک اور مقام پر درگزر کا حکم دیتے ہوئے اس کے انجام کار کے بارے میں رسالتمآب سے ارشاد فرمایا کہ:

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ

تو ان لوگوں سے درگزر کیجئے۔
اور کہہ دیجئے کہ تم پر سلام۔
عنقریب ان لوگوں کو معلوم ہو جائے گا

(سورہ مبارکہ زخرف، آیت ۸۹)

۵

امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کے عفو و درگزر کے بارے میں مؤرخین نے معتبر اسناد کے ساتھ سینکڑوں واقعات بیان کئے ہیں۔
ہم اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں چند واقعات کا ذکر کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں:
محمد بن جعفر وغیرہ کا بیان ہے کہ:
ایک شخص حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے پاس آیا اور انہیں مخاطب کر کے نہایت نازیبا کلمات کہنے لگا۔
امام علیہ السلام نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔
جب وہ چلا گیا تو امام علیہ السلام نے وہاں پر موجود لوگوں سے فرمایا کہ:
"جو کچھ اس شخص نے کہا ہے تم لوگوں نے سن لیا۔ اب میں چاہتا ہوں کہ تم سب میرے ساتھ اس کے پاس چلو، تاکہ میرا جواب بھی تم لوگ سن لو۔"
سب نے کہا: "جی ہاں ——— ایسا ہی کرتے ہیں۔ کیونکہ ہم تو اسی وقت چاہ رہے تھے کہ آپ اس شخص کے جواب میں کچھ فرماتے تو ہمیں بھی بولنے کا موقع ملتا۔
لیکن آپ خاموش تھے اس لئے آپ کے احترام میں ہم بھی خاموش

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(ریے)

اس کے بعد امام علیہ السلام نے نعلین مبارک پہنی، اور اثنائے
درمیانِ راہ آپ اس آیت کی تلاوت فرما رہے تھے۔

وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ
الْمُحْسِنِينَ۔

(اور غصہ کو پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کر دینے والے
(حضرات) اور خدا احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے)

(سورہ آلِ عمران آیت ۱۳۴)

یہ سن کر ہم لوگ سمجھ گئے کہ امام علیہ السلام اُس شخص کی بدکلامی کا اس سے
بدلا نہیں لیں گے۔

امام علیہ السلام چلتے رہے، یہاں تک کہ اُس شخص کے گھر پر پہنچ گئے،
اور ساتھیوں سے فرمایا:

اس شخص کو بتاؤ کہ علی ابن الحسین آئے ہیں۔

(جب ہم لوگوں نے اُس شخص کو آواز دی تو وہ تیزی سے گھر سے نکلا
اور اسے اس بات میں کوئی شبہ نہیں تھا کہ یہ سب لوگ اُس کی بدکلامی
کا جواب دینے کے لئے اُس کے گھر پہنچے ہیں) اور امام علیہ السلام
نے فرمایا:

یَا اَخِی — اِنَّكَ قَدْ وَقَفْتَ عَلَیَّ آنِفًا وَقُلْتَ وَقُلْتَ
فَاِنْ كُنْتَ قَدْ قُلْتَ مَا فِیَّ، فَاَنَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْهُ
وَاِنْ كُنْتَ قَدْ قُلْتَ مَا لَیْسَ فِیَّ فَغَفَرَ اللّٰهُ لَكَ۔

(اے بھائی — تم نے ابھی میرے پاس کھڑے ہو کر ایسی ویسی

باتیں کہی تھیں، اگر تم نے جو باتیں بیان کیں، وہ میرے اندر موجود ہیں تو میں خداوند عالم
سے ان کی مغفرت چاہتا ہوں۔

اور اگر تم نے ایسی باتیں کہی ہیں جو میرے اندر موجود نہیں ہیں — تو
خداوند عالم تمہیں معاف کر دے۔

یہ سن کر وہ شخص (بہت شرمندہ ہوا، اس نے) امام علیہ السلام کی پیشانی
کا بوسہ لیا اور کہنے لگا:

بیشک میں نے ایسی باتیں کہی تھیں جن کا آپ سے کوئی تعلق نہیں ہے، اور ان
(نازیبا) باتوں کا میں ہی زیادہ حقدار ہوں۔

(ملاحظہ فرمایئے ارشاد شیخ مفید صفحہ ۲۵۷)

(۶)

اسی مذکورہ بالا آیت کے ذیل میں یہ واقعہ بھی قابلِ ذکر ہے جسے عبید اللہ بن محمد
نے بیان کیا ہے، اور انہوں نے عبد الرزاق سے سنا تھا،

وہ کہتے ہیں کہ:

ایک روز (میں امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کے گھر
حاضر ہوا تو آپ کے خدمت گاروں میں سے ایک) آپ کے ہاتھوں
پر پانی ڈال رہا تھا۔

اچانک اُس خدمت گار کے ہاتھوں سے وہ لوٹا چھوٹ کر امامؑ کے
جسمِ مبارک پر گر گیا (جس سے آپ کو چوٹ لگی)

آپ نے نظر اٹھا کر اُس کی طرف دیکھا تو اس نے قرآن مجید کی اس آیت
کی تلاوت کی:

وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ (اور غصہ کو پی جانے والے حضرات)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سُن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: میں نے اپنا غصہ پی لیا۔
اُس نے آیت کا اگلا حصّہ پڑھا:
وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ (اور لوگوں کو معاف کر دینے والے حضرات)
امامؑ نے فرمایا: (میں نے معاف کیا، خدا بھی تجھے معاف کرے)۔
اُس نے آیت کا آخری حصّہ پڑھا۔
وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ (اور اللہ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے)
یہ سُن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:
جاؤ: میں نے خدا کی راہ میں تمہیں آزاد کیا۔

(جلاء العیون [illegible])

شہادت

جلاء العیونؑ کی روایت ہے:
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ:
جب حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی رحلت کی شب آئی تو آپ نے
(امام محمد باقر علیہ السلام سے) فرمایا:
اے نورِ نظر —— یہی وہ شب ہے جس کے بارے میں مجھ سے وعدہ کیا
جا چکا ہے کہ دنیا سے رختِ سفر باندھوں گا۔

([illegible])

٭

علی بن ابراہیم نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:
حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنی رحلت سے قبل، قرآن مجید کی
اس آیت کی تلاوت فرمائی:
الحمد للہ الذی صدقنا وعدہ و اورثنا الارض
نتبوا من الجنۃ حیث نشاء، فنعم اجر العاملین۔
(تمام تعریفیں، خداوندِ عالم کے لئے ہیں۔
جس نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا اُسے سچ کر دکھایا۔
ہمیں زمین کا وارث بنایا۔
ہم جنت میں جہاں چاہیں رہیں گے)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

اور نیک عمل کرنے والوں کے لئے کتنا اچھا اجر (و ثواب) ہے۔

(سورۂ مبارکہ آل عمران: آیہ ۱۳۶)

٭

جناب ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینیؒ نے بھی اس روایت کا ذکر کیا ہے، البتہ اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ:

امام علیہ السلام نے "سورۂ واقعہ" اور سورۂ مبارکہ "الفتح" کی تلاوت کے بعد، مذکورہ بالا آیت کی تلاوت فرمائی۔

(ملاحظہ فرمایئے "کافی" جلد [illegible])

٭

اور جناب شیخ کلینی علیہ الرحمہ نے معتبر اسناد کے ساتھ حضرت امام جعفر صادقؑ سے یہ روایت بھی نقل کی ہے کہ:

وفات کے وقت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی عمر مبارک "۵۷" سال تھی۔ سنہ ہجری میں آپ نے رحلت فرمائی۔

٭

اور محمد جریر طبری کی روایت کے مطابق حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

"جب میرے پدر بزرگوار کی وفات کی شب آئی تو مجھ سے وضو کے لئے پانی منگوایا، وضو کیا، نماز پڑھی اور اسی شب اس دارِ فانی سے عالمِ جاودانی کی طرف رحلت فرما گئے۔"

(ملاحظہ فرمائیں: "مدینۃ المعاجز" ۲۲/۲۹۹)

٭

امام علیہ السلام کو غسل دینے کے بعد، نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں مدینہ منورہ کے ہزاروں افراد نے شرکت کی سارے شہر میں آپ کی رحلت کا سوگ منایا گیا اور آپ کو جنت البقیع میں آپ کے عم محترم حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

وَرِضًا بِقَضَائِهِ وَتَسْلِيمًا لِأَمْرِهِ

٭

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے حضرت امام زین العابدینؑ کی رحلت سے متعلق امور بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"جب آپ کی شب وفات آن پہنچی تو آپ نے اپنے فرزند ارجمند سے چند امور کی وصیت فرمائی تھی، اُن میں ایک ہدایت اپنی اُس اونٹنی کے بارے میں بھی تھی جس پر امام علیہ السلام نے بائیس حج کئے تھے۔

چنانچہ آپ نے اُس اونٹنی کے بارے میں اُس شب یہ ہدایت بھی فرمائی تھی کہ: اُس کی مہار باندھ دینا" اور اُسے چارہ فراہم کر دینا۔

چنانچہ آپ کی ہدایت کے مطابق اُسے چارہ بھی فراہم کر دی گئی اور اس کی مہار بھی باندھ دی گئی تھی۔

لیکن امام علیہ السلام کی تدفین کے بعد دیکھا گیا کہ وہ اونٹنی اُس جگہ سے کھل کر جنت البقیع پہنچی اور امام علیہ السلام کی قبر مبارک کو اپنے سینے سے لگا لیا [illegible] میں نالہ و فریاد کر رہی ہے اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔

جب اس واقعہ کی خبر امام محمد باقر علیہ السلام کو دی گئی — تو امام بیت الشرف سے جنت البقیع تشریف لائے — اور اس اونٹنی کو مخاطب کر کے فرمایا:

"خاموش ہو جا — اور گھر کی طرف واپس چل..."

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سن کر وہ اونٹنی اپنی جگہ سے اٹھی اور گھر واپس چلی گئی۔

لیکن تھوڑے ہی عرصے کے بعد، وہ پھر گھر سے نکل کر دوبارہ امام زین العابدینؑ کی قبر مبارک کے پاس جا کر پریشانی کے ساتھ نالہ و فریاد کرنے لگی۔ لوگوں نے دیکھا کہ اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔

لیکن بار بار لوگوں نے یہ ماجرا حضرت امام محمد باقرؑ سے بیان کیا —— تو آپؑ نے ارشاد فرمایا کہ:

"چھوڑ دو —— وہ اس قبر کے پاس رہنے کے لئے بہت بے تاب ہے۔"

اس واقعہ کے تین روز بعد وہ اونٹنی دنیا سے رخصت ہو گئی۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے، جلاء العیون صفحہ ...)

بصائر الدرجات ... منتہی الآمال ... (۱۰۰۲)

و

اس روایت سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام نے اپنی رحلت سے قبل جہاں انسانوں کے بارے میں ہدایات جاری فرمائیں وہاں آپ نے حیوانات کے ساتھ حسن سلوک کی بھی تاکید فرمائی۔

اور اونٹنی کے طرز عمل سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ امام وقت کی رحلت و شہادت کا غم نہ صرف انسان کے ساتھ ساتھ دیگر مخلوقات بھی مناتے ہیں۔

اولادِ امجاد

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی متعدد اولاد کا تذکرہ، مورخین کی نگارشات میں ملتا ہے۔

ابو جعفر حضرت محمد باقر علیہ السلام (امام پنجم)

جناب زید شہید

جناب عبداللہ، جناب حسن، جناب حسین۔

جناب حسین اصغر، جناب سلیمان، جناب علی۔

جناب محمد اصغر

خدیجہ، فاطمہ، علیہ اور اُم کلثوم۔

○

آپ کی اولاد میں حضرت امام باقر علیہ السلام کے بعد سب سے زیادہ معروف اور باعظمت شخصیت جناب زید کی ہے۔

آپ کے فضائل و مناقب بہت زیادہ بیان کئے گئے ہیں، آپ کو حلیف القرآن (قرآن کے ساتھی) بھی کہا گیا ہے۔

سنہ ہجری میں آپ کی ولادت ہوئی اور بیالیس سال کی عمر میں ۱۲۲ھ میں بنی اُمیہ کی لڑائی نے آپ کو شہید کر دیا۔

جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ،

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے بعد امام چہارم کی اولاد میں جناب زید شہید کا مرتبہ بہت بلند ہے۔

آپ عابد، پرہیزگار، فقیہ، سخی اور بہادر تھے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضے ——— اور انتقام خونِ حسینؑ کے ارادے سے تلوار اٹھائی۔

اور اسی راہ میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

آپ کے بارے میں ابوالجارود اور ابن المنذر کا قول ہے کہ:

ہم مدینہ آئے تو ہم نے جس شخص سے بھی جناب زیدؑ کے بارے میں پوچھا، اس نے یہی کہا کہ وہ حلیف قرآن کہا جاتا تھا، ہر وقت تلاوت کلام پاک میں مصروف رہتے تھے۔

(منتہی الآمال، صفحہ ۱۰۹)

امام زین العابدینؑ کے حکیمانہ ارشادات

علماء اور محققین نے اپنی تالیفات و نگارشات میں امام چہارم حضرت زین العابدین علیہ السلام کے بکثرت اقوال، معتبر اسناد کے ساتھ ذکر کیے ہیں۔

ہم اختصار کو مدِنظر رکھتے ہوئے، ان میں سے چند اقوال کو ترجمہ کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں:

①

خیر مفاتیح الامور الصدق وخیر خواتیمها الوفاء

(معاملات کی بہترین کنجی سچائی ہے، اور ان کا سب سے اچھا انجام وفاداری ہے)

(بحار الانوار جلد نمبر ۷۸، صفحہ ۱۶۱)

②

.. اصبر على النوائب ولا تتعرض للحقوق ، و

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لا تجب اخاك الى الامر الذى مضرته عليك
اكثر من منفعته له.

(زمانہ کے مصائب و آلام پر صبر کرو۔
لوگوں کے حقوق کے درپے نہ ہو۔
اپنے بھائی کے ایسے معاملے میں دعوت قبول نہ کرو جس میں ...
نفع تھوڑا ہو، اور ... نقصان زیادہ)

(حلیۃ الاولیاء جلد ۸ صفحہ ۲۰)

۳

ہلک من لیس له حکیم یرشدہ ...
(ہلاکت ہے اُس شخص کے لئے،
جس کے پاس کوئی ایسا دانشمند نہ ہو جو اُس کی رہنمائی
کرنے والا ہو)

(منتہی الآمال جلد ۲ صفحہ ۲ طبع بمبئی)

۴

... لا تصحبن فاسقا فانه یبیعك باکلة
فما دونها۔
(کسی فاسق و فاجر کے ساتھی ہرگز نہ بنو، کیونکہ وہ تمہیں
ایک (وقت کے) کھانے یا اس سے کمتر چیز پر بھی، فروخت کر دے گا)
(" " " صفحہ ۱۸)

۵

عجبت لمن یحتمی من الطعام لمضرته، کیف
لا یحتمی من الذنب لمعرته

(تعجب ہے اُس شخص پر جو اُس کھانے سے تو پرہیز
کرتا ہے جو اُسے نقصان پہنچائے۔
(یہی شخص) اُس گناہ سے کیسے پرہیز نہیں کرتا جو اُسے
(پیش پروردگار) شرمندہ کرنے والا ہے)۔؟

(بحار الانوار جلد ۷۵ صفحہ ۳۱۵)

نوٹ

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا یہ ارشاد گرامی بہت مشابہ ہے
آپ کے جد نامدار، امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب کے اُس ارشاد گرامی
سے جس میں آپ نے فرمایا ہے کہ:
مالی اری الناس، ان قرب الیہم الطعام لیلا
تکلفوا انارة المصابیح لیبصروا ما یدخلون فی بطونهم
ولا یهتمون بغذاء النفس بان ینیروا مصابیح البابهم
بالعلم لیسلموا من لواحق الجهالة والذنوب فی
اعتقاداتهم واعمالهم۔
(کیا وجہ ہے، میں لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ:
اگر رات کے وقت کھانا اُن کے پاس لایا جائے تو یہ زحمت
کرتے ہیں کہ چراغ روشن کریں، تاکہ یہ دیکھ لیں کہ اپنے شکم کے اندر
کیا چیز داخل کر رہے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیکن یہ لوگ نفس کی غذا کے بارے میں) فکر نہیں کرتے، کہ اپنی عقلوں کے چراغ کو علم کے ذریعہ سے منور کر لیتے ——— تکہ اپنے عقائد ——— اور اعمال میں، اُن گناہوں سے محفوظ رہتے، جو جہالت کی وجہ سے پیش آتے ہیں)

(ملاحظہ فرمایئے؛
منتہی الآمال، شیخ عباس قمی جلد ۱ صفحہ ۱۷)

(۶)

اصحابی ——— اخوانی؛
علیکم بدار الآخرۃ ——— ولا اوصیکم بدار الدنیا،
فانکم علیہا وبہا متمسکون۔
اما بلغکم ما قال عیسی بن مریم للحواریین
قال لہم؛
قنطرۃ فاعبروہا ولا تعمروہا
وقال؛
ایکم یبنی علی موج البحر دارا ——— ؟
تلکم الدار الدنیا، ولا تتخذوہا قرارا۔
(میرے ساتھیو، میرے بھائیو:
آخرت کے گھر کا اپنا خیال رکھو اُسے سنوارنے، اور بہتر بنانے کی کوشش کرو)
(اس) دنیا کے گھر کے بارے میں، میں تمہیں کوئی نصیحت نہیں کر رہا ہوں، کیونکہ اس پر تو تم موجود ہی ہو، اور اس کے دامن سے (اچھی طرح) وابستہ ہو۔

کیا تم لوگوں تک وہ بات نہیں پہونچی، جو جناب مریمؑ کے فرزند حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) نے حواریوں سے فرمائی تھی؟
اُن کا ارشاد تھا:
(یہ دنیا) ایک پل ہے اسے عبور کر جاؤ (اس پر عمارت) تعمیر نہ کرنا۔
اور (یہ بھی) فرمایا تھا:
تم لوگوں میں، کون ایسا ہو سکتا ہے جو دریا کی موجوں پہ گھر بنائے!
یہ ہے (اس) دنیا کے گھر (کی حیثیت) !
لہٰذا، تم اسے قرارگاہ (اور دائمی سکونت گاہ) بنانے کی (کوشش) نہ کرنا)

(منتہی الآمال، شیخ عباس قمی، جلد ۲ صفحہ ۲۱)

(۷)

مسکین ابن آدم ——— لہ فی کل یوم ثلاث مصائب؛
لا یعتبر بواحدۃ منہن۔
(بیچارہ، اولاد آدم ———!
اسے روزانہ تین مصیبتوں کا سامنا (کرنا پڑتا) ہے، لیکن یہ ان میں سے کسی ایک سے نصیحت حاصل نہیں کرتا:
(۱)۔ روزانہ اُس کی عمر کا ایک حصہ کم ہو رہا ہے، مگر اسے اس کی فکر ہی نہیں ہے۔
حالانکہ اگر اس کے مال میں سے ایک درہم بھی کم ہو جائے تو غمزدہ ہو جاتا ہے ——— جبکہ مال ایسی چیز ہے کہ ایک (درہم) چلا جائے تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے بدلے میں دو درہم آسکتے ہیں۔
لیکن عمر کا جو حصّہ گذر گیا، وہ کبھی واپس آنے
والا نہیں ہے۔

(۲) :- روزی کی اُسے پوری فکر رہتی ہے۔
جبکہ اگر حلال ذریعے سے حاصل ہو تو اس میں بھی حساب ہے، اور اگر
(خدانخواستہ) حرام طریقے سے حاصل کرے تو (سزا سر)
عذاب ہے۔
پھر بھی روزی کی فکر میں ہی غرق رہتا ہے۔

(۳) :- یہ بات زیادہ سخت ہے!
لوگوں نے دریافت کیا :- وہ کیا ہے؟
فرمایا کہ :- جب بھی دن گذرا، اور رات آئی اس شخص کا قدم
آخرت سے نزدیک ہو گیا۔
مگر معلوم نہیں کہ آخرت میں یہ بہشت کی نعمتوں سے مالا مال ہوگا
یا دوزخ کی آگ کا مزا چکھے گا)!

(۵)

امام علیہ السلام کے اسی فرمانِ مقدس سے استفادہ کرتے ہوئے ابن حیاش
نے کہا ہے:

مسکین محب الدنیا،
یسقط منہ درہم فیظل نہارہ یقول،
انا لله وانا الیہ راجعون
وینقص عمرہ و دینہ ولا یحزن علیہما۔

دنیا سے محبت کرنے والے شخص کی حالت بہت قابلِ رحم ہے!
اس کا ایک درہم کہیں گر جائے، تو سارا دن اسی کی فکر میں رہتا ہے:
بار بار کہتا ہے؛
انا لله وانا الیہ راجعون
اور اس کی عمر (روز بروز) کم ہو رہی ہے (اس پر اسے کوئی افسوس نہیں ہوتا)
یہاں تک کہ اگر اس کے دین و مذہب میں کسی قسم کا نقص پیدا ہو جائے
تب بھی غمزدہ نہیں ہوتا۔
(منتہی الآمال جلد ۲ صفحہ ۳)

(۵)

⑧

ان من سعادۃ المرء ان یکون متجرہ فی بلدہ ویکون
خلطاءہ صالحین، ویکون لہ ولد یستعین بہم۔

(انسان کی سعادت (کے ابواب) میں سے) یہ بھی ہے کہ!
اس کے کاروبار کی جگہ، اس کے شہر کے اندر ہی ہو
اس کے ملنے جلنے والے نیک اور صالح افراد ہوں۔
اور اس کی اولاد ایسی ہو جن سے وہ مدد حاصل کر سکے۔
(خصال شیخ صدوق صفحہ ۱)

(۵)

⑨

..حتام الی الحیوۃ سکونک، والی الدنیا و عمارتہا رکونک
اما اعتبرت بمن مضیٰ من اسلافک ومن وارتہ الارض

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

من الافك، ومن فجعت به اخوانك، ونقلت الى دار البلى من اقرانك.

کب تک (اس) زندگی کی طرف (ہی تمہارے لئے محل قرار و) سکون رہے گا" اور دنیا اور اس کی آبادکاری کی طرف ہی تم مائل رہو گے؟

کیا تمہیں کوئی عبرت حاصل نہیں ہوئی، اپنے اُن بزرگان سے جو یہاں سے گذر گئے —— ؟

اپنے دوستوں سے، جنہیں زمین نے (اپنی آغوش میں) چھپا ؟

اور اپنے جن بھائیوں کے غم سے تمہیں دوچار ہونا پڑا —— ؟

اور تمہارے جو ساتھی... منتقل ہو گئے —— ؟

(منتہی الآمال جلد ۱ صفحہ [illegible])

۱۰

این من شق الانهار، وغرس الاشجار، وعمر الديار.

الم تمح منهم الآثار، وتحل بهم دار البوار.

فاخش الجوار —— وذلك اليوم بالقوم اعتبار

فانما الدنيا متاع والآخرة دار القرار.

(کہاں ہیں، وہ لوگ، جنہوں نے:

نہریں کھودیں ——

درخت لگائے ——

اور گھروں کو آباد کیا —— ؟

کیا —— اُن کے نشانات مٹ نہیں گئے —— ؟

اور وہ لوگ (آخرت کے) مصائب و آلام والے گھر میں نہیں پہونچ گئے —— ؟

لہٰذا تم بھی ڈرو —— (کہ اگر) پڑوسی (چلا گیا)، تو مجھے بھی جانا ہے)

آج تمہارے لئے (مہلت ہے کہ گذر جانے والے) لوگوں سے عبرت حاصل کرو۔

(یاد رکھو) —— دنیا کی زندگی، ایک مختصر سی) پونجی ہے،

اور آخرت (دائمی) قیام گاہ ہے۔

(منتہی الآمال جلد ۲ صفحہ [illegible])

۱۱

ان المراتب الرفيعة لا تنال الا بالتسليم لله جل ثناؤه، وترك الاقتراح عليه، والرضا بما يدبرهم به.

(بلند مراتب (اُس وقت تک) حاصل نہیں کئے جا سکتے جب تک

(۱) خداوند عالم کے (فیصلے) کے آگے سرِ تسلیم خم نہ کر دیا جائے۔

(۲) اس کے لئے تجویز پیش کرنا ترک نہ کیا جائے —— (کہ خدا ایسا کر دیتا تو بہتر تھا —— یا ایسا نہ کرتا تو اچھا تھا)

(۳) اور جس انداز سے وہ ان کی تدبیر کرے، اُس پر راضی ہو جائے۔

(امالی شیخ صدوق [illegible])

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۲

ان العبد لا تقبل من صلاته الا ما اقبل عليه منها بقلبه

(بندے کی نماز میں سے صرف وہی حصہ (پیشِ پروردگار) قبول کیا جائے گا جس (حصے) کی طرف اس کا دل (پوری طرح) مائل رہا ہو۔)

(خصال شیخ صدوق

جلد ۲، صفحہ ۱۳)

۱۳

...خلق اللہ الجنة لمن اطاعه و احسن، ولو كان عبدا حبشيا، وخلق النار لمن عصاه ولو كان ولدا قرشيا۔

(خداوند عالم نے جنت اس کے لئے پیدا کی ہے جو (خدا) کی اطاعت کرے، اور اچھا عمل انجام دے۔ چاہے وہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو) اور جہنم اس کے لئے پیدا کی ہے جو اس کی نافرمانی کرے چاہے اولادِ قریش ہی میں سے کیوں نہ ہو۔

(مناقب:

[illegible])

۱۳

.... ایاك و ظلم من لا يجد عليك ناصرا الا الله۔

(خبردار ــــ کسی ایسے شخص پر ظلم نہ کرنا، جس کے پاس (اپنے دفاع کے لئے) خداوندِ عالم کے علاوہ کوئی بھی ناصر (اور مددگار) موجود نہ ہو)

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

کافی جلد ۲ صفحہ ۳۳۱)

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحیفۂ سجادیہ

عالمِ اسلام اپنے تین علمی ذخیروں پر جتنا فخر کرے کم ہے:

(۱) "قرآنِ مجید" خداوندِ عالم کی نازل کردہ آخری کتاب جو خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا ابدی و سرمدی معجزہ ہے۔

(۲) "نہج البلاغہ" امیر المومنین حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام کے خطبات، مراسلات اور حکیمانہ کلمات کا وہ عالیشان مجموعہ، جو فصاحت و بلاغت میں بے مثال ہے۔

(۳) "صحیفۂ سجادیہ" — امام چہارم سید الساجدین حضرت زین العابدینؑ کی دعاؤں کا وہ مجموعہ جس کے بارے میں صاحبانِ علم و دانش نے بجا طور پر یہ تحریر فرمایا ہے کہ:

"صحیفۂ کاملہ — اسلام کے ابتدائی دورِ تدوین و تالیف کی ایک الہامی تصنیف ہے جو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی دعاؤں اور مناجاتوں پر مشتمل ہے — اس کی عظمت و اہمیت اور اعتماد و وثوق کے لئے اتنی ہی کافی ہے کہ:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے خود اس کی ترتیب و تدوین کا اہتمام فرمایا ہے اور اپنے دونوں صاحبزادوں، حضرت امام محمد باقر علیہ السلام اور جناب زید شہید رحمۃ اللہ سے، جبکہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بھی اس موقع پر موجود تھے، اسے قلمبند کرایا، تاکہ اس کے ضبط و حفظ کا سامان مکمل ہو جائے اور

اس کے ذریعہ تعلیم و ہدایت کا سلسلہ جاری رہے۔

چنانچہ امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنا تحریر کردہ صحیفہ امام جعفر صادقؑ کے سپرد فرمایا، اور آپ نے وہ دعائیں... ابنِ بلدان کو لکھوا دیں۔

اور جناب زیدؒ کا نسخہ اُن کے فرزند یحییٰ کی طرف منتقل ہوا، اور اُن سے محمد ابن عبداللہ بن حسن مثنیٰ اور اُن کے بھائی ابراہیم کے ہاتھوں میں پہنچا۔

اور اس طرح حفظ و سماعت اور نقل و کتابت کے ذریعہ سے منتقل ہوتا ہوا دنیائے اسلام میں پھیل گیا، اور ہر دور میں قبولیت عامہ نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور پرستارانِ حقیقت و حلقہ بگوشانِ امامت نے اسے آویزۂ گوشِ عقیدت بنایا — اور قرآن مجید کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کا ورد بھی اپنے معمولات میں سے قرار دے لیا۔

اور چھٹی صدی ہجری کے نصف اوّل میں اسے "زبورِ آلِ محمدؐ" اور "انجیلِ اہلبیتؑ" کے ناموں سے یاد کیا جانے لگا۔

یہ نام اس لحاظ سے تجویز کئے گئے کہ اس کے حکیمانہ ارشادات و بصائر، موثر ادعیہ و اوراد اور دلنشین حکم و نصائح آسمانی صحیفوں کے اسلوب کے آئینہ دار اور ان کی تعلیمی روح کے حامل ہیں۔

چنانچہ صاحب ریاض السالکین نے بعض اہلِ عرفان کا یہ قول نقل کیا ہے کہ:

انھا تجری مجری التنزیلات السماویۃ وتسیر مسیر الصحف اللوحیۃ والعرشیۃ۔

(صحیفۂ کاملہ آسمانی کتابوں کے اسلوب اور عرش و لوح کے صحیفوں کی روش کا مکمل نمونہ ہے)

اور دوسرے یہ کہ اس صحیفہ کی نسبت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی طرف ہر طرح کے شک و شبہ سے بالاتر ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چنانچہ اس موضوع پر بعد میں جتنی کتابیں تالیف ہوئیں ان کے مؤلفین اپنے مجموعوں میں "دعاء علی بن الحسین" کے عنوان سے اس مجموعہ کی دعاؤں کو نقل کرتے رہے اور ان میں سے کسی ایک نے بھی اس کی صحت نسبت کے متعلق کسی خدشے کا اظہار نہیں کیا۔ اور بغیر کسی پس و پیش کے اسے کلام امام تسلیم کیا ہے۔"

(۵)

عہد حاضر میں دنیائے اسلام کی جن ممتاز علمی شخصیتوں نے اس کتاب کی اہمیت کا اظہار کیا ہے ان میں مصر کے نہایت جلیل القدر عالم اور دانشور استاد طنطاوی جوہری نے ایک مضمون میں جس کا عنوان ہے:

"ادعیة علی زین العابدین وما ذا یستفید منها المسلمون"

(حضرت امام زین العابدینؑ کی دعائیں اور ان سے مسلمانوں کو جو فوائد حاصل ہو سکتے ہیں)

اس مضمون میں انہوں نے لکھا ہے کہ:

"جامع الازہر" کے ایک نوجوان طالب علم نے مجھے ایک کتاب بھیجی جس میں کچھ دعائیں کچھ مناجاتیں حضرت علی زین العابدین (علیہ السلام) کی ہیں۔

میں نے اس کتاب کو غور سے دیکھا اور اس کے مندرجات پر گہری نظر ڈالی تو مجھ پر ایک عجیب طاری ہو گئی اور ان دعاؤں کی عظمت میرے دل میں جاگزیں ہو گئی اور میں نے کہا کہ:

یہ عجیب بات ہے کیونکہ مسلمان اب تک اس ذخیرہ سے ناواقف رہے اور کس طرح وہ صدیوں۔۔۔ خواب غفلت میں مبتلا رہے اور انہیں احساس نہ ہوا کہ اتنا بڑا علمی ذخیرہ خدا نے ان کے لئے مہیا کر رکھا ہے۔ اگر وہ ان خزانوں کو کھولیں اور ان کے اسرار و رموز پر مطلع ہوں تو سمجھیں کہ ترقی اور

شیعہ فرقے خواہ عوام کے لئے افتراق باہمی میں مبتلا ہیں اور باہمی عداوت کے نشہ میں سرشار ہیں۔[1]

اس کتاب میں دو قسم کی دعائیں ہیں:

ایک سلبی — یعنی بری باتوں سے دور رہنے کی تعلیم۔

دوسرے اثباتی — یعنی اچھی باتوں سے متصف ہونے کی تلقین۔

جیسا کہ انسانی افراد کے کمالات بھی دو ہی صورتوں پر منقسم ہیں:

(۱) — تخلی عن الرذائل (بری باتوں سے علاحدگی)

(۲) — تحلی بالفضائل (اچھے اوصاف سے آراستگی)

اور اس کے ساتھ بلند مرتبہ علوم و معارف کی تحصیل جس سے نفس ناطقہ انسانی کی تکمیل ہو۔

دو مختصر لفظوں میں یہ کہنا چاہیے کہ:

یہ دعائیں ایک عجیب رموز و اشارات کی صورت قرار دی گئی ہیں۔

کیا یہ عجیب بات نہیں ہے؟

کیا اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ: یہ حضرات بہت سے اسرار و رموز اور علوم و معارف کی طرف اشارہ کر رہے تھے جن سے مسلمان بالکل غافل اور بے خبر ہو گئے ہیں۔

(یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ)

جن دعاؤں میں ندامت اور پشیمانی اور تضرع و زاری اور مصائب کا ذخیرہ عالم سے نجات اور بیماریوں سے شفا کا ذریعہ صحیفہ کاملہ کا ابتدائی حصہ ہیں۔

---

[1] اگر سب کے سب ہدایت پر مستحکم ہو جائیں قرآن کے باہمی اتفاق کی مٹ جائیں اور علم و فضل کی تعلیم و تشریح مفسروں سے بھی حاصل ہوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور جن دعاؤں میں خدا کے عظمت و جلالت کا اظہار ہے اور اس کی صنعت و عجائب قدرت کا تذکرہ ہے وہ زیادہ تر کتاب کے آخر میں ہیں۔

(۱۰)

اور جامعہ مصریہ کے پروفیسر استاد محمد کامل حسین جو "الادب فی مصر الاسلامیہ" جیسی کتاب کے مصنف ہیں (صحیفہ کاملہ کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں کہ) :

"میرے سامنے ایک کتاب ہے جو حجم کے لحاظ سے تو چھوٹی ہے مگر قدر و قیمت میں بہت بڑی ہے۔

یہ سیدنا امام زین العابدینؑ کی بعض دعاؤں کا مجموعہ ہے۔

مجھے آرزو تھی کہ میں ان دعاؤں کی نسبت لکھتا اور بتلاتا کہ ان میں کتنی روشن دلیلیں موجود ہیں اس بات کی کہ زین العابدین (علیہ السلام) مثل دوسرے (ائمہ) طاہرین کے، بالکل رسول اللہ کی تعلیمی روح کے حامل، اور عبادت و پرہیزگاری میں آپ کے تابع تھے۔

مگر مجھے وہ الفاظ کہاں مل سکتے ہیں جو میرے تاثرات کو ظاہر کریں، اس وقت جب میں ان معجزنما کلمات کو پڑھتا ہوں جن کی تشریح میں زبان عاجز ہو کر ٹھہر جاتی اور عقل حیران ہو جاتی ہے اور قلم لرزہ براندام ہو کر رک جاتا ہے۔

لہٰذا اس موقع پر میں صرف اپنے عجز اور کوتاہ بیانی کا اعتراف ہی کر لینا اچھا سمجھتا ہوں بہ نسبت اس کے کہ میں قلم اٹھاؤں اور پھر موضوع کے حق کو ادا نہ کر سکوں۔

کیونکہ میرا تاثر اور قلبی احساس حضرت سجادؑ کی دعاؤں کے پڑھنے کے موقع پر میری طاقت اظہار سے بالاتر ہے۔

(حضرت امام زین العابدینؑ کی) دعائیں ایک پاکیزہ اور صاف نفس سے برآمد ہوئی ہیں اور وہ امام کا نفس ہے اور مخاطب بھی ایک پاک اور صاف نفس ہے اور معلم ...

...رک کی بات ہے [illegible]

[illegible]

کلیہ شریعت اسلامیہ کے استاد ... نے لکھا ہے کہ

دیکھنا اس ... اور ... سے ...

... اسلام و ملل کے ... کا ... ہے ...

... ہے ... و مہدی ... آپ ... تک ... یہ دنیا

[illegible]

کتنا ... ہے آپ کا ... امام ... اور کتنا ... ہے آپ کا قلب اور کتنا روشن ہے آپ کا ضمیر اور کتنی طاہر ہے آپ کی نیت، اور کتنا ... ہے آپ کا نظریہ اور کتنا مبارک ہے آپ کا نقطہ نگاہ۔

... درحقیقت وہ رسولؐ کے لباس میں تمام اقوام اور نسلوں کو مخاطب کر رہے تھے۔

امام زین العابدین (علیہ السلام) جو پہلی صدی ہجری میں پیدا ہوئے ہیں حریت اور ... و استقلال کی آواز بلند کر رہے ہیں تاکہ بعد والے (یعنی بعد میں) تمام لوگ سنیں اور مادیت و طبیعیات کی زنجیروں کو توڑ پھینکیں۔

(صحیفۂ کاملہ مطبوعہ ... مقدمہ ص ۶۳-۶۴)

(۱۱)

علامہ مفتی جعفر حسین صاحب اعلیٰ اللہ مقامہ نے مقدمہ صحیفۂ کاملہ میں بجا طور پر تحریر فرمایا ہے :

"صحیفہ کی دعاؤں نے جہاں دعا کی حقیقت و اہمیت سے دنیا کو آشنا کیا وہاں دعا کا طریقہ بھی تلقین کیا ہے کہ طلب و سوال کے موقع پر کیا انداز اختیار کرنا چاہیے اور کس ڈھنگ اور کس اسلوب سے دعا مانگنا چاہیے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مثلاً بیمار ہو تو طلب شفا کے لئے کس طرح دُعا مانگے۔
قرض سے سبکدوشی کے لئے کس طرح التجا کرے۔
قصد و حاجت کے سلسلہ میں کیا اسلوب اختیار کرے۔
توبہ و استغفار کے لئے اُس کے سامنے کس طرح گڑگڑائے۔
مصائب و آلام سے رہائی کے لئے کس طرح اسے پکارے) (مقدمہ صحیفہ)

اور برادران اہلسنت کے معتبر عالم دین سبط ابن جوزی نے لکھا ہے کہ:

ان علی بن الحسین زین العابدین له حق التعلیم فی الاملاء والانشاء وکیفیة المکالمة والمخاطبة وعرض الحوائج الی الله تعالی فانه لولاه لم یعلم المسلمون کیف یتکلمون و یتضرعون سبحانه فی حوائجهم فان هذا الامام علمهم انه متی ما استغفرت فقل کذا، ومتی استسقیت فقل کذا، ومتی ما خفت من عدو فقل کذا۔

(حضرت زین العابدین علی بن الحسین علیہ السلام) انشاء و تحریر اور اللہ تعالیٰ سے تکلم اور خطاب اور اُس کے حضور عرض حاجات کے سلسلہ میں (تمام) مسلمانوں پر حق تعلیم و استادی رکھتے ہیں۔

اس لئے کہ اگر حضرت (نے نہ بتایا) نہ ہوتا تو مسلمان یہ نہ جان سکتے کہ وہ اللہ سبحانہ (و تعالیٰ) سے کس طرح خطاب کریں اور کس طرح اُس سے اپنی حاجتیں طلب کریں۔

اور حضرت (امام زین العابدین علیہ السلام) ہی نے مسلمانوں کو سکھایا ہے کہ:
اگر توبہ کرنا ہو تو یہ کہو۔

اور اگر طلب باران کرنا ہو تو یہ کہو۔
اور دشمن کا خطرہ ہو تو اس طرح مدعا پیش کرو۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے
مقدمہ صحیفہ سجادیہ از آقائے شہاب الدین مرعشی)

اس بابرکت صحیفہ میں جسے بجا طور پر زبور آل محمد کہا جاتا ہے متعدد عناوین پر انتہائی فصیح و بلیغ دعائیں ہیں۔

اور طبری کی روایت میں دعاؤں کی فہرست کا اس طرح ذکر ہے:

(۱) — خداوند عالم کی حمد و ستائش۔
(۲) — رسول اکرمؐ پر درود و سلام۔
(۳) — حاملان عرش اور مقرب فرشتوں پر سلام۔
(۴) — انبیاء پر ایمان لانے والوں کے حق میں دُعا۔
(۵) — اپنے اور اپنے خاص دوستوں کے لئے دُعا۔
(۶) — صبح و شام کے وقت کی دُعا۔
(۷) — مشکلات کے وقت پڑھنے کی دُعا۔
(۸) — پناہ طلبی کے لئے دُعا۔
(۹) — اشتیاق (الہیٰ) کی دعا۔
(۱۰) — توسل الی اللہ کے موقع کی دعا۔
(۱۱) — انجام بخیر ہونے کی دُعا۔
(۱۲) — اعتراف گناہ (اور طلب توبہ) کے سلسلہ میں دُعا۔
(۱۳) — طلب حاجات کے سلسلہ میں دُعا۔
(۱۴) — داد خواہی کی بابت دعا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۵) — مرض کے دفعیہ کی دعا۔
(۱۶) — عذر و عجز تقصیر کے سلسلہ میں دعا۔
(۱۷) — شر شیطان کے دفعیہ کی دعا۔
(۱۸) — [illegible] کے لئے دعا۔
(۱۹) — طلب باران کی دعا
(۲۰) — پاکیزہ اخلاق سے آراستگی کی دعا۔
(۲۱) — رنج و اندوہ کے موقع کی دعا
(۲۲) — شدت اور سختی کے وقت کی دعا۔
(۲۳) — طلب عافیت کی دعا۔
(۲۴) — والدین کے حق میں دعا
(۲۵) — اولاد کے حق میں دعا
(۲۶) — دوستوں اور ہمسایوں کے حق میں دعا۔
(۲۷) — حدود مملکت کی حفاظت کرنے والوں کے لئے دعا
(۲۸) — خداوند عالم سے تضرع و زاری کے سلسلہ میں دعا
(۲۹) — تنگی رزق کے موقع پر پڑھنے کی دعا
(۳۰) — ادائیگی قرض کی دعا
(۳۱) — دعائے توبہ
(۳۲) — نماز شب کے موقع پر پڑھی جانے والی دعا۔
(۳۳) — دعائے استخارہ
(۳۴) — گناہوں سے بچنے کی دعا۔
(۳۵) — رضائے الٰہی پر خوش رہنے [illegible] کی دعا
(۳۶) — بجلی کے کوندنے اور رعد کے گرجنے کے وقت کی دعا
(۳۷) — شکر کے سلسلہ میں دعا۔
(۳۸) — عذر طلبی و معذرت کے سلسلہ میں دعا
(۳۹) — طلب عفو و رحمت کی دعا
(۴۰) — موت کو یاد کرنے کے وقت کی دعا
(۴۱) — دعائے ختم قرآن
(۴۲) — پردہ پوشی و حفاظت کی دعا
(۴۳) — دعائے رویت ہلال
(۴۴) — استقبال ماہ رمضان المبارک کی دعا۔
(۴۵) — وداع ماہ رمضان کی دعا۔
(۴۶) — عید فطر اور جمعہ کی دعا
(۴۷) — روز عرفہ کی دعا۔
(۴۸) — عید قربان اور جمعہ کی دعا۔
(۴۹) — دشمنوں کے مکر و فریب سے بچنے کی دعا
(۵۰) — خوف الٰہی کے سلسلہ میں دعا۔
(۵۱) — تضرع اور عاجزی کے سلسلہ میں دعا۔
(۵۲) — الحاح و زاری کے سلسلہ میں دعا۔
(۵۳) — عجز و فروتنی کے سلسلہ میں دعا۔
(۵۴) — رنج و اندوہ کے دور ہونے کی دعا۔

نوٹ:۔ دعاؤں کے مذکورہ بالا عنوانات جناب ابو عبد اللہ حسن کے الفاظ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور روایت کے مطابق ہیں۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ:

"ابن بلمدون جو صحیفہ کے اہم راویوں میں سے ہیں، اُن کا بیان ہے کہ:

"جب یحییٰ ابن زیدؒ شہید کر دیئے گئے تو میں مدینہ گیا، اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور یحییٰؒ کی شہادت و تمام واقعہ اُن سے بیان کیا۔

حضرت رونے لگے، اور یحییٰؒ کے تمام واقعات سُن کر بہت غمگین ہوئے اور فرمایا۔

"خدا رحمت نازل کرے میرے ابن عم پر، اور انھیں اُن کے آباؤ اجداد کے ساتھ رکھے۔"

(پھر پوچھا کہ) وہ صحیفہ کہاں ہے؟

میں نے کہا: یہ ہے!

آپ نے اُسے کھولا، اور فرمایا۔

"خدا کی قسم یہ میرے چچا زیدؒ کی تحریر ہے، اور میرے دادا حضرت علی بن الحسینؑ کی دعائیں ہیں۔

پھر آپ نے اپنے فرزند اسمٰعیل سے فرمایا کہ:

"جاؤ، وہ دعائیں لے آؤ جن کی حفاظت و نگہداشت کی میں نے تمہیں ہدایت کی تھی۔"

اسماعیل گئے اور ایک صحیفہ لائے، جو بالکل ویسا ہی تھا، جیسا یحییٰؒ بن زیدؒ نے مجھے دیا تھا۔

امام جعفر صادقؑ نے اس صحیفہ کو بوسہ دیا، اپنی آنکھوں سے لگا کر: یہ میرے والد بزرگوار کا خط ہے جسے میرے سامنے میرے دادا حضرت علی ابن الحسینؑ نے لکھوایا تھا۔"

(حوالہ سابق، صفحہ ۲، ۵۰۰)

مکمل، ممتاز

وظائفُ الابرار

ترجمہ:

مولانا سید فرمان علی اعلی اللہ مقامہ

ترتیب و پیشکش

علامہ السید جواد حیدر جوادی

فرزند

علامہ السید ذیشان حیدر جوادی اعلی اللہ مقامہ

عصمہ پبلیکیشنز

پی۔او باکس نمبر: 18168 کراچی 74700 پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بوتراب اسکاؤٹس گروپ

ہم شکرگذار ہیں خدائے بزرگ و برتر کے،

کہ اس ذاتِ واحد نے محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے میں

ہمیں مسلسل پچاس سال دیکھنے نصیب کئے

پاکستان کی پہلی اسکاؤٹ تنظیم ہے جسکو یہ اعزاز حاصل ہوا۔

بوتراب اسکاؤٹس گروپ

شعبۂ نشر و اشاعت

بوتراب امام بارگاہ ... فون نمبر: 6339707

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas